.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذان لا الہ الا اللہ

Daily SEHAR

روزنامہ سحر
لاہور

چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جلد: 19 | بدھ 14 اکتوبر 2026ء 1448ھ 2 جمادی الاول 29 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 260

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

وفاقی وزراء
دہشتگردی کیخلاف ایک ملک میں دو خارجہ پالیسیاں نہیں چل سکتیں

کے پی میں آئین کے تحت اقدامات کیے، صوبائی کابینہ میں اب کوئی دہشتگرد ہمدرد نہیں،، دہشتگردی کیخلاف ایک ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہوسکتی ہیں؟ نئی کابینہ میں دہشت گردی کے خلاف موثر بیانیہ تشکیل دینے کا عزم اور حوصلہ موجود ہے

اگر ایمرجنسی کا نفاذ سیاسی مقاصد کے لیے ہوتا تو یہ اقدام پہلے بھی کیا جاسکتا تھا، پختونخوا کی سابقہ حکومت کا دہشتگردی کے خلاف عدم تعاون اور کردار ریکارڈ پر ہے، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے تحت اقدامات کیے، صوبائی کابینہ میں اب کوئی دہشتگرد ہمدرد نہیں، دہشتگردی کیخلاف ایک ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہوسکتی ہیں؟ نئی کابینہ میں دہشت گردی کے خلاف موثر بیانیہ تشکیل دینے کا عزم اور حوصلہ موجود ہے، طالبان کے پیش کردہ اسلام کا حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں، سڑکوں پر لاکھوں افراد لانے اور گورنر ہاؤس کا گھیراؤ کا اعلان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

افغان سرزمین کا استعمال روکنے کی ذمہ داری طالبان پر عائد ہوتی ہے: وزارت اطلاعات

افغانستان سے دہشتگرد حملوں کی کارروائیاں افغان طالبان حکومت کی ناکامی ہیں، افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہوں کے خطرے کو چھپایا نہیں جاسکتا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت اطلاعات و نشریات نے افغان طالبان حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے ٹھوس شواہد کا جواب دے اور محض بیان بازی کے ذریعے توجہ ہٹانے کی کوشش نہ کرے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغانستان سے دہشتگرد حملوں کی کارروائیاں افغان طالبان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

وزیر خزانہ
آبادی میں تیز رفتار اضافہ صحت، تعلیم اور روزگار کیلئے بڑا چیلنج ہے

خواتین کی تعلیم اور روزگار میں شمولیت بڑھانا ضروری ہے۔ وزیراعظم کی سربراہی میں قومی آبادی کونسل قائم کی گئی ہے: محمد اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پاکستان میں آبادی میں تیز رفتار اضافہ صحت، تعلیم اور روزگار کیلئے بڑا چیلنج ہے، آبادی میں اضافے کو انسانی وسائل کی ترقی اور روزگار کے مواقع میں تبدیل کرنا ہوگا۔ عالمی بینک کے زیر اہتمام گول میز کانفرنس سے خطاب میں محمد اورنگزیب نے کہا کہ بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفے سے متعلق آگاہی بڑھانے کی ضرورت ہے، آبادی سے متعلق آگاہی کے لیے مذہبی رہنماؤں سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم کی کسانوں کو منصفانہ معاوضے اور صارفین کو سستی گندم فراہمی کی ہدایت، وفاقی حکومت زراعت کے فروغ اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے صوبوں کو ہر قسم کا تعاون فراہم کرے گی، شہباز شریف

وزیراعظم
گندم کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی

حکومت چاہتی ہے کہ کسانوں کو گندم کی صحیح قیمت ملے اور صارفین کو سستی گندم دستیاب ہو، اس مقصد کے لیے گندم کی قیمت کے حوالے سے فیصلہ صوبوں کی مشاورت سے کیا جائے گا اور مشاورت مکمل ہونے کے بعد جلد قیمت کا اعلان کیا جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کی کسانوں کو مناسب معاوضہ اور صارفین کو سستی گندم کی فراہمی کی ہدایت کی ہے۔ شہباز شریف کی زیر صدارت اسلام آباد میں قومی زرعی وغذائی تحفظ کونسل (این اے ایف ایس سی) کا پہلا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملکی زراعت، غذائی تحفظ، کسانوں کو درپیش مسائل، گندم کی قیمت کے تعین اور زرعی و لائیو سٹاک کی برآمدات میں اضافے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور اس شعبے میں ترقی پاکستان کی معیشت کو قلیل مدت میں ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ وزیراعظم نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی 2029 تک جا سکتی ہے، رانا ثنا اللہ

جن علاقوں کو فوج دہشتگردوں سے پاک کریگی، سول انتظامیہ انہیں ہولڈ کریگی

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کم از کم ایک سال اور 2029 تک بھی جا سکتی ہے، امن و امان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

پی ٹی آئی کا گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کیخلاف ہائیکورٹ میں درخواست دائر کرنے کا اعلان

اپنی آئینی وقانونی جدوجہد جاری رکھیں گے، آزاد جمہوری نظام اور آزاد عدلیہ کے حامی ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف ہائی کورٹ میں درخواست دائر کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر33)

اھم خبریں

وزیر خزانہ کی آئی ایف سی کے علاقائی نائب صدر سے ملاقات، نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون پر تبادلہ خیال

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

جی 24 اجلاس میں وزیر خزانہ کا ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی مالیاتی نظام میں اصلاحات پر زور

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی مالیاتی نظام میں اصلاحات پر زور دیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وفاقی وزیر و نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سٹیئرنگ کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

صدر مملکت
پاکستان موسمیاتی آفات کے خلاف رہنما کردار ادا کرسکتا ہے

پاکستان کے لیے یہ دن خصوصی اہمیت رکھتا ہے، قدرتی آفات کے تجربات نے ہمیں سکھایا ہے کہ صرف آفات کے بعد ردعمل ظاہر کرنا کافی نہیں، پاکستان کے قدرتی آفات سے نمٹنے کے قومی نظام نے خطرات کی پیشگی نشاندہی کے لیے قابل ذکر کام کیا ہے

پاکستان سیلابوں، زلزلوں، شدید گرمی کی لہروں اور خشک سالی جیسے چیلنجز کا سامنا کر چکا ہے اور قدرتی آفات کے باعث انسانی زندگیوں، گھروں اور امیدوں کو پہنچنے والے نقصانات کی قیمت بھی جانتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان موسمیاتی آفات کے خطرات میں کمی کے لیے قدرتی آفات کے خلاف جدوجہد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ایک ہفتے کے اندر ستھرا پنجاب کے ورکرز اور مشینری کی کمی پوری کرنے کا ہدف

ستھرا پنجاب بیٹ سسٹم نافذ کرنے کیلئے سات دن کی ڈیڈ لائن، ستھرا پنجاب کی نادہندہ کمپنی سے ورکرز کے واجبات ریکور کرنے پر اتفاق، ورکرز کو واجبات کی ادائیگی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کی ہدایت

کنٹریکٹرز کے ذمہ واجبات کی سزا ستھرا پنجاب کی ورکرز کو دینے کی اجازت نہیں دینگے، ستھرا پنجاب کے ورکرز کو تنخواہوں کی ادائیگی کیلئے قانونی راستہ نکالا جائے، مریم نواز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں صفائی کیلئے جامع مائیکرو پلان طلب کر لیا اور اگلے ہفتے تک صوبہ بھر میں ستھرا پنجاب کی مکمل پراگریس رپورٹ مانگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

خیبر پختونخوا میں 10 روز میں چیزیں بہتر ہوتی دکھائی دیں گی اور امن بھی ہوگا، خواجہ آصف

کھل کر کہتا ہوں یہ دہشتگردوں کے اتحادی بن چکے تھے اور ان کو صوبائی خزانے میں حصہ دار بنایا ہوا تھا

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ میں کھل کر کہتا ہوں کہ یہ دہشتگردوں کے اتحادی بن چکے تھے اور ان کو صوبائی خزانے میں حصہ دار بنایا ہوا تھا، افغانستان کی سرپرستی میں پاکستان میں جنگ لڑی جا رہی ہے جبکہ ان کے سرپرست دہلی والے ہیں، مولانا نے کوششیں کیں لیکن صوبائی حکومت کی باتیں ناقابل برداشت تھیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ آج کا 12 اکتوبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

جی 24 اجلاس میں وزیر خزانہ کا بین الاقوامی مالیاتی نظام میں اصلاحات پر زور، جی 24 کے آئندہ چیئر کی حیثیت سے پاکستان کے عزم کا اعادہ

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عوام کے جمہوری حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، اسد قیصر

پشاور (اے ایف پی) سابق سپیکر قومی اسمبلی و پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ پاکستان میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عوام کے جمہوری حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

بینکاک: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

مریم نواز کا پنجاب بھر میں صفائی کا جامع مائیکرو پلان تیار کرنے کا حکم، ایک ہفتے میں ستھرا پنجاب کے ورکرز اور مشینری کی کمی پوری، صفائی کا بیٹ سسٹم نافذ اور غیر مؤثر نجی کمپنیوں کو فارغ کرنے کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کیلئے جامع مائیکرو پلان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

پاک فوج کا ہائپرسونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کا کامیاب تجربہ

یہ میزائل دوران پرواز راستے اور سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت کے باعث دشمن کے دفاعی نظام کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتا ہے

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان آرمی نے ہائپرسونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج (ER) کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج جدید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اسلام آباد، مشکوک ریزیڈنٹ کارڈ پر مسافر کو بیرون ملک جانے سے روک دیا گیا

مسافر کا لیتھونیا کا ریزیڈنٹ کارڈ مشتبہ / جعلی پایا گیا، مسافر تفتیش کیلئے اسلام آباد ایف آئی اے زون منتقل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف آئی اے امیگریشن نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے لیتھونیا جانے والے مسافر کو مشتبہ / جعلی ریزیڈنٹ کارڈ کی بنیاد پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر12)

بیرسٹر عقیل ملک کی انٹرنیشنل جسٹس سمٹ 2026 میں شرکت، دوطرفہ ادارہ جاتی روابط کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے استنبول، ترکیہ میں منعقدہ انٹرنیشنل جسٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

پچاس نرسز کی تربیت کی تکمیل بارش کا پہلا قطرہ ہے، وفاقی وزیر صحت

حکومت تمام وفاقی ہسپتالوں کی نرسز کی تربیت کرے گی، تنخواہوں سمیت دیگر معاملات میں بہتری لائی جائے گی، سید مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 50 نرسز کی تربیت کی تکمیل بارش کا پہلا قطرہ ہے، حکومت تمام وفاقی ہسپتالوں کی نرسز کی تربیت کرے گی اور ان کی تنخواہوں سمیت دیگر معاملات میں بہتری لائی جائے گی۔ وہ شہید ذوالفقار علی بھٹو میڈیکل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

سپریم کورٹ ملازمین کی سنیارٹی تبدیل کرنے سے قبل سماعت کا موقع دینا لازم قرار

ملازمین کی سنیارٹی تبدیل کرنے سے پہلے انہیں سماعت کا موقع دینا لازمی ہے، چاہے سابقہ سنیارٹی قواعد کے خلاف ہی کیوں نہ مقرر کی گئی ہو

تاہم سنیارٹی خودکار ترقی کی ضمانت نہیں، بلکہ ترقی کا تعین متعلقہ قانون اور قواعد کے مطابق ہونا چاہیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ملازمین کی سنیارٹی تبدیل کرنے کے حوالے سے بڑا فیصلہ جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر18)

وزیر خزانہ کی سعودی فنڈ برائے ترقی کے چیف ایگزیکٹو سے ملاقات، تجارت، سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون پر تبادلہ خیال

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر24)

حکومت کی ایک بار پھر قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کو اسپیکر چیمبر آ کر ملاقات کرنے کی دعوت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے ایک بار پھر قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو اسپیکر چیمبر آ کر ملاقات کرنے کی دعوت دیدی۔ میڈیا سے گفتگو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

یورپ کی جانب غیر قانونی نقل مکانی کا خاتمہ اگلا ہدف ہے: محسن نقوی

پاکستان کے مؤثر اقدامات کے باعث یورپ کی جانب غیر قانونی مائیگریشن میں 64 فیصد کمی قابل ستائش ہے

ایف آئی اے نے محدود وسائل کے باوجود پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جبکہ غیر قانونی مائیگریشن میں کمی سے قانونی مائیگریشن کی راہیں کھلیں گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے یورپی کمشنر برائے داخلی امور و مائیگریشن میگنس برنر کی ملاقات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

41واں قومی مقابلہ برائے حفظ وقرآت (آج) سے شروع ہوگا

چاروں صوبوں، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور اسلام آباد سے نامزد حفاظ وقرا شریک ہوں گے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارتِ مذہبی امور کے زیر اہتمام 41واں قومی مقابلہ برائے حفظ وقرأت (آج) بدھ سے شروع ہوگا جس میں ملک بھر سے 56 حفاظ وقراقومی مقابلہ برائے حفظ وقرأت میں شریک ہوں گے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق قومی مقابلوں کے پہلے دو مراحل ضلعی اور صوبائی سطح پر منعقد کیے گئے تھے۔ چاروں صوبوں، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور اسلام آباد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری اصلی ہونے کی تصدیق کردی، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری اصلی ہونے کی تصدیق کردی۔ چیف جسٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

پارلیمان لیوی مقرر کرنے کا اختیار حکومت سے واپس لینے کے لیے قانون سازی کرے، حافظ نعیم الرحمٰن

کے پی میں گورنر راج سے بحران بڑھے گا، ممبران جمہوری بالادستی کے لیے کردار ادا کریں

امیر جماعت اسلامی پاکستان کا پارلیمانی پارٹیوں کے سربراہان و اراکین کو خط

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے سینٹ اور قومی اسمبلی میں حکومتی، اتحادی اور اپوزیشن جماعتوں کے سربراہان و تمام ارکین کو خط لکھ کر پٹرولیم لیوی کے خاتمے، عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے اور خیبر پختونخواہ میں آئینی و جمہوری نظام کے تحفظ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

پاکستان کے خلاف بات کرنے والوں کی نسلیں تباہ کردیں گے، سینیٹر فیصل واوڈا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف بات کرنے والوں کی نسلیں تباہ کردیں گے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

آئی ایم ایف نے پاکستان میں مہنگائی مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کردیا

جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، آئی ایم ایف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے ورلڈ اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری کردی ہے جس میں آئی ایم ایف کو پاکستان میں رواں مالی سال مہنگائی میں اضافے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف کے مطابق گزشتہ مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح 7.1 فیصد ریکارڈ کی گئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر30)

ووفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے یورپین کمشنر کی ملاقات

بارڈر سکیورٹی اور قانونی امیگریشن کو فروغ دینے کیلئے اشتراک کار بڑھانے پر اتفاق

ایف آئی اے نے کم وسائل کے باوجود پیشہ وارانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا جو قابل تحسین ہے، میگنس برنر کی ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے یورپین کمشنر برائے داخلی امور و مائیگریشن میگنس برنر نے ملاقات کی جس میں بارڈر سکیورٹی اور قانونی امیگریشن کو فروغ دینے کے لیے اشتراک کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان وفود کی سطح پر بھی مذاکرات ہوئے، یورپین کمشنر برائے داخلہ امور و مائیگریشن نے غیر قانونی مائیگریشن کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

سپریم کورٹ، شادی سے انکار پر میمونہ شاہین کو قتل کرنیوالے مجرم کی سزائے موت برقرار، نظر ثانی درخواست مسترد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے شادی سے انکار پر خاتون میمونہ شاہین کو قتل کرنے والے مجرم محمد کامران کی سزائے موت برقرار رکھتے ہوئے نظر ثانی درخواست مسترد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے بعد بڑے احتجاج کی اطلاعات نہیں ملیں، معمولاتِ زندگی جاری رہے، بیرسٹر دانیال چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد نہ کوئی بڑا احتجاج دکھائی دیا اور نہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

غربت کا خاتمہ انسانی ترقی اور پائیدار معاشی خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے، احسن اقبال

تعلیم، صحت اور غذائیت کے شعبوں میں بہتری کے بغیر پاکستان عالمی معیشت میں موثر مقابلہ نہیں کرسکتا، وفاقی وزیر

غربت کے پائیدار خاتمے کے لیے مستحق خاندانوں کو صرف مالی امداد یا پیداواری اثاثے فراہم کرنا کافی نہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو پائیدار اور مسابقتی معیشت بنانے کیلئے غربت کے خاتمے، انسانی وسائل کی ترقی اور سماجی اشاریوں میں بہتری کو قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھنا ہوگا، ترقی کے ثمرات ملک کے ہر شہری اور ہر علاقے تک پہنچانا اور معاشی مواقع کی منصفانہ فراہمی یقینی بنانا وقت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

ملتان میں رحمان بابا ایکسپریس کو پیش آنے والے ٹرین حادثے پر دکھ اور افسوس کا اظہار

ٹرین حادثات کی روک تھام اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے موثر اور جامع حکمتِ عملی اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، یوسف رضا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ملتان میں رحمان بابا ایکسپریس کو پیش آنے والے ٹرین حادثے کے نتیجے میں متعدد مسافروں کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹ سیکریٹریٹ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

پاکستان میں موبائل انٹرنیٹ کی صنفی خلیج کم ہو کر 8 فیصد رہ گئی، وفاقی وزیر آئی ٹی

آئندہ تین برسوں میں 60 فیصد ٹاورز کو فائبرائز کریں گے، شزا فاطمہ خواجہ

کوئی بھی ڈیجیٹل تبدیلی اس وقت تک ادھوری ہے جب تک وہ آخری فرد تک کنیکٹیوٹی کی شکل میں نہ پہنچے، خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے ایشیا پیسیفک کے خطے میں ڈیجیٹل تقسیم ختم کرنے اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے عملی روڈ میپ کی تشکیل پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے موبائل انٹرنیٹ تک ر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے یورپین کمشنر وفد کے ہمراہ ملاقات کرتے ہوئے

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی جوڈیشل کمیشن اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر



بہاول پور: انجینئر محمد سلیم بھٹہ کارڈیالوجی سینٹر کے سینئر ڈاکٹر اسامہ منیر کو گلدستہ پیش کرتے ہوئے

ڈاکٹر اسامہ منیر کی تاریخی کامیابی، ایک دن میں 10 روٹا پروسیجرز کا قومی ریکارڈ؛ بہاول پور کے شہریوں نے قومی ہیرو قرار دے دیا

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) بہاول پور کارڈیالوجی سینٹر کے سینئر ڈاکٹر اسامہ منیر نے ایک ہی دن میں 10 روٹا (Rotablation) پروسیجرز انجام دے کر طبی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کی، جسے متعلقہ ادارے کی جانب سے پاکستان میں ایک ہی مرکز اور ٹیم کے ذریعے ایک دن میں اس طریقہ علاج کی سب سے زیادہ تعداد قرار دیا گیا ہے۔ اس غیر معمولی کامیابی پر بہاول پور کے شہریوں، سماجی و سیاسی شخصیات اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے ڈاکٹر اسامہ منیر کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے قومی ہیرو قرار دیا اور ان کی خدمات کے اعتراف میں پھولوں کے گلدستے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

ایف ڈی اے کے زیرانتظام مختلف علاقوں میں واقع متعدد کمرشل پلاٹس کی فروخت کے لیے نیلام عام کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کے زیر انتظام مختلف علاقوں میں واقع متعدد کمرشل پلاٹس کی فروخت کے لیے نیلام عام کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ نیلامی کی تقریب جمعرات 15 اکتوبر کو صبح 11 بجے ایف ڈی اے کمپلیکس میں منعقد ہوگی، جس کے انعقاد اور نگرانی کے لیے ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے چھ رکنی نیلام کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ نیلام کمیٹی کے سربراہ ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون ہوں گے، جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون، ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ ون، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ ٹو اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون کو کمیٹی کے ممبرز نامزد کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے ہدایت کی ہے کہ نیلام عام میں حصہ لینے کے خواہش مند (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

اوکاڑہ، ایم پی اے ملک علی عباس کھوکھر کی اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت سے ان کے دفتر میں ملاقات

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار + تحصیل رپورٹر) اوکاڑہ ایم پی اے ملک علی عباس کھوکھر کی اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت سے ان کے دفتر میں ملاقات، اس موقع پر سابق صدر بار اور سینئر سیاستدان قاضی ضرغام الحق ایڈووکیٹ نے گزشتہ روز، سینئر قانون دان چوہدری محسن شاہنواز کبیر ایڈووکیٹ، چوہدری جنید فضیل خان ایڈووکیٹ، میاں ناصر خان وٹو ایڈووکیٹ، اسحاق اعجاز ایڈووکیٹ، محمد عمر ساحل ایڈووکیٹ، مرزا ابوبکر ایڈووکیٹ سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس دوران شہر بھر میں جاری ترقیاتی کاموں کی سست روی، شہری مسائل، انتظامی معاملات اور عوامی سہولیات کی بہتری سمیت مختلف امور

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ایم پی اے ملک علی عباس کھوکھر نے کہا کہ شہر میں ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا جلد از جلد ازالہ ممکن ہو سکے۔ انہوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

ذمہ داری کو پوری دیانت داری، خلوص اور محنت کے ساتھ نبھانے کی کوشش کروں گا، راجہ طاہر محمود

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) راجہ طاہر محمود، صدر بیلجیم نیشنل پیس کونسل آف پاکستان، نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ نیشنل پیس کونسل آف پاکستان کی جانب سے انہیں صدر بیلجیم مقرر کرنا ان کے لیے اعزاز اور باعثِ فخر ہے وہ اس اعتماد پر تنظیم کی قیادت کے شکر گزار ہیں اور اس ذمہ داری کو پوری دیانت داری، خلوص اور محنت کے ساتھ نبھانے کی کوشش کریں گے امن، محبت، بھائی چارہ، برداشت اور انسانیت کی خدمت ہماری بنیادی ترجیحات ہونی چاہئیں دنیا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ اختلافات کو برداشت، افہام و تفہیم اور باہمی احترام کے ذریعے حل کیا جائے اور معاشرے میں رواداری کو فروغ دیا جائے راجہ طاہر محمود کا صدر بیلجیم نیشنل پیس کونسل آف پاکستان مقرر ہونے پر امن، بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کے عزم کا اظہار راجہ طاہر محمود نے کہا کہ وہ بیلجیم میں پاکستانی کمیونٹی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

ٹی ایچ کیو سول ہسپتال وزیرآباد کا نظام درہم برہم، سرکاری وسائل اور ادویات کی دستیابی کے باوجود مریض بنیادی طبی سہولیات سے محروم

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) ٹی ایچ کیو سول ہسپتال وزیرآباد کا نظام درہم برہم، سرکاری وسائل اور ادویات کی دستیابی کے باوجود مریض بنیادی طبی سہولیات سے محروم، شہریوں نے وزیر صحت پنجاب سے ہسپتال کی ابتر صورتحال کا نوٹس لینے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیرآباد کے ٹی ایچ کیو سول ہسپتال میں مریضوں کو درپیش مشکلات کم نہ ہوسکیں۔ معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب شعیب مرزا، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر سمیت مختلف حکام کے دوروں کے باوجود ہسپتال کے نظام میں بہتری نہ آنے پر عوامی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کی جانب سے طبی سہولیات، میڈیکل ٹیسٹ کٹس، ادویات اور دیگر ضروری سامان کی فراہمی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر خواجہ سلمان رفیق کا زیر تعمیر اوکاڑہ میڈیکل کالج کا دورہ، تعمیراتی کام کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر خواجہ سلمان رفیق کا زیر تعمیر اوکاڑہ میڈیکل کالج کا دورہ، تعمیراتی کام کا جائزہ،

اس موقع پر سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر عظمت محمود، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک ایم این اے چوہدری ریاض الحق جج اور پراجیکٹ ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر سمیت بلڈنگز حکام بھی موجود تھے۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر اور ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی منصوبے پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میڈیکل کالج کا منصوبہ 4.6 ارب روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا۔ پہلے مرحلے میں اکیڈمک بلاک، کیفیٹیریا اور فیمیل ہاسٹل کے لیے کام جاری ہے۔ وزیر صحت نے محکمہ بلڈنگز حکام کو ترقیاتی کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایات دیں اور عوامی سہولت کے بہترین منصوبے کو بروقت مکمل کرنے کے لیے اقدامات کے احکامات جاری کیے۔ صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

جناح ٹاؤن ہڑپہ اسٹیشن کے سنگین مسائل پر ضلع کونسل ساہیوال کی چشم پوشی، اہلِ علاقہ سانحے کے خطرے سے دوچار

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے): جناح ٹاؤن ہڑپہ اسٹیشن کے گمبھیر مسائل سے ضلع کونسل ساہیوال کی مکمل چشم پوشی اہلِ علاقہ کو شدید پریشان کر رہی ہے۔ نائی والا

کارپٹ روڈ برساتی نالے کی زد میں ہونے کے باعث مقامی آبادی کو حادثات، ٹریفک رکاوٹ اور املاک کے نقصان کا خطرہ درپیش ہے جبکہ حفاظتی دیوار اور برساتی نالے کی پُل کی عدم تعمیر سے صورتحال مزید خطرناک ہو چکی ہے اہلِ علاقہ کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کسی بڑے سانحے کی منتظر ہے جبکہ متعلقہ ادارے صرف شکایات درج کرنے تک محدود ہیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

اے سی سمبڑیال کی زیر صدارت ٹی ایچ کیو ہسپتال سمبڑیال کی ہیلتھ کونسل کمیٹی کا اجلاس

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر شمع فردوس) جس میں ہسپتال کے مریضوں کی فلاح و بہبود اور طبی سہولیات کی بہتری سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال سمبڑیال ڈاکٹر احسن ہاشمی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر تحسین انور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی اصرار احمد ڈی او بلڈنگ حارث سماجی کارکن چوہدری امجد اقبال چیمہ مسعود اختر خواجہ اور دیگر متعلقہ افسران واراکین نے شرکت کی اجلاس کے دوران ہیلتھ کونسل کے تحت مریضوں کی فلاح و بہبود ہسپتال کی سہولیات میں بہتری اور مختلف تعمیر و مرمت کے کاموں کا تفصیلی جائزہ کیا گیا متعلقہ امور پر غور وخوض کے بعد مختلف کاموں اور ان سے متعلقہ ادائیگیوں کی منظوری دی گئی اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

سیالکوٹ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہری جانبحق امن وامان کی صورتحال پر تشویش

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) اطلاعات کے مطابق گوجرانوالہ سے اپنے والد کے ہمراہ سیالکوٹ آنے والا شہری واپسی پر ڈاکوؤں کی فائرنگ کا نشانہ بن کر جان کی بازی ہار گیا شریف شہری کی بھی کچھ دن پہلے شادی ہوئی تھی یہ افسوسناک واقعہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے سی سی ڈی پنجاب حکومت اور متعلقہ قانون نافذ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

دو مسلح ڈاکوؤں نے آڑھتی کو لوٹ لیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) دو مسلح ڈاکوؤں نے آڑھتی کو لوٹ لیا۔ گذشتہ رات نواحی گاؤں شیر گڑھ کا اویس علی اپنی آڑھت بند کر کے گھر جا رہا تھا کہ ڈیرہ دینداراں کے قریب کے موٹر سائیکل سوار دو مسلح ڈاکو اُس سے دو لاکھ پندرہ ہزارر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

اوکاڑہ راوی روڈ نزد ایم سی بی چوک کے قریب آگ لگنے کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ راوی روڈ نزد ایم سی بی چوک کے قریب آگ لگنے کی اطلاع، کالر کے مطابق بیوٹی سیلون پروڈکٹس شاپ میں آگ لگ گئی، آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا فوری ریسپانس، ریسکیو فائر فائٹرز نے دوکان کے تالے کاٹ کر ایس سی بی اے کا استعمال کرتے ہوئے فورس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرالی گئیں

کاموکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرالی گئیں۔ گذشتہ روز حبیب پورہ کا عاقب علی گھر کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کر کے اندر چلا گیا تو نامعلوم چور اُسکی غیر موجودگی میں موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے۔ جبکہ نواحی گاؤں ماڑی ٹھاکراں پولیس اہلکار کے کھیتوں سے بجلی کی تار، ڈیزل و دیگر سامان چوری ہوگیا۔ صدر پولیس نے مقدمات درج

تیز رفتار موٹر سائیکل کی زد میں آکر معمر شخص شدید زخمی ہوگیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل کی زد میں آکر معمر شخص شدید زخمی ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں ڈھلانوالی کا محمد اشرف دھان کی فصل فروخت کر کے گھر جا رہا تھا کہ راستے میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار نے ٹکر مار کر اُسے شدید زخمی کر دیا۔ ایمن آباد پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں۔

مولانا ظفر علی خان چوک سے اللہ والا چوک اور شہر کے دیگر اہم مقامات پر سڑکوں کے اطراف پختہ تجاوزات کا سلسلہ دوبارہ شروع

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) مولانا ظفر علی خان چوک سے اللہ والا چوک اور شہر کے دیگر اہم مقامات پر سڑکوں کے اطراف پختہ تجاوزات کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوگیا، جس سے انتظامیہ کی گزشتہ سال کی گئی انسدادِ تجاوزات کارروائیوں کی افادیت پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ شہر میں جی ٹی روڈ سے داخل ہوتے ہی سڑک کے دونوں اطراف تجاوزات دکھائی دینے لگتی ہیں، جبکہ ہائی وے کی جانب سے سڑک کے کناروں پر چھوڑی گئی جگہوں پر بھی قبضوں کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔ صورتحال یہ ہے کہ گزشتہ سال کیے گئے آپریشن کے باوجود تجاوزات کا دوبارہ قائم ہونا متعلقہ اداروں کی نگرانی اور مؤثر حکمت عملی پر سوالیہ نشان ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ تجاوزات کے خلاف وقتی آپریشن کرنے کے بجائے مستقل بنیادوں پر کارروائی کی جائے اور سرکاری جگہوں کو قبضہ مافیا سے واگزار کروایا جائے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

کار اور موٹر سائیکل میں تصادم، حادثہ میں خواتین سمیت تین افراد زخمی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) کار اور موٹر سائیکل میں تصادم، حادثہ میں خواتین سمیت تین افراد زخمی ریسکیو 1122 کے مطابق رجوعہ روڈ بائی پاس کے قریب کار اور موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں 45 سالہ روبینہ بی بی زوجہ محمد مجاہد، 18 سالہ پرویز ولد محمد مجاہد، 17 سالہ علی شیر ولد محمد ارشد زخمی ہوگئے اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دینے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر دو نوجوان شدید زخمی

کاموکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر دو نوجوان شدید زخمی ہوگئے۔ گذشتہ روز لائن پار کا چوبیس سالہ انیق اور بیس سالہ ابوبکر موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہوگئے۔ دیگر ٹریفک حادثات میں بیس سالہ احد، ندیم، تیس سالہ راشد، اٹھارہ سالہ عاقب، اُنیس سالہ علی اور پانچ سالہ سعد شدید زخمی ہوگیا۔ زخمیوں کو طبی امداد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

ایس پی ریلوے ملتان امجد خان نے تھانہ ریلوے پولیس ساہیوال کا تفصیلی دورہ کیا

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایس پی ریلوے ملتان امجد خان نے تھانہ ریلوے پولیس ساہیوال کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے تھانہ کے ریکارڈ، روزنامچہ اور پولیس اسلحہ کی چیکنگ کی اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا ایس پی ریلوے نے عملہ کو ہدایت کی کہ وہ ہر وقت چوکس رہیں اور کسی بھی بیرونی حملہ یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل تیار رہیں انہوں نے واضح کیا کہ ڈیوٹی میں کسی قسم کی غفلت اور کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ ریلوے پولیس کا اولین فرض ریلوے اسٹیشن اور ٹرینوں میں مسافروں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ مسافروں کو ہر ممکن مدد اور سہولیات فراہم کی جائیں تا کہ وہ باآسانی اور باحفاظت اپنی منزل مقصود تک پہنچ سکیں ایس پی امجد خان نے ہدایت کی کہ اسٹیشن اور ٹرینوں میں مشکوک اور جرائم پیشہ عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے اور ان کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

پیٹرولنگ پولیس ساہووالہ کی ایک بڑی کارروائی فیصل آباد پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب شخص گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) پیٹرولنگ پولیس ساہووالہ کی ایک اور بڑی کاروائی فیصل آباد پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب ملزم گرفتار ریجنل آفیسر میاں معظم کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ آفیسر طارق محمود کی سربراہی میں ایکٹنگ پوسٹ انچارج رانا عاطف محمود اے ایس آئی کی زیر نگرانی سلمان احمد چیمہ اور انتہائی فرض شناس ایماندار اور بہادر پولیس آفیسر ساجد نواز نے جدید ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے ایک کس ملزم جو کہ فیصل آباد پولیس کو چوری اور اغوا جیسے سنگین مقدمات میں مطلوب تھا گرفتار کیا اور مزید کارروائی کے لیے تھانہ سمبڑیال میں بند سلاسل کیا مزید ایک چوری شدہ موٹر سائیکل بھی برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کی اہل علاقہ نے پیٹرولنگ ساہووالہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ایمرجنسی	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگارام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بنک	35863950
ایدھی بلڈ بنک	35417440

اوکاڑہ: عوامی خدمت اور صارفین کے مسائل کا حل فیسکو کی اولین ترجیح ہے، ایس ای سید سلیم شاہ

اوکاڑہ (بیورو چیف شیخ حمزہ طارق) چیئرمین اویسٹ گروپ آف جرنلسٹس اوکاڑہ ملک عبدالوحید اور ملک امتیاز نے ایس ای فیسکو سیکنڈ سرکل سید سلیم شاہ سے خوشگوار اور باوقار ماحول میں ملاقات کی۔ اس موقع پر فیسکو کی کارکردگی۔ صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور

بجلی سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ایس ای فیسکو سیکنڈ سرکل سید سلیم شاہ نے کہا کہ عوامی خدمت اور صارفین کے مسائل کا حل فیسکو کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ہر سائل ہمارے لیے قابل احترام ہے۔ عوامی مسائل کو توجہ سے سننا اور ان کے حل کے لیے موثر اقدامات کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیسکو کے افسران اور عملہ صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور بجلی سے متعلق شکایات کے بروقت ازالے کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ملک عبدالوحید اور ملک امتیاز نے کہا کہ سید سلیم شاہ سے ملاقات کے دوران ان کا شائستہ انداز گفتگو اور عوامی مسائل کے حوالے سے مثبت رویہ قابل تحسین محسوس ہوا۔ افسران کا عوام کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ داری سے پیش آنا اداروں پر عوامی اعتماد کو مضبوط (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

سابق رکن قومی اسمبلی وسابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں کا خیبر پختونخوا میں دو فوجی پائلٹس کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) سابق رکن قومی اسمبلی وسابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں نخیبر پختونخوا میں دو فوجی پائلٹس کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے شہداء کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے قدرتی آفات سے بچاؤ اور محفوظ آبادیوں کی تعمیر پر زور دینا وقت کی اہم ضرورت ہے قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کو (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

اوکاڑہ تا سیدوالا روڈ تعمیر کے دوران ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار، ناقص میٹریل کے استعمال پر سوالات اٹھنے لگے

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ تا سیدوالا روڈ کی تعمیر کے دوران ہی سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونا شروع ہوگئی، جس پر تعمیراتی معیار کے حوالے سے اہم سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سڑک کی تعمیر کا کام تاحال جاری ہے، تاہم بارش کے بعد سڑک کی سطح سے بجری نکلنا شروع ہوگئی ہے اور مختلف مقامات پر سڑک خراب ہونے کے آثار نمایاں ہونے لگے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف سڑک کی تعمیر کا کام جاری ہے تو دوسری طرف اس کی سطح کا اکھڑنا تشویش ناک امر ہے۔ عوامی حلقوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر تعمیر کے ابتدائی مرحلے میں ہی سڑک کی یہ صورتِ حال ہے تو مستقبل میں اس کی پائیداری کیسے یقینی بنائی جاسکے گی شہریوں نے متعلقہ محکمے کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اوکاڑہ تا سیدوالا روڈ کی تعمیر میں استعمال ہونے والے میٹریل، کام کے معیار اور ٹھیکیدار کی کارکردگی کا فوری نوٹس لیا جائے، موقع پر ماہرین کے ذریعے معائنہ کروایا جائے اور جہاں سڑک خراب ہوئی ہے وہاں مناسب (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان نے ستھرا پنجاب کے تحت محنتی اور فرض شناس ورکرز میں نقد انعامات اور چیکس تقسیم کیے

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) عید الاضحیٰ کے پرمسرت اور بابرکت موقع پر ستھرا پنجاب کے ورکرز کی نمایاں کارکردگی کے ورکرز میں ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان نے پنجاب حکومت کے انقلابی فلیگ شپ پروگرام ستھرا پنجاب کے تحت گراں قدر خدمات انجام دینے والے محنتی اور فرض شناس ورکرز میں وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی جانب سے نقد انعامات اور چیکس تقسیم کیے یہ پروقار تقریب علاقہ بھر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے والے کارکنان کی حوصلہ افزائی کے لیے منعقد کی گئی تھی اس موقع پر ستھرا پنجاب کے تحصیل افسران، فیلڈ ورکرز، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور علاقے کے معززین نے شرکت کی شرکاء نے حکومت پنجاب کے اس اقدام کو سراہا کہ انہوں نے عید کے مقدس ایام میں عوام کی خدمت اور صفائی کے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دینے والے نچلے طبقے کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ شازیہ بانو نے گورنمنٹ بوائز ستلج اسکول میں ساہیوال بورڈ کے میٹرک دوسرے سالانہ امتحانات کے امتحانی مرکز کا دورہ کیا

چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ شازیہ بانو نے گورنمنٹ بوائز ستلج اسکول میں ساہیوال بورڈ کے میٹرک دوسرے سالانہ امتحانات کے امتحانی مرکز کا دورہ کیا

رینالہ خورد (آصف شہزاد جٹ) حکومتِ پنجاب اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایات کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ شازیہ بانو نے گورنمنٹ بوائز ستلج اسکول میں ساہیوال بورڈ کے میٹرک دوسرے سالانہ امتحانات کے امتحانی مرکز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر امتحانی انتظامات، شفافیت، نظم وضبط اور امتحانی عمل کو بہتر بنانے کا جائزہ لیا گیا، تاکہ طلبہ کو پُرامن ماحول میں امتحان دینے کے مساوی مواقع فراہم کیے جاسکیں اور امتحانی عمل کی شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے۔

پاکستان کی بدقسمت سیاسی تاریخ میں ایک اور سیاہ باب کا اضافہ ہوا، پرویز اختر عباسی

ہارون آباد۔ (تحصیل رپورٹر). پاکستان پیپلز پارٹی کے سنیئر بزرگ رہنما پرویز اختر عباسی نے کہا کہ پاکستان کی بدقسمت سیاسی تاریخ میں ایک اور سیاہ باب کا اضافہ ہوا۔ پاکستان کی واحد منتخب حکومت کو ایک غیر منتخب وفاقی حکومت نے گورنر راج لگا کر تحلیل کر دیا۔ خیبر پختونخوا کی حکومت جیسی بھی تھی مگر عوام کی دوتہائی اکثریتی ووٹ سے وجود میں آئی تھی، اُس کو ہٹانے کا اختیار صرف اور صرف خیبر پختونخوا کے عوام کے پاس تھا۔ یہ عمل جمہوری اقدار اور آئین کی روح کی مکمل نفی ہے اور پاکستان کی موجودہ معاشی، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر19)

توجہ برائے نمائندگان نیوزایجنٹ

MEMBER APNS · ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

ٹریفک پولیس اوکاڑہ کے زیر اہتمام تبادلہ ہوکر جانے والے 2 انسپکٹرز کے اعزاز میں الوداعی تقریب اور نئے آنے والے انسپکٹر کے لیے پروقار استقبالیہ کا انعقاد

اوکاڑہ (نامہ نگار) ٹریفک پولیس اوکاڑہ کے زیر اہتمام تبادلہ ہو کر جانے والے 2 انسپکٹرز کے اعزاز میں الوداعی تقریب اور نئے آنے والے انسپکٹر کے لیے پروقار استقبالیہ کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر اوکاڑہ سربالی خان تھے۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک پولیس اوکاڑہ کے زیر اہتمام تبادلہ ہو کر جانے والے انسپکٹر محمد مقصود، انسپکٹر محمد انور کے اعزاز میں الوداعی تقریب اور نئے آنے والے انسپکٹر میاں مقصود کے اعزاز میں استقبالیہ پارٹی کا اہتمام ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹر میں ہوا۔ تقریب میں سیکرٹری جنرل ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان عابد حسین مغل جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ محسن محمود چوہدری، انسپکٹر مرتضیٰ گجر، انسپکٹر محمد مشتاق، سب انسپکٹر محمد سلیم کے علاوہ ٹریفک پولیس کے دیگر افسران اور اہلکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر سربالی خان سیکرٹری جنرل ریجنل یونین آف جرنلسٹس عابد حسین (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر18)

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سنیں۔ ڈی پی او نے درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں داد رسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

ننکانہ صاحب ضلعی محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام وار برٹن سٹی ہائی سکول میں سیرت النبیؐ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب ضلعی محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام وار برٹن سٹی ہائی سکول میں سیرت النبیؐ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب ضلعی محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام وار برٹن سٹی ہائی سکول میں سیرت النبیؐ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ننکانہ صاحب شفقت محمود، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری شکیل احمد رضوی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری فیاض احمد اور ڈپٹی ہیڈ کوارٹر ملک ممتاز نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف سکولوں کے سربراہان سید ظہور الحسن شاہ، ظفر اقبال وٹو اور راؤ کرم الٰہی عاطف، عالم دین مولانا اشفاق احمد رضوی سمیت دیگر تعلیمی شخصیات بھی موجود تھیں۔ پرنسپل رائے نجیب اللہ نے مہمانوں کو ادارے کے مختلف حصوں اور بوٹینیکل گارڈن کا دورہ کرایا اور سکول میں جاری تعلیمی و ہم نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی بعد ازاں سی ای او ایجوکیشن شفقت محمود، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور دیگر مہمانوں نے مختلف اقسام کے پودے لگا کر شجر کاری میں حصہ لیا۔ سیرت النبیؐ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے معروف عالم دین (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1 1)

ہڑپہ اور گردونواح میں اشیائے خوردونوش سرکاری ریٹ لسٹ سے زائد قیمتوں پر فروخت، منافع خوروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

ہڑپہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر): ہڑپہ اور گردونواح کے علاقوں میں اشیائے خوردونوش کی فروخت سرکاری ریٹ لسٹ سے زائد قیمتوں پر جاری ہے جس سے عام شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے سرکاری قیمتوں کی نگرانی اور نفاذ میں واضح کوتاہی عوام کو متاثر کر رہی ہے اہلِ علاقہ نے ڈپٹی کمشنر ساہیوال اور مقرر کردہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے اہلِ علاقہ کے مطابق دودھ اور دہی کے ریٹ سرکاری قیمت سے کئی روپے زیادہ وصول کیے جا رہے ہیں، جبکہ مٹن، بیف اور گوشت کی فروخت بھی مقررہ ریٹ سے کہیں زیادہ قیمتوں پر ہو رہی ہے مقامی باشندوں نے کہا کہ روزانہ کی ضروریات پوری کرنے والے کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے صورتحال انتہائی مشکل ہو گئی ہے، کیونکہ ہر شے کی قیمت من مانی ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ اگر فوری طور پر نگرانی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر12)

ہردل عزیز، بااخلاق اور فرض شناس شخصیت میاں نعیم احمد بھٹہ مسلسل چوتھی بار ضلعی صدر اپکا اوکاڑہ منتخب

دیپالپور (امام دین نامہ نگار) ہردل عزیز، بااخلاق اور فرض شناس شخصیت میاں نعیم احمد بھٹہ مسلسل چوتھی بار ضلعی صدر اپکا اوکاڑہ منتخب ہو گئے۔ اس شاندار کامیابی پر مرزا فاروق احمد سلفی، ڈویژنل میڈیا کوآرڈینیٹر ریٹیل

اسٹیٹ ایسوسی ایشن ڈویژن ساہیوال، اور چوہدری حمزہ یوسف، سی ای او الرحمن گروپ (ہومز)، نے ان کے دفتر پہنچ کر پھولوں کے ہار پہنائے اور دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں اور دعائیہ کلمات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ میاں نعیم احمد بھٹہ کا مسلسل چوتھی مرتبہ ضلعی صدر منتخب ہونا ان کی مقبولیت، فرض شناسی، تنظیمی وابستگی اور ملازمین کے اعتماد کا مظہر ہے۔ امید ہے کہ وہ حسب سابق ملازمین کے حقوق کے تحفظ، ان کے جائز مسائل کے حل اور فلاح و بہبود کے لیے اپنی بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔ واضح رہے کہ میاں نعیم احمد بھٹہ اس سے قبل 14 مرتبہ تحصیل دیپالپور کے عہدیدار بھی منتخب ہو چکے ہیں، جو ان کی طویل تنظیمی خدمات اور ساتھیوں میں مقبولیت کا واضح ثبوت ہے۔

مرزا فاروق احمد سلفی اور چوہدری حمزہ یوسف نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ میاں نعیم احمد بھٹہ کو صحت و سلامتی، عزت و وقار اور مزید کامیابیوں سے نوازے، انہیں ملازمین اور عوام کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ان کی تمام نیک کاوشوں کو شرفِ قبولیت بخشے۔ آمین ثم آمین۔

بہاولنگر: ال عمرلا کالج کی ہونہار طالبہ رامین اشرف رانا کی شاندار کامیابی، ایل ایل بی فرسٹ سمسٹر میں تھرڈ پوزیشن حاصل کر لی

بہاولنگر (رانا محمد اشرف بیورو چیف جنوبی پنجاب)ال عمرلا کالج بہاولنگر کی ایل ایل بی چار سالہ پروگرام، فرسٹ سمسٹر سیشن 2025-26 کی جاری کردہ رزلٹ شیٹ کے مطابق طالبہ رامین اشرف رانا نے 3.63 CGPA کے ساتھ تھرڈ پوزیشن حاصل کر کے نمایاں کامیابی اپنے نام کر لی۔ ان کی یہ کامیابی محنت، مستقل مزاجی اور حصولِ علم سے وابستگی کی عکاس ہے۔ تعلیم کے میدان میں کامیابی محض ایک پوزیشن کا نام نہیں، بلکہ یہ مسلسل جدوجہد، حوصلے اور مستقبل کے بلند عزائم کی علامت ہے۔ رامین اشرف رانا کی کامیابی نے ان کے اہلِ خانہ اور اساتذہ کے لیے خوشی اور فخر کا موقع پیدا کیا ہے۔ اس موقع پر رامین اشرف رانا کو دلی مبارکباد پیش کی جاتی ہے اور امید ظاہر کی جاتی ہے کہ وہ مستقبل میں بھی اپنی تعلیمی کارکردگی کو مزید بہتر بناتے ہوئے قانون کے شعبے میں نمایاں مقام حاصل کریں گی۔ رامین اشرف رانا کو شاندار کامیابی پر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے گول چوک کے چاروں بازاروں کا دورہ کیا

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے گول چوک کے چاروں بازاروں کا دورہ کیا اور بازاروں کے درمیان کھڑی گاڑیوں اور رکشوں اور موٹر سائیکلوں کو فوری ہٹانے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات کے خاتمے پر زور دیا۔ دورے کے دوران ڈی ایس پی ٹریفک نے بازاروں میں ٹریفک کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ شہریوں کی آمدورفت میں آسانی پیدا کرنے کے لیے غیر قانونی پارکنگ اور تجاوزات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی نے شہر کے مختلف علاقوں اور عارضی ویسٹ کلیکشن پوائنٹ کا دورہ کیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی

ہدایات پر مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی نے شہر کے مختلف علاقوں اور عارضی ویسٹ کلیکشن پوائنٹ کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا اور سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے دورے کے دوران صفائی آپریشن، کوڑا کرکٹ جمع کرنے اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کا زگ زیگ ٹیکنالوجی استعمال کرنے والے بھٹے خشت کا دورہ

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے فضائی آلودگی پر قابو پانے اور ماحول کو

صاف ستھرا رکھنے کے لیے زگ زیگ ٹیکنالوجی استعمال کرنے والے اینٹوں کے بھٹے کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے ٹیکنالوجی کے استعمال، بھٹے کی کارکردگی اور ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، محکمہ تحفظ ماحولیات کے افسران (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یاسین اعوان

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری اور نئی ترقیاتی سکیموں پر کام کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ ہائی ویز، بلڈنگز، میونسپل کمیٹیز، ضلع کونسل، ڈویلپمنٹ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

اچھی حکمرانی کیلئے میرٹ، شفافیت اور احتساب ناگزیر ہیں، ملک محمد احمد خان اسپیکر پنجاب اسمبلی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ اچھی حکمرانی کا بنیادی تقاضا میرٹ، شفافیت، انصاف، قانون کی بالادستی اور مؤثر احتساب ہے۔ سرکاری تقرریوں اور انتظامی فیصلوں میں کسی کی پسند و ناپسند کے بجائے واضح اور منصفانہ معیار اپنایا جانا چاہیے تا کہ ہر اہل شخص کو آگے بڑھنے کا یکساں موقع مل سکے۔ سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام کا حصول مشکل ہے، جبکہ تعلیم، صحت اور امن وامان کے شعبوں میں بہتری کے لیے قومی ترجیحات کا درست تعین اور ادارہ جاتی اصلاحات ضروری ہیں۔ وہ یونیورسٹی آف فیصل آباد میں ''اچھی حکمرانی: شمولیت، تنوع اور ادارہ جاتی مؤثریت'' کے موضوع پر منعقدہ انٹرایکٹو سیشن سے خطاب کر رہے تھے۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر29)

ناروجین وفد کا ڈی پی او کمپلیکس گجرات کا دورہ، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد سے ملاقات

اوکاڑہ: بائی پاس پر حادثہ، ریسکیو اہلکار ابتدائی طبی امداد دیتے ہوئے

پاکستان میں گندم کی تحقیق کے فروغ کے لیے اہم اقدام، جدید لیبارٹری آلات اور زرعی مشینری فراہم

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی ادارے انٹرنیشنل میز اینڈ وہیٹ امپرومنٹ سینٹر (CIMMYT) اور حکومتِ پاکستان کے اشتراک سے گندم کی تحقیق، بہتر اقسام کی تیاری اور غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے جدید سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ (AARI) فیصل آباد کے ادارہ برائے گندم تحقیق میں جدید لیبارٹری اور ورکنگ ایریا کا افتتاح کیا گیا۔ یہ اقدام پاکستان اور CIMMYT کے درمیان چھ دہائیوں پر محیط زرعی تعاون کے موقع پر کیا گیا۔ منصوبے کے تحت پانچ تحقیقی اداروں کی لیبارٹریوں کو جدید آلات فراہم کیے جا رہے ہیں، جبکہ 11 اداروں کے لیے تجرباتی گہائی کے آلات اور دیگر تحقیقی سہولیات مختص کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ تین سیڈ کلینرز کم گریڈر اور 10 زیرو ٹِلج سیڈ کم فرٹیلائزر ڈرلز بھی فراہم کی گئی ہیں۔ ادارہ برائے گندم تحقیق، AARI فیصل آباد کے چیف سائنٹسٹ و ڈائریکٹر ڈاکٹر جاوید احمد نے کہا کہ جدید سہولیات سے قومی تحقیقی اداروں کی استعداد کار بڑھے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے احکامات پر پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے احکامات پر پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی پی او چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں سے خیریت دریافت کی، صحت، بچوں کی تعلیم کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کے لیے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں کو تندہی سے فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ پولیس اہلکاروں اور ان کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ کرپشن کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، محکمہ پولیس کی بدنامی کا باعث بننے والی کالی بھیڑوں کیخلاف سخت محکمانہ وقانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ناروجین وفد کا ڈی پی او کمپلیکس گجرات کا دورہ، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد سے ملاقات

گجرات (سید طارق حسین +زیڈ اے بھٹی) *ناروجین وفد کا ڈی پی او کمپلیکس گجرات کا دورہ، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد سے ملاقات* تفصیلات کے مطابق ناروجین وفد نے ڈی پی او کمپلیکس گجرات کا دورہ کیا اور ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کمیونٹی پولیسنگ، باہمی تعاون اور دیگر اہم امور پر تبادلہ ؟ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے وفد کو سیف سٹی گجرات کا دورہ کروایا اور سیف سٹی کے جدید مانیٹرنگ سسٹم، کیمروں کی مدد سے نگرانی اور پولیسنگ کے نظام کار کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی پی او گجرات نے وفد کو بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال جرائم کی روک تھام، امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ دورے کا مقصد پولیسنگ کے

شفاف امتحانی نظام، طلبہ کی سہولت اور جدید اصلاحات؛ چیئرمین بہاول پور بورڈ اشتیاق احمد گوندل کی تعلیمی بہتری کے لیے عملی کاوشیں

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور کے چیئرمین اشتیاق احمد گوندل کی زیر قیادت امتحانی نظام میں شفافیت، طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے اقدامات اہمیت اختیار کر رہے ہیں۔ چیئرمین بورڈ نے امتحانی عمل کی نگرانی، مارکنگ کے معیار اور طلبہ کے مستقبل سے متعلق معاملات کو خصوصی اہمیت دی ہے، جبکہ امتحانی مراکز کے دوروں کے دوران متعلقہ افسران کو میرٹ، غیر جانب داری اور قواعد وضوابط پر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایات بھی دی گئی ہیں۔ میرٹ پر نتائج، امتحانی مراکز کی نگرانی، طلبہ کے مسائل کے حل اور ڈیجیٹل نظام کی جانب پیش رفت، تعلیمی حلقوں کی توجہ بورڈ کی انتظامی بہتری پر مرکوز ہے تو دوسری جانب چیئرمین بورڈ نے معلومات وسہولیات مرکز کا دورہ کر کے سائلین کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کا جائزہ لیا، جبکہ بورڈ کے مالیاتی معاملات کو مزید تیز رفتار اور شفاف بنانے کے لیے ڈیجیٹل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

اوکاڑہ بائی پاس پر 27 ٹو ایل کے قریب کار اور لوڈر رکشے کے درمیان تصادم کے نتیجے میں چار افراد زخمی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ بائی پاس پر 27 ٹو ایل کے قریب کار اور لوڈر رکشے کے درمیان تصادم کے نتیجے میں چار افراد زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کار پیچھے سے لوڈر رکشے سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں چار افراد زخمی ہوئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور بعدازاں انہیں ڈی ایچ کیو ساؤتھ سٹی ہسپتال منتقل کر دیا۔ زخمیوں کی شناخت 60 سالہ اسحاق ولد مرید خان، 22 سالہ تنزیل ولد اسلم، 27 سالہ عامر ولد اسحاق اور 18 سالہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

ایٹمی سائنسدان محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خاں کی قومی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں، ثنااللہ خاں

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے ایٹمی سائنسدان محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خاں کی قومی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قومی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار تتلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ کے سابقہ جنرل سیکرٹری حال میں فنانس سیکرٹری ثنااللہ خاں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات ہمیشہ قومی تاریخ کا روشن باب رہیں گی اور آنیوالی نسلوں کیلئے مشعلِ راہ ثابت ہونگی۔ انہوں نے اپنی انتھک محنت، عزم اور صلاحیتوں کے ذریعے پاکستان کے دفاع کو مضبوط بنانے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ انکی بے مثال خدمات کے نتیجے میں پاکستان کا دفاع ناقابلِ تسخیر بنانے میں مدد ملی اور دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں کرسکتا۔ انہوں نے ڈاکٹر عبدالقدیر خاں کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 33)

تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی سپورٹس کمیٹی برائے سال 27-2026ء کا اجلاس

فیصل آباد (میاں ندیم احمد بیورو چیف) چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین کی ہدایت پر سیکرٹری بورڈ پروفیسر ڈاکٹر سلیم تقی شاہ کی زیر صدارت و ڈائریکٹر سپورٹس زنانہ تعلیمی بورڈ فیصل آباد نگہت نورین مظہر کی زیر نگرانی تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی سپورٹس کمیٹی برائے سال-27-2026ء کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پرنسپل و صدر سپورٹس کمیٹی اسلامیہ کالج برائے خواتین عیدگاہ روڈ فیصل آباد ناہید قادر سمیت فیصل آباد ڈویژن کے مختلف خواتین کالجز کی پرنسپلز اور ڈائریکٹرز سپورٹس نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں خواتین کالجز میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ، طالبات کی کھیلوں میں زیادہ سے زیادہ شرکت، کھیلوں کے مقابلوں کے مؤثر انعقاد اور نوجوان نسل میں صحت مند سرگرمیوں کے رجحان کو فروغ دینے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ طالبات کو کھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کر کے ان کی جسمانی صحت، خود اعتمادی، نظم وضبط اور قائدانہ صلاحیتوں کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ اس موقع پر سیکرٹری بورڈ پروفیسر ڈاکٹر سلیم تقی شاہ نے کہا کہ وزیراعلی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 40)

جڑانوالہ: صاف ستھرا پنجاب پروگرام بدعنوانی کی لپیٹ میں، نچلے درجے کے ملازمین پر مظالم اور جبری کٹوتیوں کی ہولناک داستانیں سامنے آگئیں

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: صاف ستھرا پنجاب پروگرام بدعنوانی کی لپیٹ میں، نچلے درجے کے ملازمین پر مظالم اور جبری کٹوتیوں کی ہولناک داستانیں سامنے آگئیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا انقلابی منصوبہ صاف ستھرا پنجاب جڑانوالہ میں مبینہ بدعنوانی، اقربا پروری اور انتظامی نااہلی کے باعث التوا اور ناکامی کا شکار دکھائی دے رہا ہے۔ متعلقہ افسران اور سپروائزرز کی مبینہ بلیک میلنگ اور جبری کٹوتیوں نے صفائی عملے کو شدید ذہنی کرب میں مبتلا کر رکھا ہے، جبکہ دوسری جانب پورے علاقے میں جگہ جگہ پھیلی گندگی انتظامی دعوؤں کی قلعی کھول رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق یونین کونسل 562/18 (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

ٹریفک پولیس اوکاڑہ کے زیراہتمام تبادلہ ہوکر جانے والے 2انسپکٹرز کے اعزاز میں الوداعی تقریب ا

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) ٹریفک پولیس اوکاڑہ کے زیراہتمام تبادلہ ہو کر جانے والے 2 انسپکٹرز کے اعزاز میں الوداعی تقریب اور نئے آنے والے انسپکٹر کے لیے پروقار استقبالیہ کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر اوکاڑہ سربالی خان تھے۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک پولیس اوکاڑہ کے زیراہتمام تبادلہ ہو کر جانے والے انسپکٹر محمد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

بااثر افراد کا سرکاری اہلکاروں کے ہمراہ نابینا شخص کے مکان پر قبضہ کی مبینہ کوشش، نابینا شخص کا دیگر نابینا افراد کے ہمراہ احتجاج کارروائی کا مطالبہ

پاکپتن (نامہ نگار) بااثر افراد کا سرکاری اہلکاروں کے ہمراہ نابینا شخص کے مکان پر قبضہ کی مبینہ کوشش، نابینا شخص کا دیگر نابینا افراد کے ہمراہ احتجاج کارروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق پاکپتن کی تحصیل عارفوالا کے علاقہ 53 ایس پی کے رہائشی آنکھوں سے معذور اللہ دتہ ولد کرم دین رحمانی نے مختلف اداروں کو دی گئی درخواست اور میڈیا کو احتجاج ریکارڈ کرواتے ہوئے الزام عائد کیا کہ نائب تحصیلدار عارفوالا صفدر بھٹی کانونگو اور اسد زمان پٹواری دیگر دو کس نامعلوم شخص افراد کے ہمراہ میرے مکان شاہنواز کالونی عارفوالا پر آ گئے اور قبضہ کی کوشش کی، مذکورہ افراد نے دستک دے کر گھر کھلوایا اور گھر میں موجود کرائے دار خواتین کو حراساں اور پریشان کیا مکان پر قبضہ کی کوشش کی، شور واویلا پر گواہان موقع پر آ گئے، جنہوں نے یہ واقع خود دیکھا، نابینا اللہ دتہ کے مطابق میرے پاس صوبائی حکومت کا 8 مرلے پختہ مکان ہے جس کا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 36)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہید اے ایس آئی فقر حسین کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہید اے ایس آئی فقر حسین کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا اور اہل خانہ کی خیریت دریافت کرتے ہوئے ان کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ملاقات کے دوران ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شہید اے ایس آئی فقر حسین کی بیٹی کو اعزازی شیلڈ اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا اور اس کی تعلیمی کامیابی کو سراہتے ہوئے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات نے کہا کہ پولیس شہداءؒ ہمارا فخر ہیں، جنہوں نے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ شہداء کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہداءؒ کے بچوں کی تعلیم و تربیت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 39)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ اینٹی سموگ کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ اینٹی سموگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر غزالہ یاسین، اسسٹنٹ کمشنرز شائستہ جبین، حبیبہ بلال، شینا اعظم، ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرمنٹ ڈاکٹر حنا ستار، نمائندہ ٹریفک پولیس، پنجاب ہائی وے پولیس، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے، ڈی او آئی پی ڈبلیو سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ متعلقہ محکموں کے افسران نے ضلع میں اینٹی سموگ اقدامات، ماحولیاتی آلودگی کی صورتحال اور متعلقہ محکموں کی جانب سے کی جانے والی کارروائیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

جڑانوالہ: صاف ستھرا پنجاب پروگرام بدعنوانی کی لپیٹ میں، نچلے درجے کے ملازمین پر مظالم اور جبری کٹوتیوں کی ہولناک داستانیں سامنے آگئیں

مسٹر جسٹس محمد امجد رفیق کی عدالت نے مقدمہ قتل کا ملزم بری کر دیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے مسٹر جسٹس محمد امجد رفیق کی عدالت نے مقدمہ قتل کا ملزم بری کر دیا ملزم پارٹی کی جانب سے اس مقدمہ کی پیروی چوہدری ظفر اقبال ہنجرا ایڈووکیٹ کر رہے تھے تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ لاہور کے جسٹس محمد امجد رفیق کی عدالت نے کریمنل اپیل نمبری 63520 کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم عباس علی ولد لیاقت علی ساکن لدھے والا وڑائچ کو بری کرنے کا حکم سنادیا مورخہ 2024/07/26 کو تھانہ لدھے والا وڑائچ کے مقدمہ نمبر 636/23 بجرم 302 ت پ کا فیصلہ سناتے ہوئے سیشن جج گوجرانوالا جاوید اقبال وڑائچ کی عدالت نے ملزم عباس علی ولد لیاقت علی کو عمر قید اور دو لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنائی تھی سیشن عدالت کے فیصلہ کے خلاف ملزم نے لاہور ہائیکورٹ میں اپیل دائر کی تھی جس پر فیصلہ سناتے ہوئے عدالت عالیہ نے ملزم کو بری کرنے کا حکم صادر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر37)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شہید اے ایس آئی فقر حسین کی بیٹی کو اعزازی شیلڈ اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا ایس آئی فقر حسین کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی

گزشتہ 14 سال سے تحریک انصاف کی حکومت کے دور میں خیبر پختونخوا کے عوام 1 کو درپیش مسائل اور محرومیوں پر سنجیدہ توجہ دینے کی ضرورت ہے، فیاض ظفر چوہدری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما فیاض ظفر چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے حوالے سے صدر مملکت اور وفاقی کابینہ کے فیصلے کو صوبے میں امن وامان کی بہتری، عوامی مسائل کے حل اور انتظامی امور کی مؤثر انجام دہی کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے گزشتہ 14 سال سے تحریک انصاف کی حکومت کے دور میں خیبر پختونخوا کے عوام 1 کو درپیش مسائل اور محرومیوں پر سنجیدہ توجہ دینے کی ضرورت ہے عوام 1 کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والے وسائل کا بنیادی مقصد شہریوں کو تعلیم، صحت، روزگار، صاف پانی، بہتر سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے اس لیے حکومتی وسائل کو سیاسی سرگرمیوں کے بجائے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر خرچ کیا جانا چاہیے تا کہ عام آدمی کی زندگی میں حقیقی بہتری لائی جا سکے خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال اور دہشت گردی کے چیلنجز صوبائی حکومت اور وفاقی اداروں کی مشترکہ توجہ کے متقاضی ہیں، دہشت گردی کے خاتمے، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے 1 قیام کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 42)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ ناگزیر ہو چکا تھا، خان امتیاز علی خان ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر خان امتیاز علی خان ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ ناگزیر ہو چکا تھا، تحریک انصاف کے غیر جمہوری اور غیر پارلیمانی رویے نے وفاقی حکومت کو یہ قدم اٹھانے پر مجبور کیا، اگر یہ فیصلہ نہ کیا جاتا تو ملک ایک بڑے بحران سے دوچار ہو سکتا تھا، تحریک انصاف نے 14 سال تک صوبے میں حکومت کی مگر اسکے باوجود وہاں ترقی کے آثار نظر نہیں آتے، نوجوان روزگار کیلئے دربدر ہیں، ترقیاتی کام ٹھپ ہیں اور صحت جیسا بنیادی شعبہ بھی اس قدر کمزور ہے کہ مریضوں کو علاج کیلئے لاہور اور راولپنڈی جانا پڑتا ہے، وفاقی حکومت کے اس اقدام کو کے پی کے کے عوام کی دعاؤں کی قبولیت سمجھا جانا چاہیے، اسی لئے صوبے بھر میں اس فیصلے کے خلاف کوئی بڑا احتجاج سامنے نہیں آیا اور اکثریتی عوام اسے تحسین کی نظر سے دیکھ رہے ہیں، صوبے میں دہشتگر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 41)

اوکاڑہ سائنس ایگزیبیشن، میجک شو، مدر ٹیچر میٹنگ اور مختلف کریکٹرز کا شاندار انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ سائنس ایگزیبیشن، میجک شو، مدر ٹیچر میٹنگ اور مختلف کریکٹرز کا شاندار انعقاد نواز شریف سکول آف ایمنس گرلز کیمپس رینالہ خورد میں سائنس ایگزیبیشن کے ساتھ میجک شو، مدر ٹیچر میٹنگ اور مختلف کریکٹرز کا بھی شاندار انتظام کیا گیا، جس سے طالبات کو تعلیمی، تفریحی اور تخلیقی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کا موقع ملا۔ سائنس ایگزیبیشن میں طالبات نے مختلف سائنسی ماڈلز، پراجیکٹس اور تخلیقی تجربات پیش کیے۔ ان سرگرمیوں کا مقصد طلبہ میں سائنسی سوچ، تحقیق، تخلیقی صلاحیتوں، خود اعتمادی اور عملی سرگرمیوں کو فروغ دینا تھا۔ طلبہ نے ماحولیات، توانائی، ٹیکنالوجی، صحت، خلائی سائنس اور دیگر سائنسی موضوعات پر مختلف ماڈلز اور پراجیکٹس تیار کیے اور ان کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ طلبہ نے اپنی محنت اور صلاحیتوں سے اساتذہ، والدین اور دیگر شرکاء کو متاثر کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رینالہ خورد محترمہ صائمہ نذیر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ سی ای او مسرت ایجوکیشن پروموشن سوسائٹی شیخ عابد علی، جنرل سیکرٹری فرحان شہزاد اور چیف آرگنائزر آل پاکستان پرائیویٹ سکولز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 43)

کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کا گزشتہ سالوں میں فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے والوں کو سختی سے متنبہ کرنے کا حکم

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے گزشتہ سالوں میں فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے والوں کو سختی سے متنبہ کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ ہر گاؤں میں دھان سمیت فصلوں کی باقیات کو آگ نا لگانے کے حوالے سے نمبرداروں کو ٹاسک تفویض کیا جائے جو مساجد میں اعلانات کے ساتھ کسانوں کو آگاہی کے لئے تمام تر تشہیری ذرائع بروئے کار لائیں۔ انہوں نے یہ ہدایت محکمہ زراعت (توسیع) کے دفتر میں انسداد سموگ اقدامات پر بریفنگ لیتے ہوئے کہی۔ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) چوہدری خالد محمود، ڈپٹی ڈائریکٹر حافظ عدیل و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر فیصل آباد نے ڈویژن میں انسداد سموگ کے لئے محکمہ زراعت کی جاری مہم کو مزید موثر بنانے کی تاکید کی اور کہا کہ آگ نہ لگانے اور دوسروں کو ترغیب دینے کا عہد نامہ ہر کسان سے لیا جائے تا کہ واقعات کا سدباب اور ماحول کو آلودہ ہونے سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے کی حدود میں انسپکشن کو مزید سخت کریں اور باز نہ آنے والوں کے خلاف ایکشن لیا جائے۔ کمشنر فیصل آباد نے محکمہ زراعت کی مسجد میں کسانوں سے عہد بھی لیا اور کہا کہ کسان سپر سیڈرز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 44)

ایس پی انویسٹی گیشن شیخ شوکت کی پیشہ ورانہ خدمات، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوامی خدمت کے اقدامات کے تحت کھلی کچہریوں کے انعقاد

بہاولنگر سے (رانا محمد اشرف بیورو چیف جنوبی پنجاب) ایس پی انویسٹی گیشن شیخ شوکت صاحب کی پیشہ ورانہ خدمات، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوامی خدمت کے اقدامات کے تحت کھلی کچہریوں کے انعقاد، عوامی مسائل کے حل اور حسنِ اخلاق کو اجاگر کرتی ہوئی ایک دبنگ، شاندار اور خبرنامہ طرز کی تحریر حاضر ہے۔ ایس پی انویسٹی گیشن شیخ شوکت — فرض شناسی، عوامی خدمت اور انصاف کی فراہمی کا قابلِ تحسین کردار بہاولنگر پولیس میں پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عوامی خدمت کی مثال! ایس پی انویسٹی گیشن شیخ شوکت صاحب کا قابلِ تحسین کردار، کھلی کچہریوں کے ذریعے عوامی مسائل کے حل اور انصاف کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری! ضلع بہاولنگر میں پولیسنگ، جرائم پر قابو پانے، عوامی شکایات کے ازالے اور شہریوں کو انصاف کی فراہمی کے حوالے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 48)

مجلس تحفظ ختم نبوت جھنگ کے زیراہتمام غلہ منڈی ٹوبہ روڈ میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس زیر صدارت مولانا مصدوق حسین شاہ منعقد

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹرسے) مجلس تحفظ ختم نبوت جھنگ کے زیر اہتمام غلہ منڈی ٹوبہ روڈ میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس زیر صدارت مولانا مصدوق حسین شاہ منعقد ہوئی۔ کانفرنس سے مولانا اسماعیل شجاع آبادی، مولانا قاضی احسان احمد، شہباز گجر ایڈووکیٹ، مولانا عبدالحکیم نعمانی، مولانا معاویہ اعظم، صاحبزادہ محمود الحسن و دیگر نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ ختم نبوت پر ایمان لائے بغیر مسلمان ہونے کا کوئی تصور نہیں ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے ملک میں ختم نبوت ؟ کا نظام نافذ کیے بغیر جرائم، بیروزگاری، معاشی بدحالی ختم نہیں ہوسکتیں۔ ان رہنماؤں نے مزید کہا کہ قادیانیوں کو آئین کا پابند بنایا جائے۔ امتناعِ قادیانیت آرڈیننس وتحفظ ناموس رسالت کے قوانین پر حکمران مکمل عمل درآمد کریں۔ جے یو آئی جمعیت علماءؒ اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر شہباز احمد گجر ایڈووکیٹ نے کانفرنس متعدد قراردادیں پیش کیں جو کہ شرکاءؒ نے ہاتھ اٹھا کر تائید کی۔ ان قراردادوں میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ قانون میں دی گئی دفعہ 295 سی کا مکمل تحفظ ہونا چاہیے اور بعض نام نہاد این جی اوز کے نمائندوں کی طرف سے اس قانون کو کالا قانون کہنا صریحاً آئینی انحراف ہے ان کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے۔ ایک قرارداد کے ذریعے سہ فریقی "مکہ معاہدہ" کو انتہائی خوش آئند قرار دیا گیا اور اس کو زیر عمل لانے کا مطالبہ کیا گیا۔ ایک اور قرارداد کے ذریعے عزم کیا گیا کہ تحفظ حرمین شریفین پر کسی قسم کی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ اس سلسلہ میں حکومت پاکستان سہ فریقی معاہدہ کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 47)

خانکے موڑ چیتا فٹبال گراؤنڈ میں فلڈ لائٹ کبڈی ٹورنامنٹ کا انعقاد کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی معزز شخصیات کی شرکت

عظیم الشان خانکے موڑ سرکل
فلڈ لائٹ کبڈی ٹورنامنٹ
11 اکتوبر خانکے موڑ چیتا فٹبال گراؤنڈ

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) خانکے موڑ چیتا فٹبال گراؤنڈ میں فلڈ لائٹ کبڈی ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف کھلاڑیوں نے بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ شرکت کی اور اپنے کھیل کے شاندار جوہر دکھائے ٹورنامنٹ کے دوران کبڈی کے دلچسپ مقابلوں نے شائقین کی توجہ حاصل کیے رکھی جبکہ کھلاڑیوں کی پھرتی طاقت مہارت اور بہترین کھیل کو حاضرین نے خوب سراہا اس موقع پر کھیلوں سے محبت کرنے والی شخصیات اور معزز مہمانوں نے بھی شرکت کی تفصیلات کے مطابق خانکے موڑ چیتا فٹبال گراؤنڈ میں منعقدہ فلڈ لائٹ کبڈی ٹورنامنٹ کے انتظامی امور رانا عادل حسین اور کیپٹن رانا عاطف اکرام نے انجام دیے ٹورنامنٹ میں شریک کھلاڑیوں نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا کبڈی کے مقابلوں میں کھلاڑیوں نے ایک دوسرے کے خلاف بھرپور مقابلہ کیا جس سے گراؤنڈ میں کھیل کا جوش وخروش نمایاں رہا شائقین نے بھی کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور مقابلوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ٹورنامنٹ میں مرکزی پریس کلب جمبر کے صدر رانا عمران صابری، چیئرمین رانا انتظار الحق معاویہ، میڈیا کوآرڈینیٹر ملک نواز انمول، چیف آرگنائزر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر46)

ہمارے شہر محلے کو منشیات سے پاک کریں، منشیات سے آئے دن ہمارے بچے مر رہے ہیں، بزرگ ماؤں بہنوں کا شدید احتجاج

عارف والہ (کرائم رپورٹر) بزرگ ماؤں بہنوں کا شدید احتجاج، ہمارے شہر محلے کو منشیات سے پاک کریں، منشیات سے آئے دن ہمارے بچے مر رہے ہیں، تفصیل کے مطابق، سٹی عارف والہ میں محلہ مشتاق نگر کے بزرگ، بچے، مردوں اور خواتین نے منشیات فروشی کے خلاف بھرپور احتجاج ریکارڈ کروایا، اور منشیات فروشی کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کر دیا، ان کا کہنا ہے کہ ہماری نوجوان نسل منشیات کی بھینٹ چڑھ گئی ہے خدا کے لیے آئیں ہمارے محلوں گلیوں میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کریں اور ہمیں ان ملک دشمنوں سے نجات دلوائیں، عارف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 45)

چھاتی کا کینسر کوئی لاعلاج مرض نہیں ہے، تاہم اس کی روک تھام کے لیے خود معائنہ انتہائی ضروری ہے۔ — ڈاکٹر سیدہ حمیدہ علی بخاری

رینالہ خورد (سرفراز انجم) چھاتی کا کینسر کوئی لاعلاج مرض نہیں ہے، تاہم اس کی روک تھام کے لیے خود معائنہ انتہائی ضروری ہے۔ — ڈاکٹر سیدہ حمیدہ علی بخاری۔ یونیورسٹی آف اوکاڑہ (UO) کے ویمن ڈویلپمنٹ سینٹر (WDC) نے چھاتی کے کینسر سے متعلق آگاہی، بیماری کی جلد تشخیص اور احتیاطی طبی نگہداشت کو فروغ دینے کے لیے "پنک ربن یوتھ لیڈرشپ: چھاتی کے کینسر سے متعلق آگاہی" کے موضوع پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس سیمینار میں طلبہ، فیکلٹی ممبران اور انتظامی عملے نے شرکت کی تا کہ اس بیماری سے وابستہ خطرات کو کم کرنے کے لیے بروقت تشخیص، باقاعدہ اسکریننگ اور عوامی آگاہی کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین اس تقریب (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 49)

PATRON IN CHIEF
Prof. Dr Sajjad Mubin
Vice Chancellor
University of Okara
Organised by

ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قومی خدمات ہمیشہ قومی تاریخ کا روشن باب رہیں گی، صاحبزادہ عثمان علی جلالی

کاموکے (تحصیل رپورٹر) مرکزی جماعت اہلسنت کے چیئرمین صاحبزادہ عثمان علی جلالی نے کہا کہ ایٹمی سائنسدان اور محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قومی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قومی خدمات کو یاد کرتے ہوئے کہا انکی خدمات ہمیشہ قومی تاریخ کا روشن باب رہیں گی اور آنیوالی نسلوں کیلئے مشعلِ راہ ثابت ہونگی۔ انہوں نے اپنی انتھک محنت، عزم اور صلاحیتوں کے ذریعے پاکستان کے دفاع کو مضبوط بنانے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ انکی بے مثال خدمات کے نتیجے میں پاکستان کا دفاع ناقابلِ تسخیر بنانے میں مدد ملی اور دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 51)

معروف روحانی بزرگ پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک انتہائی عقیدت احترام سے منایا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) معروف روحانی بزرگ پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک انتہائی عقیدت احترام سے منایا گیا، سجادہ نشین صاحبزادہ پیر حکیم قاری ظہور احمد الخیری چشتی صابری نے رسومات ادا کیں، تفصیلات کے مطابق معروف روحانی بزرگ پیر طریقت رہبر شریعت پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا، عرس مبارک میں ملک پاکستان کے عظیم مشائخ وعلماء کرام ونعت خواں شرکت کرینگے اور قبلہ باباجی کے مریدین وعقیدت مند نے شرکت کی، عرس مبارک صبح 9 بجے شروع ہوا، صبح 10 بجے دربار شریف پر غسل مبارک اور چادر پوشی ہوئی، عرس مبارک کی صدارت مفتی شاہد محمود نقشبندی نے کی، علامہ قاری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 57)

بین الاقوامی ادارہ "سی آئی ایم وائی ٹی" (سمٹ) کے زرعی سائنسدانوں کے اعلیٰ سطحی وفد نے زرعی تحقیقاتی ادارہ گندم آری، فیصل آباد کا دورہ کیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی ادارہ ''سی آئی ایم وائی ٹی'' (سمٹ) کے زرعی سائنسدانوں کے اعلیٰ سطحی وفد نے زرعی تحقیقاتی ادارہ گندم آری، فیصل آباد کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت ''سمٹ'' کے ڈائریکٹر گلوبل ویٹ پروگرام ڈاکٹر فلیویو بریسو گھیلو نے کی۔ ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچرل ریسرچ پنجاب ڈاکٹر ساجد الرحمن اور چیف سائنٹسٹ شعبہ گندم ڈاکٹر جاوید احمد نے وفد کے شرکاء کو پنجاب میں جاری زرعی تحقیق کے علاوہ بین الاقوامی ادارہ سمٹ کے اشتراک سے گندم کی متعارف کردہ اقسام کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈاکٹر ساجد الرحمن نے بتایا کہ ادارہ کے زرعی سائنسدانوں نے 1960 سے لیکر ابتک گندم کی 70 سے زائد اقسام متعارف کروائی ہیں جن میں میکسی پاک، انقلاب، سحر، پنجاب ,2011 فیصل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر56)

محکمہ لائیوسٹاک فیصل آباد اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی مشترکہ ٹیم کی چک 67 ج۔ب سدھار، سبزی منڈی چراگاہ فیصل آباد میں قائم غیر قانونی سلاٹر ہاؤس کے خلاف کارروائی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ لائیوسٹاک فیصل آباد اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی مشترکہ ٹیم نے چک 67 ج۔ب سدھار، سبزی منڈی چراگاہ فیصل آباد میں قائم غیر قانونی سلاٹر ہاؤس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 50)

ڈپٹی کمشنر فیصل آباد محمد نعمان صدیق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز رشد اقبال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اجلاس منعقد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر فیصل آباد محمد نعمان صدیق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز رشد اقبال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں انسداد ڈینگی اقدامات، سرویلنس سرگرمیوں اور ہاٹ سپاٹس کی کوریج کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سی او ہیلتھ، ضلع کونسل، ایجوکیشن، لوکل گورنمنٹ، واسا، ستھرا پنجاب اتھارٹی، پی ایچ اے سمیت دیگر محکموں کے افسران موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہاٹ سپاٹس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 52)

بابا فرید سکول آف صوفی اسٹڈی کے زیراہتمام پریتم سنگھ کی معروف تصنیف (بابا گرو گرنتھ والے شیخ فرید جی بھال) کی تقریب رونمائی اور علمی ادبی، صوفیانہ نشست کا انعقاد

پاکپتن (نامہ نگار) بابا فرید سکول آف صوفی اسٹڈی کے زیراہتمام پریتم سنگھ کی معروف تصنیف (بابا گرو گرنتھ والے شیخ فرید جی بھال) کی تقریب رونمائی اور علمی ادبی، صوفیانہ نشست کا انعقاد ہوا، تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعت رسولِ مقبول ﷺ سے ہوا تقریب میں خطبہ استقبالیہ ایڈمنسٹریٹر اوقاف بابر سلطان گوندل، کتاب کی اہمیت و افادیت معروف دانشور لکھاری پروفیسر شیخ محمد مسعود خالد، تقریب کے آغاز ومقاصد اور علمی ادبی اہمیت سینئر صحافی وقار فرید جگنو، تقریب سٹیج سیکرٹری کے فرائض معروف ماہر تعلیم ٹیلنٹ آف پنجاب کے سی ای او جہانگیر احمد وٹو نے ادا کیئے گئے، تقریب میں معروف صوفی گلوکار فدا حسین نے اشلوک کلام بابا فرید پیش کئے، تقریب میں کتاب اور پریتم سنگھ جی سے متعلق معلومات پروفیسر زبیر احمد ایوارڈ یافتہ ڈاہاں کینیڈا، فکشن رائٹر و مصنف نین سکھ جی ڈاہاں ایوارڈ یافتہ کینیڈا، خصوصی خطاب (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 54)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کے نوٹس پر تھانہ گلیانہ پولیس کی کارروائی، تشدد کے واقعے میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

گجرات (سید طارق حسین +زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کے نوٹس پر تھانہ گلیانہ پولیس کی کارروائی، تشدد کے واقعے میں ملوث 4 ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق تھانہ گلیانہ کی حدود میں پیش آنے والے تشدد کے واقع کا ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے تھے۔ ڈی پی او گجرات کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ گلیانہ انسپکٹر شیراز حیدر نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے تشدد کے واقعے میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت 1۔ جنید شاہ 2۔ کفیل 3۔ محمد افضل 4۔ غلام عباس شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان کی تفتیش جاری ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ قانون ہاتھ میں لینے اور شہریوں پر تشدد کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ گجرات پولیس کی اولین ترجیح (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 55)

اوکاڑہ: سائنس ایگزیبیشن، میجک شو اور مختلف کریکٹرز کا شاندار انعقاد

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ بھوانہ انسپکٹر انسپکٹر اسد اللہ، اے ایس آئی مہدی شاہ نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم کو1240 گرام ہیروئن سمیت گرفتار کیا۔ ایس ایچ او تھانہ لنگرانہ سب انسپکٹر محسن حسن، سب انسپکٹر ثاقب علی نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم کو1280 گرام چرس سمیت گرفتار کیا۔ گرفتار منشیات فروش ملزمان کیخلاف تھانہ بھوانہ اور تھانہ لنگرانہ میں منشیات کی دفعات کے تحت مقدمات درج ہو چکے ہیں اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 53)

Grand Café Kotli Bajar
0331-0000865

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کے نوٹس پر تھانہ گلیانہ پولیس کی کارروائی، تشدد کے واقعے میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہُ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔...........(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الااللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

کے پی میں آئین کے تحت اقدام کیا گیا

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے غیر ملکی نمائندوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور خیبر پختونخوا حکومت کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف اقدامات پر اتفاق رائے کے لیے مذاکرات کے ذریعے متعدد کوششیں کی گئیں، ہمارا صرف ایک غیر سیاسی ایجنڈا تھا، پی ٹی آئی اپنا مارچ جاری رکھ سکتی تھی اور اپنے دیگر سیاسی مطالبات بھی پیش کر سکتی تھی، تاہم وفاقی حکومت صرف دہشت گردی کے خلاف متحدہ اور متفقہ پالیسی اختیار کرنا چاہتی تھی۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ ملک میں ایسی حکومت نہیں ہوسکتی جو دہشت گردوں سے ہمدردی اور ان کی حمایت کرے اور ایسی پالیسی اپنائے جس سے دہشت گردوں کو اپنی کارروائیاں اور سرگرمیاں جاری رکھنے کا موقع ملے۔ ہم پی ٹی آئی کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف اقدامات اور مشترکہ پالیسی کے بارے میں مذاکرات کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایک ملک کی دو خارجہ پالیسیاں نہیں ہوسکتیں۔ ایک طرف وفاقی حکومت افغانستان کے حوالے سے بات چیت اور سفارتی کوششیں کر رہی ہے اور مطالبہ ہے کہ افغانستان میں دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہیں ختم کی جائیں۔ عبوری افغان حکومت قابل اعتبار اقدامات کرے تاکہ افغان سرزمین پاکستان کے اندر دہشت گردانہ حملوں کے لیے استعمال نہ ہو، جبکہ دوسری طرف صوبائی حکومت کی عبوری افغان حکومت کے بارے میں الگ پالیسی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف ایک ہی ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہوسکتی ہیں؟ انہوں نے کہا کہ آئین سازوں نے آئین میں متعلقہ دفعات ایسے ہی حالات سے نمٹنے کے لیے شامل کی تھیں، لہٰذا اٹھائے گئے اقدامات 1973 کے آئین کے تحت قانونی طور پر درست ہیں۔ صوبے میں حکمرانی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو چکا تھا اور امن وامان کی صورت حال بھی مکمل طور پر خراب ہوگئی تھی۔ عطاء اللہ تارڑ کے مطابق ایسی قابل بھروسہ اطلاعات موجود ہیں کہ جن علاقوں میں دہشت گرد سرگرم ہیں، وہاں دیگر سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کو ان اضلاع سے بحفاظت گزرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ پی ٹی آئی کا مارچ ان اضلاع سے دہشت گرد تنظیموں کے ساتھ رابطہ کاری کے بعد گزرا کہ اسے ان علاقوں سے بحفاظت گزرنے کی اجازت ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ ایسا کیسے ممکن ہے؟ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ دہشت گردی کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) کے ذریعے اب تک خیبر پختونخوا حکومت کو تقریباً 800 ارب روپے فراہم کیے جا چکے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اتنی بڑی رقم دہشت گردی کے خلاف کاؤنٹر ٹیرر ازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) قائم کرنے پر کیوں خرچ نہیں کی گئی؟ یہ رقم خیبر پختونخوا میں سیف سٹی کیمرے نصب کرنے، پرتشدد انتہا پسندی کے خلاف مؤثر بیانیہ تشکیل دینے، فرانزک لیبارٹری قائم کرنے یا پولیس کے لیے جدید آلات خریدنے پر کیوں استعمال نہیں ہوئی؟ وفاقی وزیر اطلاعات نے بتایا کہ چند ہفتے قبل انہوں نے خیبر پختونخوا میں کوہاٹ کا دورہ کیا، جہاں دہشت گردی کا واقعہ پیش آیا تھا۔ انہوں نے ہسپتال میں زخمیوں سے ملاقات کی اور شہدا کے گھروں پر بھی گئے۔ ان کے مطابق خیبر پختونخوا کے لوگ ہر ممکن طریقے سے دہشت گردی کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ شدید مشکلات اور تکالیف برداشت کرنے کے باوجود زخمی افراد کے عزم اور حوصلے میں کوئی کمی نہیں تھی، تاہم دہشت گردی سے ان کی زندگی اور روزگار بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ طالبان کے پیش کردہ اسلام کا حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ طالبان خیبر پختونخوا میں ایسا نظام چاہتے ہیں جہاں خواتین کو حصول تعلیم کا حق نہ دیا جائے۔ ان کے بقول یہ وہ نظریہ ہے جسے فروغ دیا جا رہا تھا۔ انہوں نے سوال کیا کہ جو حکومت عوام کے جان و مال کی حفاظت اور صوبے میں امن وامان برقرار رکھنے کی ذمہ دار ہو، وہ دہشت گردوں کے ساتھ مل کر ان کی سرگرمیوں کو کیسے فروغ دے سکتی ہے؟ وفاقی وزیر اطلاعات نے الزام عائد کیا کہ صوبے میں سیاست، دہشت گردی اور جرائم کے درمیان ایک مبینہ گٹھ جوڑ موجود تھا۔ ان کے مطابق کان کنی اور معدنیات کے شعبے، لکڑی اور تمباکو کی تجارت یا سونے اور قیمتی پتھروں کی تجارت کا جائزہ لیا جائے تو سرحد پار اسمگلنگ جاری نظر آتی ہے۔ ان سرگرمیوں میں دہشت گردوں کو مبینہ طور پر حکومتی سرپرستی اور سہولت فراہم کی جاتی رہی۔ انہوں نے بتایا کہ کوہاٹ جاتے ہوئے راستے میں ایک پٹرول پمپ پر وزیراعظم کی فیول ریلیف اسکیم کے تحت ہونے والی رجسٹریشن کا جائزہ لیا، جہاں کسی موٹر سائیکل یا گاڑی کی رجسٹریشن نہیں ہوئی تھی۔ عطاء اللہ تارڑ نے سوال کیا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے گزشتہ ساڑھے 13 برسوں میں ان گاڑیوں کی رجسٹریشن کیوں نہیں کی؟ ان کے مطابق اس کی وجہ دہشت گردوں کے ساتھ مبینہ گٹھ جوڑ، بدعنوانی، غیر قانونی تجارت اور اسمگلنگ ہے۔ یہ تمام سرگرمیاں بیک وقت جاری تھیں اور حکمرانی کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا تھا۔

سخنورانِ پاکستان: شعری حافظے کی بازیافت

سلیقہ گفتار

محمد ذیشان اکرم

Email:zeeshanleghari65@gmail.com

چند ہفتے قبل ڈاکٹر محبوب عالم صاحب ڈیرہ غازی خان تشریف لائے تو ملاقات کے دوران اپنی کتاب ''سخنورانِ پاکستان'' بطورِ تحفہ عنایت کی۔ کتابیں بسا اوقات اپنے مادی وجود سے کہیں آگے کی چیز ہوتی ہیں۔ ان کے صفحات میں محض الفاظ محفوظ نہیں ہوتے، ایک عہد کی فکری اور تہذیبی سانس بھی دھڑکتی رہتی ہے۔ خصوصاً جب کوئی کتاب شعراءِ کرام کے ذکر، ان کے کلام اور ان کے عہد کی شعری فضا کو اپنے دامن میں سمیٹنے کی کوشش کرے تو وہ محض مطالعے کی چیز نہیں رہتی بلکہ ادبی حافظے کا حصہ بن جاتی ہے۔ ''سخنورانِ پاکستان'' کے مطالعے نے مجھے سب سے پہلے اسی احساس سے دوچار کیا کہ یہ کتاب محض شعرا کے تعارف اور کلام کے انتخاب کا مجموعہ نہیں، بلکہ ایک صاحبِ ذوق اور صاحبِ نظر ادیب کی اس جستجو کا نتیجہ ہے جس کے پس منظر میں ادب سے طویل اور مخلصانہ وابستگی موجود ہے۔ ڈاکٹر محبوب عالم نے اس کتاب میں پاکستان کی شعری روایت کے مختلف رنگوں کو یکجا کرنے کی کوشش کی ہے، تاہم اس کا سب سے اہم پہلو میرے نزدیک ڈیرہ غازی خان کے غزل گو شعرا کی شعری روایت کو محفوظ کرنا ہے۔ ہمارے ادبی منظرنامے کا ایک المیہ یہ بھی رہا ہے کہ مرکزی شہروں اور بڑے ادبی حلقوں سے باہر پیدا ہونے والی بہت سی تخلیقی آوازیں وقت کے دھندلکوں میں گم ہو جاتی ہیں۔ ان کا کلام رسائل و جرائد کے بکھرے ہوئے صفحات میں منتشر رہتا ہے، شخصی کوائف فراموش ہو جاتے ہیں اور نئی نسلوں تک ان کا تعارف نہیں پہنچ پاتا۔ ایسے میں ''سخنورانِ پاکستان'' جیسی کتاب کی اہمیت صرف اس بات میں نہیں کہ اس نے متعدد شعرا کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے، بلکہ اس کی اصل قدر اس کوشش میں ہے جو فراموشی کے مقابلے میں ادبی حافظے کو زندہ رکھنے کے لیے کی گئی ہے۔ ڈیرہ غازی خان کے غزل گو شعراء کرام سے متعلق اس کتاب میں شخصی کوائف، منتخب کلام اور ان کی شعری اہمیت پر مضامین شامل ہیں۔ یہ محض ناموں کی فہرست نہیں بلکہ اس خطے کی شعری روایت کے ایک گوشے کو محفوظ کرنے کی کوشش ہے۔

کسی علاقے کے شعرا کا تعارف مرتب کرنا بظاہر ایک تالیفی کام معلوم ہوتا ہے، مگر اس کے باطن میں ایک پوری تہذیبی ذمہ داری پوشیدہ ہوتی ہے۔ مقامی ادبی روایت کو محفوظ کیے بغیر قومی ادب کی کوئی مکمل تصویر ممکن نہیں۔ بڑے ادبی نقشے ہمیشہ چھوٹے شہروں، گمنام بستیوں اور ان آوازوں سے تشکیل پاتے ہیں جو اپنی جغرافیائی شناخت سے آگے بڑھ کر انسانی تجربے کا حصہ بن جاتی ہیں۔ کتاب کا دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ اس میں پاکستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے متعدد نمایاں شعرا کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ ان کا مختصر تعارف، منتخب کلام اور ان پر تبصرے کتاب کو صرف علاقائی دائرے میں محدود نہیں رہنے دیتے بلکہ اسے ایک وسیع تر شعری منظرنامے سے جوڑ دیتے ہیں۔ یوں مقامی اور قومی ادب کے درمیان ایک ایسا رشتہ قائم ہوتا ہے جو ہمارے ادبی مطالعے کے لیے بے حد ضروری ہے۔ ڈاکٹر محبوب عالم نے بطورِ محقق اور ناقدِ غزل اس کتاب کی ترتیب میں محض مواد جمع کرنے پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ کلام کے انتخاب اور شعری جہات کی طرف بھی توجہ دی ہے۔ یہی مقام کسی تذکرہ نما کتاب کو محض معلومات کے ذخیرے سے آگے بڑھا کر ایک ادبی تجربے میں تبدیل کرتا ہے۔ شعر کی اصل معنویت شاعر کے نام سے زیادہ اس کی تخلیقی شناخت میں ہوتی ہے اور ڈاکٹر محبوب عالم نے اپنے تبصروں میں اس شناخت کو نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں محترمہ رابعہ خالد رانا کا تعاون بھی شامل رہا ہے، جس کا ذکر ضروری ہے۔ ادبی و تحقیقی کام بسا اوقات ایک فرد کے نام سے سامنے آتے ہیں، مگر ان کی تکمیل میں کئی ذہنوں، ہاتھوں اور حوالوں کی شمولیت ہوتی ہے۔ اس تعاون نے ''سخنورانِ پاکستان'' کے تحقیقی اور تالیفی سفر کو یقیناً تقویت بخشی۔ مطالعے کے دوران میرے لیے سب سے زیادہ خوش گوار پہلو یہ رہا کہ کتاب بار بار قاری کو ایک سے دوسری شعری آواز تک لے جاتی ہے۔ کہیں معروف ناموں سے ملاقات ہوتی ہے، کہیں ایسے شعرا سامنے آتے ہیں جن کا تعارف محدود حلقوں تک رہا اور کہیں کلام کا کوئی شعر اپنے اندر ایک پوری کیفیت لیے ہوئے قاری کو ٹھہرنے پر مجبور کرتا ہے۔ یہی ایک ایسی کتاب کا وصف ہے جو محض معلومات فراہم نہیں کرتی بلکہ اپنے قاری کے اندر مزید مطالعے اور جستجو کا ذوق بھی پیدا کرتی ہے۔ ''سخنورانِ پاکستان'' کا مطالعہ مکمل کرنے کے بعد محسوس ہوا کہ اس کتاب کی اصل اہمیت اس کے صفحات سے کہیں زیادہ اس ادبی احساس میں ہے جس کے تحت اسے مرتب کیا گیا۔ ادب میں تخلیق کے ساتھ ساتھ تحفظِ ادب بھی ایک بڑی ذمہ داری ہے۔ جو لوگ گزرے ہوئے اور موجودہ ادبی سرمایے کو یکجا کرتے ہیں، دراصل وہ آنے والے زمانوں کے لیے چراغ محفوظ کر رہے ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر محبوب عالم کی یہ کاوش بھی اسی نوعیت کی ہے۔ یہ کتاب چند ہفتے قبل بطورِ تحفہ ملی تھی، مگر اس کے مطالعے کے بعد اس تحفے کی معنویت دوچند ہوگئی ہے۔ یہ صرف ایک کتاب نہیں بلکہ پاکستان کی شعری روایت سے محبت، تحقیق کی جستجو اور ادب کے بکھرے ہوئے موتیوں کو ایک لڑی میں پرونے کی ایک مخلصانہ کوشش ہے۔

ڈاکٹر محبوب عالم صاحب!

سخنورانِ پاکستان'' کے ذریعے آپ نے صرف شعراءِ کرام کے نام اور کلام جمع نہیں کیے بلکہ شعری روایت کے ایک اہم حصے کو فراموشی کے اندھیروں سے بچانے کی کوشش کی ہے۔ یہی اس کتاب کا سب سے بڑا ادبی اور تہذیبی وصف ہے۔

رَیل اور رِیل



محمد ناصر اقبال خان

Kaonain1@gmail.com

جس طرح ناقص سامان بیچنا ایک کامیاب ٹریڈر کی مہارت شمار ہوتی ہے، اس طرح جو سرکاری ترجمان حکومت کی ناکامی، بدنامی، بدانتظامی اور انتقامی سیاست کی پردہ پوشی اور حق نمک ادا کرنے کیلئے انتہائی ڈھٹائی کے ساتھ جھوٹا بیانیہ بنائے وہ اپنے کام میں ماہر جبکہ ارباب اقتدار کے ساتھ وفادار سمجھا جاتا ہے، تاہم سوشل میڈیا کے متحرک ہونے سے سرکاری میڈیا مینجرز اپنا اپنا منصب بچانے کیلئے ایڑیاں رگڑ رہے ہیں۔ ہمارے مخصوص سیاستدانوں کی ہر ایک ''رگ'' میں جھوٹ کا ''روگ'' کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے تاہم اب منفی پروپیگنڈا زیادہ دیر تک زندہ نہیں رہتا۔ پچھلی کئی دہائیوں سے شعبدہ بازیاں اور شوبازیاں ہماری پراگندہ سیاست کا اہم حصہ ہیں، فلمی دنیا کے سٹنٹ مین سے زیادہ ہمارا مخصوص حکمران طبقہ طرح طرح کے سٹنٹ کرتا ہے۔ ''کرو تھوڑا تے دسو بوہتا'' ہمارے مخصوص حکمرانوں اور سیاستدانوں کا ٹریڈ مارک ہے، یہ لوگ اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنی کامیابیوں کا ڈھول بجاتے اور آسمان سر پر اٹھاتے ہیں۔ آج بھی پنجاب میں ''اصلاحات'' سے زیادہ ''اشتہارات''، یعنی ''تعمیر'' سے زیادہ ''تشہیر'' پر زور ہے۔ ہماری حکمران اشرافیہ ''ماڈل'' اور ''رول ماڈل'' کے درمیان بنیادی فرق سے بھی آشنا نہیں۔ عزت کی بجائے شہرت ان کا ویژن اور مشن ہے لہٰذا شہرت کیلئے ان کی شعبدہ بازیاں جاری ہیں۔

چند برس قبل شہر قائدؒ سے شہر لاہور آنیوالے چند صحافیوں کو میٹروبس میں سوار کیا اور ایک راؤنڈ کے بعد انہیں اتار لیا گیا، اس مختصر راؤنڈ کے بعد ان کی طرف سے میٹروبس نامی مردہ اور بوسیدہ سفید ہاتھی کا ''قصیدہ'' ایک پریس ریلیز کی صورت میں اخبارات میں چھپوا دیا گیا۔ یاد رہے دوران تعمیر شہباز شریف کے ہر وزٹ سے میٹروبس ٹریک کا ڈیزائن تبدیل ہو جایا کرتا تھا اور اس کیلئے کسی پروفیشنل انجینئر سے مشاورت کی ضرورت نہیں پڑتی تھی۔ جس نے بھی ان تعمیرات کو غور سے دیکھا اسے میٹروبس ٹریک کے متعدد اسٹیشن کا ایک دوسرے سے فرق معلوم ہے، ٹریک پر تعمیر ہونیوالے دو فلائی اوور یوٹرن ابتدائی نقشہ میں شامل نہیں تھے وہ لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر بنے ہیں۔ ان نام نہاد صحافی حضرات نے نہ میٹروبس کے ٹریک سے متصل آبادیوں کا وزٹ کیا اور نہ مقامی شہریوں کو درپیش روزمرہ کی دشواریوں کا جائزہ لیا، وہ تعمیرات کے معیارات کی سوجھ بوجھ سے عاری اور نقشہ کی ابجد تک سے ناآشنا تھے۔ ان دنوں شہباز شریف نے بھی بحیثیت وزیراعلیٰ دس گیارہ بار میٹروبس میں ''ہوٹا'' لیا تھا، شوقیہ ''سوار'' اور ہر روز ''خوار'' ہونا دو مختلف باتیں ہیں۔ سو مسلسل خسارے کے باوجود سرکاری دستاویزات میں میٹروبس کی کامیابی پر مہر ثبت کردی گئی جبکہ میٹروبس کے ٹریک سے متصل گلیوں میں آباد شہریوں کی زندگی انتہائی دشوار ہوگئی، وہ آج بھی میٹروبس کے ٹریک سے متصل سروس روڈ سے گزرتے ہوئے انتہائی خوار ہوتے ہیں۔ بارشوں کی صورت میں میٹروبس ٹریک کا پانی گلیوں میں بھر جاتا ہے جبکہ سروس روڈ پر جا بجا بڑے بڑے گڑھے بنے ہوئے ہیں جہاں بارش کا پانی بھر جانے سے ڈینگی مچھر کی پرورش ہوتی ہے، اس کے باوجود ارباب اقتدار واختیار ''ڈینگی'' نہیں بلکہ ''ڈینگیں'' مارتے ہیں۔ سروس روڈ کی بدترین ٹوٹ پھوٹ سے مقامی شہریوں کی دشواریوں کا سورج سوا نیزے پر آیا ہے تاہم مراعات یافتہ طبقہ اس کی مرمت کیلئے تیار نہیں۔ ماضی کے حکمران اشتہارات کیلئے اخبارات تک محدود تھے لیکن اب مرکز سے پنجاب تک ارباب اقتدار واختیار کا زیادہ تر وقت سوشل میڈیا کیلئے ریل بناتے ہوئے گزرتا ہے۔ مردوزن میں سے کسی شہری کو سوشل میڈیا کیلئے پولیس یونیفارم میں فوٹو یا ویڈیو بنانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، یہ بات راقم نے چند برس قبل اپنے ایک کالم میں لکھی تھی لیکن اب تو پاوردی آفیسرز اور اہلکار انتہائی شوق سے سوشل میڈیا کیلئے اپنی ویڈیوز بنا رہے ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود محکمے کو شہریوں کی طرف سے عزت اور اعتماد حاصل نہیں ہے۔ سوار باب اقتدار واختیار کی ان سرگرمیوں کو دیکھتے ہوئے ''سوشل میڈیا'' کو ''شغل میڈیا'' کہنا بیجا نہیں ہوگا۔ اس کے باوجود سرکاری پروپیگنڈا اسیل کا ''شور'' عوام کے اجتماعی ''شعور'' پر اثر انداز نہیں ہو رہا۔ گیارہ ارب کے ہوائی جہاز پر اندرون وبیرون ملک ہوائی سفر کے نتیجہ میں ہونیوالی شدید تنقید سے خاتون وزیراعلیٰ کا دل انتہائی ''بوجھل'' ہے کیونکہ اب سوشل میڈیا کی نگاہوں سے کچھ بھی ''اوجھل'' نہیں ہوتا، اب پنجاب میں طرز حکومت پر تنقید کرنیوالے یوٹیوبرز پر طنز کے تیر برسائے جاتے ہیں۔ قومی وسائل میں نقب لگاتے ہوئے میڈیا اور سوشل میڈیا پر شارٹ ویڈیوز اور اشتہارات کی بہتات سے شہرت پانا بظاہر آسان ہو گیا لیکن اس سے عزت روٹھ جاتی ہے۔ اپنے بنیادی حقوق سے ''محروم'' عوام کا مخصوص حکمرانوں اور ان کے حواریوں کو اپنا ''محرم'' نہیں ''مجرم'' سمجھنا فطری ہے۔ مخصوص حکمرانوں کی کوئی بناوٹ سے بھرپور ''ریل'' یقیناً ان کے ''رئیل'' چہروں کو نہیں چھپا سکتی۔ اب پٹڑی پر بحفاظت ''رَیل'' دوڑانا نہیں بلکہ ''رِیل'' بنانا حکمرانوں کے نزدیک گڈ گورننس ہے۔ آئے روز ''رَیل'' کے ساتھ ہونیوالے حادثات ریاستی ترجیحات میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کے متقاضی ہیں، ''عہد'' کی تبدیلی کیلئے محض ''عہدوں'' کی تبدیلیاں یعنی رسمی تبادلے کافی نہیں۔ مخصوص حکمرانوں کے پوز بتاتے ہیں انہیں ''ماڈل'' تو مانا جاسکتا ہے لیکن وہ ہرگز ہمارے نوجوانوں کے ''رول ماڈل'' نہیں ہیں۔ محض انگلیوں میں پنسل دبانے اور تصاویر بنوانے سے ''اقبال'' بلند نہیں ہوسکتا۔

عمان میں بادشاہت ہے، شہنشاہ کو کیا معلوم جمہوری چونچلے کیا ہوتے ہیں، وہاں عالیشان محلات میں مقیم کوئی سلطان ہزاروں میل دور پنجاب حکومت سے ملے قرض کے نتیجہ میں کسی محلے کی سطح پر ہونیوالی تعمیرات میں ہرگز دلچسپی نہیں رکھتا اور نہ ان کے معیار کا معائنہ کرنے اور ان پاس یا فیل ہونے کا فیصلہ صادر کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ یاد رکھیں ''عمان'' کے وزیر کا دیا ہوا کوئی نام نہاد سوونیئر نقادوں سے ہرگز ''امان'' نہیں دے سکتا۔ پنجاب حکومت کے عام سے ہاؤسنگ پراجیکٹ ''اپنی چھت، اپنا گھر'' کے تحت مخصوص افراد کو بغیر سود قرض دینے جبکہ پانچ برسوں میں محدود آمدن والے عوام کیلئے آدھ ملین گھر بنانے کے ہدف میں ایسا کیا ہے جس پر خاتون وزیراعلیٰ کو عمان میں اسٹیٹ گیسٹ کے طور پر مدعو کیا اور سوونیئر سے نوازا گیا جبکہ دوسری طرف ورلڈ بنک کی ''حالیہ'' رپورٹ نے ہماری معاشی ''بدحالیہ'' کو ایکسپوز کردیا۔ میں تین عشروں اور تین برسوں سے تحریر اور پریس ریلیز سے وابستہ ہونے کی حیثیت سے لفاظی میں چھپی نیت اور تحریر کی تاثیر کو بخوبی سمجھتا ہوں۔ اب سرکاری پریس ریلیز کو بھی اخبارات کے سٹاف رپورٹرز کی کریڈٹ لائنز کے ساتھ اشاعت کا حصہ بنایا جاتا ہے ورنہ سرکاری اشتہارات بند ہو جاتے ہیں۔ پنجاب کی خاتون وزیراعلیٰ کے حالیہ دورہ عمان میں لاہور سے کوئی قابل اعتماد میڈیا پرسن ان کے ساتھ نہیں گیا لہٰذا سرکاری پریس ریلیز میں مریم نواز کی ضرورت سے بہت زیادہ پذیرائی ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ ایوارڈ والی خبر میں بھی پنجاب کے سوا باقی چار ملکوں کا نام تک نہیں لیا گیا۔ ماضی میں شہباز شریف کو ''خادم اعلیٰ'' اور ''شہباز سپیڈ'' کے القابات سے کس نے اور کیوں نوازا تھا، اس بارے میں بھی کسی کے پاس کوئی مستند معلومات نہیں ہیں۔ سرکاری قصر کی چار دیواری کے اندر جہاں میڈیا کا کوئی نمائندہ یا عینی شاہد نہیں ہوتا جو ارباب اقتدار کے اعلانات پر مہر تصدیق ثبت کرے سو دنیا کے مخصوص ملکوں میں اپنے سیاسی مفادات کی خاطر خودساختہ القابات تیار اور اختیار کرنا معیوب نہیں سمجھا جاتا۔ مخصوص علماء اور نام نہاد پیر بھی خودساختہ القابات کو سماج میں اپنے بلند مقامات اور مالی مفادات کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ دنیا بھر میں انعامات اور ''اعزازات'' کیلئے بذات خود ''انتظامات'' کیے جاتے ہیں، ہر کوئی اپنے اپنے انداز سے اپنی ''قسمت'' بنانے یا چمکانے کیلئے اس کی ''قیمت'' ادا کرتا ہے۔ ہمارے کسی منجھے ہوئے شاعر کا ''دیوان''، کسی ''دھنوان'' کے نام سے چھپ جاتا ہے۔ بیچارہ ڈونلڈ ٹرمپ بھی پچھلے کئی برسوں سے نوبیل انعام مانگ رہا ہے تاہم بسا اوقات طاقتور اور سرمایہ دار بھی نامراد رہ جاتے ہیں، انہیں کھیلنے کو چاند نہیں ملتا۔ اب تو ہر سال ریاست پاکستان کے ''اعزازات'' کو بھی شدید ''اعتراضات'' کا نشانہ بنایا جاتا ہے، اعزازات ملنے والے افراد بعد میں اپنا ''سی وی'' اور اپنی ''صفائیاں'' پیش کر رہے ہوتے ہیں۔ اداکار اور گلوکار بھی اپنے اپنے نام کے ساتھ ٹریجڈی کنگ، بگ بی، کنگ خان، بھائی جان، ملکہ ترنم اور ملکہ جذبات سمیت مختلف القابات لگانا پسند کرتے ہیں۔ فلمی دنیا کے ایوارڈ بھی متنازعہ رہے ہیں، وہاں بھی چہرہ اور اثر ورسوخ کام آتا ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایک مذموم اور منظم ایجنڈے کے تحت اعزازات اور القابات کیلئے ''عزت'' کی بجائے ''شہرت'' کو بنیاد یا معیار بنایا جا رہا ہے۔ راقم کے نزدیک جو میزبان نام نہاد عوامی ''ڈیمانڈ'' پر کسی انسان کو اس کی اعلیٰ وعمدہ ''شخصیت'' کی بجائے محض سوشل میڈیا سے راتوں رات ملی ''شہرت'' کی بنیاد پر اپنے پوڈکاسٹ یا ٹاک شو میں مدعو کرے وہ بھی اندر سے ''بھانڈ'' ہے۔ ماضی میں مخصوص طبقہ بھانڈوں کی ذومعنی جگت بازی سننے کسی تھیٹر میں جاتا تھا لیکن اب ہر نجی چینل کی وساطت سے یہ بھانڈ ہمارے بیڈروم میں سنے جاتے ہیں، اگر یہ اجتماعی شعور ہے تو پھر دور جہالت اس سے ہزار گنا اچھا تھا۔ شعبدہ بازی اور مزاح کے نام پر بیہودہ ترین جملے بازی کی سائنس کو سمجھنا ہرگز دشوار نہیں، جھوٹ کا پوسٹ مارٹم کرتے ہوئے سچائی تک رسائی یقینی بنائی جاسکتی ہے۔ جو شہرت کیلئے اپنی یا اپنوں کی عزت ''روندتا'' ہو، وہ زندگی بھر ''روتا'' اور کف افسوس ملتا ہے۔



گندم کی کاشت اور پیداوار ی ہدف کا حصول، ڈویژنل و ڈسٹرکٹ کمیٹیاں تشکیل

دوڈویژنز میں گزشتہ برس 24 لاکھ 40 ہزار ایکڑ پر گندم کی کاشت کی گئی جبکہ اس سال پنجاب حکومت کے اقدامات کی وجہ سے گندم کے رقبہ میں اضافے کی امید ہے جسکی وجہ سے پیداوار میں بھی اضافہ ہو گا

رواں سال گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن میں گندم کی کاشت گزشتہ برس سے زیادہ متوقع ہے کیونکہ پنجاب حکومت نے کسانوں کی فلاح کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں، اور سرکاری رقبے پر گندم کی کاشت کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے

گوجرانوالہ(بیوروپورٹ)دوڈویژنز میں گزشتہ برس24لاکھ 40ہزارایکڑ پرگندم کی کاشت کی گئی جبکہ اس سال پنجاب حکومت کے اقدامات کی وجہ سے گندم کے رقبہ میں اضافے کی امید ہے جسکی وجہ سے پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا۔ کمشنر گوجرانوالہ وگجرات ڈویژن محمد علی نے کہاہے کہ رواں سال گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن میں گندم کی کاشت گزشتہ برس سے زیادہ متوقع ہے کیونکہ پنجاب حکومت نے کسانوں کی فلاح کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں ،اور سرکاری رقبے پر گندم کی کاشت کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے۔ جبکہ گزشتہ دھان کے سیزن میں کسان کارڈ کے ذریعے بلاسود تقریبا 74 ہزار کاشت کاروں کو 6259 ملین روپے تقسیم کیے گئے اور موجودہ گندم کے سیزن میں بھی تقریبا اس سے کم وبیش زمینداروں کو بذریعہ کسان کارڈ بلاسود رقم فراہم کی جائے گی تاکہ کاشت کار آسانی فصلوں کو کاشت کرسکیں۔ یہ بات کمشنر محمد علی نے گندم کی کاشت کی پیداوار بڑھانے سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن خالد ارشد مرزا، ڈائریکٹرز زراعت توسیع ڈاکٹر محمد شکیل، ڈاکٹر عرفان، دونوں ڈویژنز سے محکمہ کے افسران اور فارمرز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کمشنر محمد علی نیکہا کہ گندم ملکی فوڈ سکیورٹی کی ضامن ہیاور اس کی بروقت کاشت زیادہ پیداوار کی ضامن ہے۔ انہوں نیکہا کہ کاشتکاروں کو گندم کے تصدیق شدہ بیج، [illegible] کاشت، [illegible] اور متوازن کھادوں کے استعمال سے متعلق آگاہی ورہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔ [illegible] گندم [illegible] پروافر مقدار میں موجود ہیں۔ دریں اثنا 15 اکتوبر سے کسان کارڈ بھی خریداری کیلئے فعال ہو جائیگا۔ [illegible] جات کروائی جا رہے ہیں اجلاس میں بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کیتحت دونوں ڈویژنز کے [illegible] تاکہ ہم گورنمنٹ کی جانب سے دیئے گئے اہداف کو بر وقت مکمل کر سکیں

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الااللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

ڈپٹی کمشنر کی چلڈرن ہسپتال آمد، مختلف امور، سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

ہسپتال میں زیرعلاج بچوں کی عیادت، پارکنگ ایریا۔ کینٹین کا معائنہ بھی کیا

گوجرانوالہ(بیوروپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے چلڈرن ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال میں مریض بچوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری سمیت مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی ڈیوٹی روسٹر کے مطابق حاضری چیک، زیرعلاج بچوں کی عیادت کی۔ انہوں نے بچوں کیلواحقین اور اٹینڈنٹس سے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے انتظامات بارے بھی استفسار کیا اور ان کے مسائل بھی دریافت کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کی کنٹین اور پارکنگ ایریا کا بھی معائنہ کیا۔

☆☆☆☆

نسل نو کو برداشت، ذمہ داری، امن پسندی کے جذبے سے آراستہ کرنا ہوگا

چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی

بین المذاہب امن کمیٹی کیزیراہتمام استحکامِ پاکستان امن سیمینار کا انعقاد قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی، باہمی احترام اور پائیدار امن کیفروغ کیحوالے سے ایک اہم اور قابل تحسین اقدام ہے

سیمینار کا بنیادی مقصد پاکستان کے استحکام، معاشرتی امن، بین المذاہب رواداری اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والیافراد کے مابین محبت، بھائی چارے اور باہمی اعتماد کو مضبوط بنانا ہے

گوجرانوالہ(بیوروپورٹ) بین المذاہب امن کمیٹی کیزیراہتمام استحکامِ پاکستان امن سیمینار کا انعقاد قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی، باہمی احترام اور پائیدار امن کیفروغ کیحوالے سے ایک اہم اور قابل تحسین اقدام ہے۔ سیمینار کا بنیادی مقصد پاکستان کے استحکام، معاشرتی امن، بین المذاہب رواداری اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والیافراد کے مابین محبت، بھائی چارے اور باہمی اعتماد کو مضبوط بنانا ہے۔ پاکستان مختلف ثقافتوں، زبانوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کا مشترکہ وطن ہے، جہاں تمام شہریوں کو مذہبی آزادی، عزت واحترام اور پرامن زندگی گزارنے کیلئیکساں مواقع فراہم کرنا ایک مہذب اور مضبوط معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ وطن عزیز کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کیلئے ضروری ہے کہ معاشرے کے تمام طبقات قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے اتحاد واتفاق، برداشت اور رواداری کو فروغ دیں۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان مفتی محمد ضیا مدنی، وائس چیئرمین آغا حسین مصور، ایم پی اے عمانوئیل اطہر جولیس، چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی گوجرانوالہ نعمان مشتاق، پاسٹر وکٹر ایلس گلزار، آرگنائزر پاسٹر عمران رحمت، منیر مسیح سہوترا، ذیشان ایلڈر، عارف مسیح و دیگر نے استحکام پاکستان امن سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ استحکامِ پاکستان کا تقاضا ہے کہ قومی وحدت کو نقصان پہنچانے والے تعصبات، نفرت انگیز رویوں اور عدم برداشت کی حوصلہ شکنی کی جائے اور مکالمے، برداشت، باہمی احترام اور قانون کی پاسداری کو فروغ دیا جائے۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ قومی مشکلات اور چیلنجز کا مقابلہ ہمیشہ اتحاد، یکجہتی اور باہمی تعاون سے ہی ممکن ہوا ہے۔ آج بھی ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام شہری اپنے اختلافات کو احترام اور مکالمے کے ذریعے حل کریں اور پاکستان کی سلامتی، خودمختاری، ترقی اور خوشحالی کے لیاپنا مثبت کردار ادا کریں۔ نوجوان نسل کو بالخصوص برداشت، ذمہ داری، امن پسندی اور قومی خدمت کے جذبے سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ معاشرے کیتمام طبقات کوایک دوسرے کیحقوق کا احترام کرتے ہوئے ایسے ماحول کی تشکیل میں کردار ادا کرنا چاہیے جہاں نفرت کی بجائے محبت، تقسیم کی بجایاتحاد اور تصادم کی بجائے مکالمیکو ترجیح دی جائے۔ ایم پی اے عمانوئیل اطہر جولیس نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ وطن ہے، اس کا استحکام ہماری مشترکہ ذمہ داری اور اس کا امن ہماری اجتماعی ضرورت ہے۔ اتحاد، رواداری، بھائی چارے اور باہمی احترام کیفروغ سے ہی ایک مضبوط، خوشحال اور پرامن پاکستان کی بنیاد مستحکم کی جاسکتی ہے۔

☆☆☆☆

حکومتی ہدایات پر موثر عملدرآمد، وسائل کا بہتر استعمال یقینی بنانے کا حکم

کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیرصدارت تمام ڈپٹی کمشنرز کے ساتھ ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا

گوجرانوالہ(بیوروپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیرصدارت تمام ڈپٹی کمشنرز کے ساتھ ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلعی ترقیاتی ورکنگ پارٹی (DDWP)، اپنے وسائل سے آمدن میں اضافے (OSR)، ستھرا پنجاب پروگرام، ای بزنس جنریشن ماڈل، انسدادِ سموگ اقدامات اور عمومی امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر محمد علی نے متعلقہ امور پر پیشرفت کا جائزہ لیتے ہوئےضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ حکومتی اقدامات پر موثر عملدرآمد، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، سرکاری وسائل کے بہتر استعمال اور عوامی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے متحرک اور مربوط کردار ادا کیا جائے۔ انہوں نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے انتظامات مزید بہتر بنانے، انسدادِ سموگ اقدامات پر سختی سے عملدرآمد، اپنے وسائل سے آمدن بڑھانے کیلئے قابل عمل حکمت عملی اپنانے اور ای بزنس جنریشن ماڈل کے ذریعے معاشی سرگرمیوں کے فروغ پر توجہ دینے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں عمومی امن وامان کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ عوام کیجان ومال کے تحفظ اور انتظامی امور کی موثر نگرانی کیلئے تمام ضروری اقدامات بروقت کیے جائیں۔

☆☆☆☆



گوجرانوالہ۔ کمشنر محمد علی ماس ٹرانزٹ کوریڈور کے منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں، پراجیکٹ ڈائریکٹر کیپٹن (ر) زاہد سعید اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد ہمراہ ہیں

دہشت گردی کیخلاف پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے بہادر جوان قوم کے حقیقی ہیرو ہیں، پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (بیوروپورٹ) پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن گوجرانوالہ رجسٹرڈ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری پاکستانی قوم اپنی بہادر مسلح افواج اور دیگر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے ملک میں امن واستحکام کے قیام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں بے مثال اور ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کی سلامتی، خودمختاری اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے بہادر جوان قوم کے حقیقی ہیرو ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ شہدا کی عظیم قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں جنہیں ہمیشہ عزت و احترام سے یاد رکھا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے پاکستان کے امن کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔

☆☆☆☆☆☆

اوپن ڈور پالیسی، ڈی سی نے عوامی شکایات کی شنوائی، فوری حل کے احکامات جاری

گوجرانوالہ (بیوروپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر عوامی مسائل کی سماعت کی۔ اور اپنے دفتر میں آنے والے سائلین کے مسائل سنے اور موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے فوری داد رسی کے احکامات دیئے۔

کمشنر کا دورہ اقبال ہائی سکول، ضروری اور ناگزیر اقدامات کی ہدایت

محمد علی نے نائب تحصیلدار کے امتحان کیلئے قائم امتحانی مرکز کا جائزہ بھی لیا

گوجرانوالہ (بیوروپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی نے گورنمنٹ اقبال ہائی سکول میں نائب تحصیل دار کے امتحان کیلئے قائم امتحانی مرکز کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے امتحانی عمل، امیدواروں کیلئے سہولیات اور انتظامی امور کا معائنہ کیا اور سکول کی خستہ حال عمارت کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں محفوظ اور بہتر ماحول کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے عمارت کی حالت کے پیشِ نظر ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ دورے کا مقصد امتحانی عمل کی نگرانی کیساتھ تعلیمی ادارے کے بنیادی ڈھانچے کی صورتحال کا جائزہ لینا تھا۔

☆☆☆☆

بعدالت جناب محترمہ سمیرا اسلم صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

ملک عبدالغفار بنام ثاقب
رشید وغیرہ درخواست (2)12 بابت منسوخی

حکم۔اشتہار بنام؛۔ ملک عبدالغفار ایڈووکیٹ، سردار علی پسران نوابدین، جماعت علی ولد ہدایت علی اقوام راجپوت سکنائے کھڈیاں خاص قصور حال مقیم سیٹھی کالونی نزد گرلز ڈگری کالج قصور مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 17-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب محترمہ سمیرا اسلم صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

ملک عبدالغفار بنام محمد سرور وغیرہ
درخواست (2)12 بابت منسوخی

حکم۔اشتہار بنام؛۔ ملک عبدالغفار ایڈووکیٹ، سردار علی پسران نوابدین، جماعت علی ولد ہدایت علی اقوام راجپوت سکنائے کھڈیاں خاص قصور حال مقیم سیٹھی کالونی نزد گرلز ڈگری کالج قصور مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 17-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی اللہ دتہ ولد اللہ دین ذات بھٹی موضع اللہ یار چشتی تحصیل وضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ شاہد ندیم پسر متوفی نے اپنے علاوہ کنیزاں بی بی بیوہ متوفی، محمد زاہد اقبال، راشدہ شفیق، ملکہ بی بی، ساجدہ بی بی پسر و دختران متوفی کو زندہ وشرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی سے قبل فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر معیاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

﴿عاق نامہ﴾

بذریعہ اشتہار ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں نے اپنے پسر حقیقی مسمی محمد افضال اکرم محمد اکرم ذات ڈھڈی شناختی کارڈ نمبر 31101-9329111-9 کو سخت نافرمانی، سرکشی، بدسلوکی کی وجہ سے اپنی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد سے عاق کر دیا ہے۔ میں آئیندہ اس کے کسی قول وفعل، لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا اور نہ ہی مجھ سے اس بابت کوئی پوچھ گچھ کی جائے۔ تمام سرکاری و غیرسرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

المشتہر: محمد اکرم ولد سکندر علی ذات ڈھڈی سکنہ قریش کالونی نئی آبادی بہاولنگر شناختی کارڈ نمبر 31101-1265613-1

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب افضل بیگ صاحب جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنا خلع
عنوان عائشہ رفیق بنام محمد اکبر اعظم
اشتہار بنام محمد اکبر اعظم ولد فرظین ساکن مکان نمبر 22 سیکٹر بلاک بی ون گرین ٹاؤن لاہور
مدعاعلیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 04-نومبر-2026 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: زینب ذوالفقار بنام امیر حمزہ

اشتہار بنام: امیر حمزہ ولد عبدالوحید سکنہ بھگت ڈاکخانہ پسرور ضلع سالکوٹ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 17-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

کے باوجود مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کے مطابق انسولین کے حصول کے لیے آنے والے مریض بھی پریشان ہیں، جبکہ مبینہ طور پر دو ہفتوں سے انسولین جاری کرنے سے متعلق کاؤنٹر پر عملے کی عدم موجودگی کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ سی بی سی سمیت دیگر ٹیسٹوں کی سہولیات کے حوالے سے بھی مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر ایم ایس کے دوروں کے باوجود شکایات کا ازالہ نہ ہونا انتظامی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ عوامی حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ ماضی میں مختلف شکایات کی زد میں رہنے والے بعض اہلکار دوبارہ ہسپتال میں سرگرم دکھائی دیتے ہیں۔

بقیہ سحر 25

کے درمیان اتحاد و یکجہتی کو فروغ دینے، پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے اور امن و ہم آہنگی کے پیغام کو عام کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ سحر 26

حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ پختہ تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کرتے ہوئے سڑکوں کی اصل حدود بحال کی جائیں۔ تجاوزات کے خاتمے کے حکومتی دعوے عملی اقدامات کے متقاضی ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر تجاوزات دوبارہ قائم ہوتی رہیں تو گزشتہ آپریشنز کے نتائج بے معنی ہو کر رہ جائیں گے۔

بقیہ سحر 27

ورکرز کی قدر افزائی کی ہے ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا ایک ایسا تاریخی ویژن ہے جس نے صوبے کے چپے چپے کو صاف ستھرا بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے انہوں نے ورکرز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر جب سب لوگ اپنی خوشیوں میں مصروف ہوتے ہیں ہمارے یہ ورکرز شہروں اور دیہات کو صاف رکھنے کے لیے دن رات ڈیوٹی پر مامور رہے۔

بقیہ سحر 28

موجودہ صورتحال، کام کے معیار، فنڈز کے استعمال اور مقررہ اہداف کے مطابق پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنی اپنی سکیموں پر ہونے والی پیش رفت اور درپیش مسائل بارے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے افسران کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی سکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور نئی سکیموں پر کام کے آغاز کے لیے تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور رفتار کو ہر صورت یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ تمام متعلقہ افسران ترقیاتی سکیموں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کریں تا کہ منصوبے مقررہ معیار اور ٹائم لائن کے مطابق مکمل ہو سکیں۔

بقیہ سحر 29

کو دہشت گردی، سیاسی عدم استحکام، تعلیمی مسائل اور معیاری طبی سہولتوں کی فراہمی سمیت متعدد چیلنجز کا سامنا ہے۔ ان مسائل سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی اور قومی ترقی کے لیے اجتماعی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

بقیہ سحر 30

بعدالت جناب آصف علی صاحب سول جج درجہ اول انچ ماڈل کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر/ مورخہ 26-07-28 سال 2026ء۔ درخواست برائے برآمدگی و بحالی مرمعہ دعوی تکمیل مختص معاہدہ بیعہ۔ عنوان مقدمہ۔ محمد ارشاد بنام بشارت علی وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ 1، بشارت علی ولد رکن دین قوم ملک 2، صفدر علی متوفی بذریعہ وارثان i، طارق علی ii، محمد خالد iii، جعفر حسین iv، محمد آصف پسران صفدر علی اقوام ملک v، منور بی بی عرف نگو vi، عذرہ بی بی دختران صفدر علی 3، اقبال بی بی دختر رکن دین قوم ملک ساکنان چک نمبر 13/R.B، ڈھاباں کلاں، تحصیل صفدر آباد، ضلع شیخوپورہ 4، محمد ستار ولد شیر محمد قوم جٹ ساکن چک نمبر 13/R.B، تحصیل صفدر آباد، ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 16-10-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

اخبار اشتہار برائے عوام الناس

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ من مقر ندیم احمد ولد حاکم علی سکنہ ڈاکخانہ خاص، جنڈپور، تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب کا رہائشی ہوں من مقر نے مسمی عثمان سیف ولد سیف اللہ سیف سکنہ محلّہ شیرازی پارک چک نمبر 127 گ ب جڑانوالہ ضلع فیصل آباد سے از کھیوٹ نمبر 01 کھتونی نمبر 101، مربع نمبر 35، خسرہ نمبر 4/2/14، سالم کھاتہ برقبہ 01 کنال 17 مرلے 1/2-20 مربع فٹ کا منقلہ حصہ 3267/40375 رقبہ بقدر 03 مرلے جمعبندی سال 09-2008 واقع محلّہ شیرازی پارک چک نمبر 127 گ ب جڑانوالہ ضلع فیصل آباد خرید کیا ہے۔ عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار مجھ سے رابط کریں بصورت دیگر انتقال/ رجسٹری کروانے کا حقدار ہوں گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سینئر سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ دلا پانے خرچہ نان و نفقہ

شائستہ جبین بیوہ محمد رمضان وغیرہ بنام محمد شفیع ولد علی محمد، حمیدہ بی بی زوجہ محمد شفیع ساکنان طیبہ کالج روڈ سرفراز کالونی گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 27-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب چیئرمین ایڈمنسٹریٹر صاحب ثالثی و مصالحتی یونین کونسل نمبر 16 نون راوی ریان مریدکے

فریق اول: سحرش اشفاق ولد محمد اشفاق سکنہ نصیر ٹاؤن منوں آباد مریدکے ضلع شیخوپورہ

فریق دوئم: عمان شہباز ولد شہباز سکنہ مکان نمبر 266 محلّہ شیریں جناح کالونی کلفٹن کینٹ کراچی آپ کو متعدد بار یونین کونسل طلب کیا گیا ہے۔ آپ مسلسل غیر حاضر رہے آپ کو آخری بار بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر یونین کونسل نمبر 16 راوی ریاں 16-10-2026 کو حاضر آئیں غیر حاضر کی صورت میں آپکے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ سکرٹری یونین کونسل نون 16 راوی ریان مریدکے ضلع شیخوپورہ۔

Cr..FW

ادائیگیوں کے نظام پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ادارے میں شمسی توانائی کے نظام کی تنصیب کے لیے جاری پیش رفت بھی انتظامی اخراجات میں ممکنہ کمی اور توانائی کے متبادل ذرائع کے استعمال کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ تعلیمی شعبے میں بہتری کے لیے ضروری ہے کہ امتحانی نتائج کی تیاری، مارکنگ، طلبہ کی رہنمائی اور سرکاری امور کی انجام دہی میں شفافیت اور جواب دہی کو مسلسل برقرار رکھا جائے۔ چیئرمین اشتیاق احمد گوندل کے زیر نگرانی جاری ان اقدامات کی کامیابی کا اصل پیمانہ یہی ہوگا کہ طلبہ، والدین اور تعلیمی اداروں کو عملی طور پر بہتر سہولیات میسر آئیں اور بہاولپور بورڈ کا امتحانی نظام اعتماد، میرٹ اور جدید انتظامی تقاضوں کے مطابق مزید مضبوط ہو۔

بقیہ سحر 31

ادائیگیوں کے نظام پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ادارے میں شمسی توانائی کے نظام کی تنصیب کے لیے جاری پیش رفت بھی انتظامی اخراجات میں ممکنہ کمی اور توانائی کے متبادل ذرائع کے استعمال کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

بقیہ سحر 32

رضوان ولد شہادت علی کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی۔

بقیہ سحر 33

کہا کہ انہوں نے اپنی انتھک محنت، عزم اور صلاحیتوں کے ذریعے پاکستان کے دفاع کو مضبوط بنانے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ انکی خدمات ہمیشہ قومی تاریخ کا روشن باب رہیں گی اور آنیوالی نسلوں کیلئے مشعلِ راہ ثابت ہونگی۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی پاکستان اور قوم سے محبت لازوال تھی۔ انہوں نے اپنی زندگی ملکی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کو مضبوط بنانے کیلئے وقف کردی۔

بقیہ سحر 34

گ ب کے خاکروبوں اور ورکرز سے ہر ماہ 2 ہزار روپے بھتہ وصول کرنے کی اطلاعات ہیں، جبکہ کمیٹی کے بہانے 10، 10 ہزار روپے کی خطیر رقم بھی ہتھیائی گئی۔ یہی نہیں بلکہ پچھلی عید کے موقع پر ملنے والے تحائف) عید گفٹ (سے بھی 2، 2 ہزار روپے زبردستی کاٹ لیے گئے۔ اب ذرائع سے یہ ہولناک انکشاف ہوا ہے کہ اس جبری کٹوتی کی رقم کو بڑھا کر 5 ہزار روپے ماہانہ کرنے کا منصوبہ بنایا جا رہا ہے۔ متاثرہ محنت کشوں نے زار و قطار نالہ کرتے ہوئے بتایا کہ سخت مشقت کے بعد جو قلیل معاوضہ ملتا ہے، بینک سے وصول ہوتے ہی بااثر عناصر اس پر جھپٹ پڑتے ہیں۔ گاڑیوں اور رکشوں کے ایندھن) فیول (میں بھی بڑی ہیرا پھیری سامنے آئی ہے

بقیہ سحر 35

مقصود، انسپکٹر محمد انور کے اعزاز میں الوداعی تقریب اور نئے آنے والے انسپکٹر میاں مقصود کے اعزاز میں

بعدالت جناب محبوب الٰہی صاحب سول جج/ بااختیارات فیملی کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 1729/FC مورخہ 20-05-26 سال 2026ء۔ دعوی دلا پانے خرچہ نان و نفقہ۔ عنوان مقدمہ۔ رضیہ بی بی وغیرہ بنام محمد شفیق وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) محمد شفیق ولد محمد حنیف (2) محمد حنیف ولد ولی محمد قوم مسلم شیخ ساکنان محلّہ خیر پورہ شہر خانقاہ ڈوگراں، تحصیل صفدر آباد، ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنون بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 14-10-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دلدار مسیح ولد رحمت مسیح چک نمبر 33 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں رحمت مسیح والد، رشیداں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، شہناز بی بی بیوہ، رامش مسیح، رمیض مسیح پسران، میرب دلدار، دیا دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اکرم ولد احمد علی چک نمبر 281 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں احمد علی والد، فتح بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، صاباں بی بی بیوہ، محمد ندیم، محمد سلیم، وسیم اکرم پسران، نجمہ بی بی، آسیہ بی بی، صائمہ بی بی، اللہ معافی دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب ربیعہ جمیل صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ،

شہباز احمد وغیرہ بنام محکمہ مال وغیرہ

اپیل دیوانی

اشتہار بنام محمد سلیمان ولد عبدالحمید راحت قوم راجپوت ساکن مکان نمبر 1 گرین سٹریٹ محلّہ رتہ روڈ گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 30-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب چیئرمین ایڈمنسٹریٹر صاحب ثالثی و مصالحتی یونین کونسل نمبر 16 نون راوی ریان مریدکے

فریق اول: ملیحہ ندیم بٹ ولد ندیم قیصر بٹ سکنہ راوی ریان تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ

فریق دوئم: معاذ وسیم بٹ ولد وسیم الدین بٹ سکنہ مکان نمبر 85 بلاک A UET ہاؤسنگ سوسائٹی ویلنشیاء ٹاؤن لاہور کو متعدد بار یونین کونسل طلب کیا گیا ہے۔ آپ مسلسل غیر حاضر رہے آپ کو آخری بار بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر یونین کونسل نمبر 16 راوی ریاں 16-10-2026 کو حاضر آئیں غیر حاضر کی صورت میں آپکے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ سکرٹری یونین کونسل نون 16 راوی ریان مریدکے ضلع شیخوپورہ۔

Cr..FW

استقبالیہ پارٹی کا اہتمام ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹر میں ہوا۔ تقریب میں سیکرٹری جنرل ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان عابد حسین مغل جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ محسن محمود چوہدری، انسپکٹر مرتضیٰ گجر، انسپکٹر محمد مشتاق، سب انسپکٹر محمد سلیم کے علاوہ ٹریفک پولیس کے دیگر افسران اور اہلکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 36

کیس کمشنر ساہیوال کے پاس زیر سماعت ہے، مذکورہ افراد نے مخالفین سے مل کر میرے مکان پر قبضہ کی کوشش کی ہے، میں نے تھانہ سٹی عارفوالا درخواست دی مگر میری شنوائی نہیں ہوئی متاثرہ اللہ دتہ رحمانی نے چیف جسٹس اف پاکستان، وزیراعلی، پنجاب مریم نواز شریف، آئی جی پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، کمشنر ساہیوال، ار پی او ساہیوال، ڈی پی او پاکپتن، انسانی حقوق کی تنظیموں، اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے میرا مقدمہ درج کیا جائے مجھے انصاف اور تحفظ دیا جائے

بقیہ سحر 37

کردیا ملزم پارٹی کی جانب سے اس مقدمہ کی پیروی چوہدری ظفر اقبال ہنجرا ایڈووکیٹ سابق جنرل سیکرٹری تحصیل بار نوشہرہ ورکاں کر رہے تھے

بقیہ سحر 38

اجلاس میں سموگ کی روک تھام کے لیے مختلف محکموں کے باہمی تعاون، صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کی نگرانی اور ماحولیاتی قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اینٹی سموگ اقدامات پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے روزانہ کی بنیاد پر ایکٹیویٹیز جاری رکھیں اور ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ سحر 39

، ان کی حوصلہ افزائی اور اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود محکمہ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شہداء کے بچوں کی تعلیمی کامیابیاں نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پوری پولیس فورس کے لیے باعثِ فخر ہیں۔

بقیہ سحر 40

پنجاب مریم نواز شریف تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کے لیے قابلِ تحسین اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ سحر 41

دی کی موجودہ لہر کی ایک بڑی وجہ سابق صوبائی حکومت کی پالیسی تھی جس کے تحت شدت پسند عناصر کو واپس آنے کا موقع ملا، ایک طرف مسلح افواج کے جوان اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وطن کی حفاظت کر رہے ہیں جن میں کئی بہنوں کے بھائی، ماؤں کے لختِ جگر اور چھوٹے بچوں کے باپ شامل ہیں، تو دوسری طرف صوبائی قیادت نے نہ ان

بعدالت جناب شہباز اقبال تارڑ صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات،

مقدمہ: اپیل دیوانی، عنوان: شاہد اقبال، بنام: نبیل احمد رزاقی، اشتہار بنام: نبیل احمد رزاقی ولد محمد شفیع ساکن گھنسیہ ڈاکخانہ خاص تحصیل و ضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 29/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب طالب حسین طالب صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حاکم بی بی دختر نور محمد چک نمبر 105 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں نور محمد والد، دولت بی بی والدہ، صادق علی خاوند، ریاست علی، لیاقت علی (لاولد) شوکت علی (لاولد) پسران پہلے فوت شدگان، ریاض احمد پسر بعد میں فوت شد، سیداں بی بی بہو، نسیم بی بی دختر، ارشاد احمد پسر، زکیہ ریاست پوتی زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میاں خاں ولد لینا چک نمبر 275 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں لینا والد، نیامت بی بی والدہ، نذراں بی بی زوجہ (لاولد) پہلے فوت شدگان، محمد خزیفہ، محمد جاوید اقبال، محمد شعیب پسران، کلثوم بی بی، سمیعہ، میمونہ، جویریہ دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سنیئر سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح

سعدیہ رانی دختر عبدالرؤف بنام محمد دلدار ولد محمد دلبر ذات کمبوہ ساکن محلّہ لکڑ منڈی گلی نمبر 6 تحصیل میلسی ضلع وہاڑی

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 19-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب چیئرمین ایڈمنسٹریٹر صاحب ثالثی و مصالحتی یونین کونسل نمبر 16 نون راوی ریان مریدکے

فریق اول: زنیرہ بی بی دختر محمد مقصود سکنہ نون ڈاکخانہ راوی ریان تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ

فریق دوئم: عثمان شاہد ولد شاہد علی سکنہ مکان نمبر M-12 محلّہ قیصر ٹاؤن شاہدرہ ضلع لاہور کو متعدد بار یونین کونسل طلب کیا گیا ہے۔ آپ مسلسل غیر حاضر رہے آپ کو آخری بار بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر یونین کونسل نمبر 16 راوی ریاں 16-10-2026 کو حاضر آئیں غیر حاضر کی صورت میں آپکے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ سکرٹری یونین کونسل نون 16 راوی ریان مریدکے ضلع شیخوپورہ۔

Cr..FW

قربانیوں کو سراہا اور نہ ہی کھل کر دہشتگردی کی مذمت کی۔

بقیہ سحر 42

کرنا ضروری ہے کسی بھی صوبے کی ترقی کے لیے امن و امان، مضبوط انتظامی ڈھانچے اور عوامی مسائل کے بروقت حل کو بنیادی اہمیت حاصل ہے لہٰذا حکومتی اقدامات کا اصل معیار عوام کو ملنے والا ریلیف اور ان کے مسائل میں کمی ہونا چاہیے۔

بقیہ سحر 43

فیڈریشن خالد ذیشان صاحب نے بطور معزز مہمان شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی محترمہ صائمہ نذیر نے سکول کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کیا۔

بقیہ سحر 44

کا استعمال کریں۔ انہوں نے دیگر محکمانہ اہداف پر بھی بریفنگ لی۔

بقیہ سحر 45

والہ محلّہ لطیف آباد، مرضی پورہ، مشتاق نگر، ڈبے کچی ابادی، مظفر آباد، شمش آباد، سٹی قبرستان اور شہر کے مختلف علاقوں میں مبینہ منشیات فروشی ہو رہی ہے۔

بقیہ سحر 46

سجاد احمد چوہدری، نائب صدر رانا شرافت علی، امورِ پولیس رانا شکیل نمبردار، عبدالستار نوری، رانا انتظار کنول اور کامران خانزادہ سمیت دیگر معزز شخصیات نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اس موقع پر مہمانوں کی آمد کو منتظمین کی جانب سے خوش آئند قرار دیا گیا۔

بقیہ سحر 47

ذریعے اپنا مؤثر کردار ادا کرے اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ آئی پی پیز کے ساتھ بجلی کے معاہدوں پر نظر ثانی کی جائے اور بجلی و پٹرول پر عوام کو مؤثر ریلیف دیا جائے۔

بقیہ سحر 48

سے ایس پی انویسٹی گیشن شیخ شوکت صاحب کی پیشہ ورانہ خدمات اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کو عوامی حلقوں میں سراہا جا رہا ہے۔ ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کھوکھر صاحب کی خصوصی ڈیوٹی پر اٹک روانگی کے بعد ضلع میں اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے شیخ شوکت صاحب نے پیشہ ورانہ صلاحیتوں، معاملہ فہمی اور عوام سے براہِ راست رابطے کے ذریعے اپنا کردار ادا کیا۔

بقیہ سحر 49

کے سرپرستِ اعلیٰ تھے، جبکہ پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کی وائس چیئرپرسن جہاں آرا وٹو نے مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی۔

بقیہ سحر 50

کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں مضرِ صحت گوشت برآمد کرلیا۔ کارروائی کے نتیجے میں تقریباً 2000 کلوگرام بغیر سرکاری مہر، غیر معیاری اور بدبودار گوشت برآمد ہوا۔ ویٹرنری معائنے کے بعد مذکورہ گوشت کو انسانی استعمال کے لئے غیر موزوں قرار دیتے ہوئے تلف کر دیا گیا۔ کارروائی کے نتیجے میں ملوث ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ قانون کے مطابق

ازدفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل گجرات

درخواست برائے درستگی نام: ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ محمد عمران عارف ولد محمد عارف ساکن چاہ بوڑا لنک جناح روڈ مکان نمبر B-885/1 گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ یونین کونسل ریکارڈ میں میرے بھائی کا نام عدنان عارف درج ہو گیا ہے جو کہ درست نہ ہے لہٰذا درست نام عدنان علی کا اندراج یونین کونسل ریکارڈ میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب طالب حسین طالب صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ رقیہ خانم دختر اصغر علی چک نمبر 54 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں اصغر علی والد، خدیجہ بی بی والدہ، محمد شفیع خاوند پہلے فوت شدگان، محمد ناصر پسر بعد فوت شد، محمد شاہد انور پسر، ثریا بی بی، ناصرہ ندیم دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاج محمد ولد مہربان چک نمبر 33 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی (لاولد) فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں مہربان والد، نیامتے بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، منظور احمد برادر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سنیئر سول جج گوجرانوالہ،

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین

منجانب ثمینہ زوجہ محمد شکیل دختر محمد یوسف ذات آرائیں ساکن حال مقیم جنڈیالہ باغوالہ نزد PSO پٹرول پمپ تحصیل و ضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 24-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: طیبہ مفتی بنام حمزہ رفیع

اشتہار بنام: حمزہ رفیع ولد محمد رفیع ساکن مکان نمبر در سٹریٹ نمبر حیدر روڈ نمبر 29 محلّہ صدیق پارک تحصیل و ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 26-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ سحر 51

جرات نہیں کرسکتا۔ انہوں نے ڈاکٹر عبدالقدیر کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی انتھک محنت، عزم اور صلاحیتوں کے ذریعے پاکستان کے دفاع کو مضبوط بنانے میں تاریخی کردار ادا کیا۔

بقیہ سحر 52

کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے اور ڈینگی لاروا کی افزائش کے ممکنہ مقامات کی نشاندہی کے لئے سرویلنس مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 53

مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ سحر 54

ترن جیت سنگھ بوٹالیہ پروفیسر، اوہائیو سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ، آصف رضا ڈپٹی کمشنر پاکپتن، ڈاکٹر سعید احمد بھٹہ چیئرمین شعبہ پنجابی، گورنمنٹ کالج لاہور، بابا فرید کے اشلوکوں کا سکھ مذہب میں مقام پروفیسر کلیان سنگھ جی کلیان پی ایچ ڈی بابا فرید، جی سی یونیورسٹی نے سکھ مذہب میں بابا فرید کے اشلوک کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

بقیہ سحر 55

ہے۔ کسی بھی شخص کو قانون ہاتھ میں لینے یا امن و امان خراب کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ سحر 56

آباد 2008، اکبر، گلیکسی، دلکش بھکر سٹاف، فخر بھکر، نواب، سویرا اور فلک شامل ہیں۔ اس موقع پر ایک زرعی سیمینار کا انعقاد بھی کیا گیا۔

بقیہ سحر 57

مشتاق الرحمٰن رضوی، مولانا پیر سید طاہر حسین شاہ کاظمی نے خطاب کیا، تلاوت صاحبزادہ زین العابدین چشتی صابری، صاحبزادہ محمد احمد چشتی طاہر، سید زعیم الحسن شاہ کاظمی، محمد عباس فریدی، سردار علی فریدی، قاری محمد جمال نوری، علی رضا فریدی نعت رسول مقبول پیش کی، سابق صدر پریس کلب پاکپتن وقار فرید جگنو، سیکرٹری جنرل پی ایس اے حکیم لطف اللہ، سینئر صحافی حاجی محمد یٰسین چوغطہ، صدر انجمن فلاح مریضاں ڈاکٹر شاہد مرتضیٰ چشتی مہمان اعزاز تھے،، عرس مبارک کے اختتام پر سجادہ نشین دربار عالیہ صاحبزادہ پیر حکیم قاری ظہور احمد الخیری چشتی صابری ملک پاکستان، عالم اسلام، مریدین اور عقیدت مندوں کیلئے خصوصی دعا کی، عرس مبارک کے اختتام پر لنگر کا وسیع انتظام تھا۔

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ شہباز مسیح ولد اسلم مسیح ساکن بیرون ڈھکی دروازہ محلّہ رنگپورہ گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری حقیقی ہمشیرہ شاہین دختر محمد اسلم مسیح کی تاریخ پیدائش 02-11-2000 کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں اندراج کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب طالب حسین طالب صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شاہدہ پروین دختر محمد طفیل چک نمبر 56 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں محمد طفیل والد، مختاراں والدہ، محمد یونس برادر پہلے فوت شدگان، محمد احمد خاوند، محمد یوسف برادر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر کھڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقصودہ بیگم دختر عبدالحق چک نمبر 93 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں عبدالحق والد، سرداراں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، محمد اکرم خان والد، محمد الیاس، محمد عباس، محمد اویس، محمد وقاص پسران، حنا وحید، عائشہ اکرم، خدیجہ اکرم، فاطمہ اکرم، آمنہ محمد اکرم خان، صفیہ محمد اکرم خاں دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

محمد اشرف ولد محمد اسماعیل کھوکھر بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

دعویٰ استقرارِ حق وغیرہ

اشتہار بنام پٹواری حلقہ موضع حیاتی تحصیل گوجرانوالہ، محمد عمران ولد محمد اسماعیل ساکن کالا کھانبرہ تحصیل و ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 26-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ، بعنوان: عمر حیات بنام چیئرمین واپڈا وغیرہ

اشتہار بنام: چیئرمین واپڈا، واپڈا ہاؤس لاہور، XEN واپڈا لیسکو ڈویژن کوٹ عبدالمالک تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، ریونیو آفیسر لیسکو ڈویژن کوٹ عبدالمالک تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، SDO لیسکو واپڈا سب ڈویژن کوٹ عبدالمالک تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 14-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بقیہ سحر 1

کرنے والے ایک درجن افراد بھی باہر نہیں لا سکے ۔وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ ملک میں ایسی حکومت نہیں ہوسکتی جو دہشتگردوں سے ہمدردی کرے، ملک میں ایسی حکومت نہیں ہوسکتی جو ایسی پالیسی اپنائے جو دہشتگردوں کو اپنی کارروائیاں اور سرگرمیاں جاری رکھنے کا موقع فراہم کرے۔

بقیہ سحر 2

رابطہ اہم ہے، خواتین کی تعلیم اور روزگار میں شمولیت بڑھانا ضروری ہے۔وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ وزیراعظم کی سربراہی میں قومی آبادی کونسل قائم کی گئی ہے، آبادی، صحت، تعلیم اور روزگار کیلئے وفاق اور صوبوں کومل کرکام کرنا ہوگا، آبادی سے معاشی فائدہ اٹھانے کیلئے ہنرمند افرادی قوت تیار کرنا ضروری ہے، نجی شعبے کی قیادت میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ فری لانسنگ اور آئی ٹی خدمات نوجوانوں کی آمدنی بڑھانےکے اہم مواقع ہیں، ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ سے پاکستان کی برآمدات بڑھائی جاسکتی ہیں، آبادی میں اضافے کے چیلنج سے نمٹنےکیلئے مسلسل حکومتی توجہ اور اعدادوشمار پر مبنی نتائج ضروری ہیں۔دوسری جانب وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایف سی کے مشرقِ وسطیٰ اور وسطی ایشیا کیلئے علاقائی نائب صدر سے ملاقات کی، نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی، روزگار مواقع کے فروغ کیلئے آئی ایف سی تعاون مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ سحر 3

حکومت کی ناکامی ہیں، افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہوں کے خطرے کو چھپایا نہیں جاسکتا۔وزارت اطلاعات نے کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی رپورٹ میں افغانستان میں کالعدم تنظیم کے 6 ہزار کارندوں کی موجودگی اور افغان طالبان کی جانب سے تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی حمایت کا بھی ذکر کیا گیا ہے

بقیہ سحر 4

کے موقع پر انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے مشرقِ وسطیٰ اور وسطی ایشیا کیلئے علاقائی نائب صدر، جناب عماد فخوری سے ملاقات کی جس میں نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع کے فروغ کے لیے آئی ایف سی کے تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور معاشی استحکام کو پائیدار ترقی میں تبدیل کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ملاقات میں آئی ایف سی کے بڑھتے ہوئے منصوبوں، چھوٹے کاروباروں کے لیے مالی معاونت، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ منڈیوں اور گرین و ڈیجیٹل بانڈز کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ سحر 5

ہے۔ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر بنکاک، تھائی لینڈ میں منعقدہ وزرائے خزانہ اور مرکزی بینکوں کے گورنرز کے اجلاس میں جی 24 کے فرسٹ وائس چیئر کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش چیلنجز کی نشاندہی کی۔

بقیہ سحر 6

کہا کہ وفاقی حکومت زراعت کے فروغ اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے صوبوں کو ہر قسم کا تعاون فراہم کرے گی جبکہ کسانوں کو کم لاگت پر زرعی مداخل اور صارفین کو سستی اشیائے خورونوش کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ کسانوں کو کم لاگت پر کھاد، معیاری بیج، جدید زرعی مشینری اور پانی کے بہتر استعمال کے لیے ضروری آلات اور تکنیکی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کسانوں کو ان کی فصلوں کی مناسب قیمت دلانا ضروری ہے

بقیہ سحر 7

کیلئے 2029 تک ایمرجنسی مہنگا سودا نہیں ،جن علاقوں کو فوج دہشتگردوں سے پاک کریگی، سول انتظامیہ انہیں ہولڈ کرے گی۔اپنے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ گورنر راج، ایمرجنسی کے بعد مینڈیٹ اسمبلی کے پاس چلا جائیگا، ایمرجنسی ہٹ جاتی ہے اور اسمبلی نیا لیڈر آف دی ہاؤس منتخب کرے اور وہ دہشتگردی کے خلاف متفق نہیں ہوگا تو ایمرجنسی 10 بار بھی لگانا پڑے تو لگنی چاہیے۔رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ پاکستان پہلے ہے یا کسی کا وزیراعلیٰ بننا پہلے ہے؟ آئین کے تحت ایمرجنسی کی مدت بڑھائی جاسکتی ہے، حالات 3 یا 6 مہینے میں ٹھیک ہوجائیں تو ایمرجنسی آگے نہیں جانی چاہیے

بقیہ سحر 8

میں محض ایک متاثرہ ملک نہیں بلکہ رہنما کردار بھی ادا کرسکتا ہے، اس مقصد کے لیے قومی اور بین الاقوامی تنظیموں کو آفات سے نمٹنے کی پیشگی تیاری کو اپنی سرگرمیوں کا بنیادی جزو بنانا ہوگا۔صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے لیے یہ دن خصوصی اہمیت رکھتا ہے، قدرتی آفات کے تجربات نے ہمیں سکھایا ہے کہ صرف آفات کے بعد ردعمل ظاہر کرنا کافی نہیں، بلکہ ان سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاری اور مؤثر منصوبہ بندی ضروری ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کے قدرتی آفات سے نمٹنے کے قومی نظام نے خطرات کی پیشگی نشاندہی کے لیے قابل ذکر کام کیا ہے

بقیہ سحر 9

نیویگیشن سسٹم اور جدید ترین ایوی اونکس سے لیس ہے، فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج بلند ترین درستگی کے ساتھ اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے، یہ منفرد پرواز کے راستے اور سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت کے باعث دشمن کے میزائل دفاعی نظام کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کی بدولت پاک فوج کی دور تک اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں مزید اضافہ ہوگا، کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ، پاک فوج کے سینئر افسران، سائنسدانوں اور انجینئرز نے میزائل تجربے کا مشاہدہ کیا، کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ نے سائنسدانوں اور انجینئرز کی لگن اور تکنیکی مہارت کو سراہا۔

بقیہ سحر 10

طلب کرتے ہوئے ستھرا پنجاب پروگرام کی مکمل پراگریس رپورٹ آئندہ ہفتے تک پیش کرنے کی ہدایت کی ہے جبکہ وزیراعلیٰ نے ایک ہفتے میں ستھرا پنجاب کے ورکرز اور مشینری کی کمی پوری کرنے، صفائی کا بیٹ سسٹم نافذ کرنے اور غیر مؤثر نجی کمپنیوں کو فارغ کرنے کا حکم بھی دیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں ستھرا پنجاب پروگرام کی کارکردگی، صفائی کی صورتحال، ویسٹ کلیکشن اور ٹرانسپورٹ فلو سسٹم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس کے دوران مختلف تحصیلوں میں صفائی کی صورتحال سے متعلق رپورٹس بھی چیک کی گئیں۔مریم نواز شریف نے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب کے ورکرز کو تنخواہوں اور واجبات کی ادائیگی یقینی بنانے کے لیے قانونی راستہ نکالا جائے

بقیہ سحر 11

سمٹ 2026 میں شرکت کی۔سمٹ میں دنیا بھر سے اعلیٰ حکام، پالیسی سازوں، قانونی ماہرین اور عدالتی شعبے سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی اور انصاف کے نظام کو مضبوط بنانے، قانون کی حکمرانی کے فروغ اور قانونی اصلاحات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔سمٹ کے آخری روز ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے خطاب کیا۔اس موقع پر وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک کی صدر رجب طیب اردوان سے بھی ملاقات ہوئی۔

بقیہ سحر 12

آف لوڈ کردیا۔ایف آئی اے حکام کے مطابق مسافر کو ٹرکش ایئرلائنز کی پرواز TK 0751 کے ذریعے لیتھونیا روانگی سے قبل کاؤنٹر اہلکار نے سیکنڈری پروفائلنگ کیلئے ریفر کیا۔سفری دستاویزات کی تفصیلی جانچ پڑتال کے دوران مسافر کا لیتھونیا کا ریزیڈنٹ کارڈ مشتبہ / جعلی کارڈ پایا گیا جس پر مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کے لیے مسافر کو ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد منتقل کر دیا گیا۔ایف آئی اے نے کہا کہ ایف آئی اے بیرونِ ملک ملازمت اور سفر کے نام پر شہریوں کو دھوکا دینے والے ایجنٹوں کے خلاف کارروائی کیلئے پرعزم ہے، عوام ویزا اور سفری دستاویزات کے حصول کے لیے مستند ذرائع اختیار کریں اور مشکوک ایجنٹوں سے ہوشیار رہیں۔

بقیہ سحر 13

یونیورسٹی کے زیراہتمام نرسنگ طلبہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے نرسنگ کے شعبے کی اہمیت، نرسز کی پیشہ ورانہ تربیت، نرسنگ کونسل میں اصلاحات اور پاکستان کے صحت کے نظام میں بہتری کے حوالے سے حکومتی اقدامات پر روشنی ڈالی۔

بقیہ سحر 14

لی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں ستھرا پنجاب کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی اور مکمل جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے ایک ہفتے کے اندر ستھرا پنجاب کے ورکرز اور مشینری پوری کرنے کا ہدف دے دیا۔

بقیہ سحر 15

اور 12 اکتوبر 1999 میں مطابقت صرف تاریخوں کی ہے، اس وقت ایک ڈکٹیٹر نے آئین توڑا، ایک حکومت کو فارغ کرکے 8 سال حکمران رہا، ان دونوں تاریخوں میں مطابقت ڈھونڈنا کوئی مناسب نہیں ہے۔پچھلے 78 سالوں میں آئین کے مطابق متعدد بار ایمرجنسی لگ چکی ہے، لیکن ایسا کبھی نہیں ہوا کہ جب کسی حکومت کو معطل کیا ہو، بغیر کسی ابہام کے کہ وہ دشمن جو ہمارے ملک کے اندر بھی انتشار پیدا کررہے ہیں، پی ٹی آئی کو صوبے میں حکمرانی کرتے 13 سال ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا حکومت نے پوری کوشش کی کہ ایمرجنسی نافذ نہ لگانا پڑے۔وزیراعلی اور ان کے ساتھ ارکان اسمبلی جس طرح کی زبان استعمال کررہے تھے وہ پاکستانی کی نہیں ملک دشمنوں کی زبان تھی۔ دو تین سالوں میں جب بھی دہشتگردی نے زور پکڑا ہے پی ٹی آئی کی حکومت نے کسی بھی اسٹیج پر دہشتگردی کے خلاف کوئی بیان نہیں دیا، طالبان اور افغانستان نے ہماری جغرافیائی حدود کی خلاف ورزی کی اس پر بیان نہیں دیا۔بعض چیزیں قول وفعل سے پتا چلتی ہیں، ملک کیلئے جانیں دینے والوں کی توہین کرنا، جنازے نہ پڑنا۔انہوں نے کہا کہ میں کھل کر کہوں گا کہ یہ دہشتگردوں کے اتحادی بن چکے تھے، ان کو قومی اور صوبائی خزانے میں حصہ دار بنایا ہوا تھا۔

بقیہ سحر 16

اجلاسوں 2026 کے موقع پر بنکاک، تھائی لینڈ میں منعقدہ وزرائے خزانہ اور مرکزی بینکوں کے گورنرز کے اجلاس میں جی 24 کے فرسٹ وائس چیئر کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش چیلنجز کی نشاندہی کی۔ان میں عالمی سطح پر تقسیم کے باعث تجارت اور سرمایہ کاری میں رکاوٹیں، موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے ترقیاتی کامیابیوں کو پہنچنے والے نقصانات، سخت مالیاتی حالات اور مالی وسائل کی بڑھتی ہوئی کمی شامل ہیں۔انہوں نے جی 24 کے آئندہ چیئر کی حیثیت سے پاکستان کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ گروپ کے اجتماعی اثرورسوخ کو مضبوط بنایا جائے گا

بقیہ سحر 17

ایک انٹرویو میں وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، جو 4 کروڑ عوام کے منتخب نمائندے ہیں، اور خیبر پختونخوا اسمبلی اسپیکر بابر سلیم سواتی ،پی ٹی آئی صوبائی صدر جنید اکبر، صوبائی وزرا، قومی وصوبائی اسمبلی ممبران کی مبینہ غیرقانونی گرفتاری یا گمشدگی اور ان کے بارے میں معلومات کی عدم دستیابی انتہائی تشویشناک ہے۔سوال یہ ہے کہ کیا ایک جمہوری ملک میں عوام کے منتخب نمائندوں کے ساتھ ایسا سلوک قابلِ قبول ہے؟

بقیہ سحر 18

کردیا۔سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ ملازمین کی سنیارٹی تبدیل کرنے سے پہلے انہیں سماعت کا موقع دینا لازمی ہے، چاہے سابقہ سنیارٹی قواعد کے خلاف ہی کیوں نہ مقرر کی گئی ہو۔عدالت عظمٰی نے اپنے تحریری فیصلے میں واضح کیا کہ سنیارٹی ملازم کا قیمتی حق ہے، جس سے اس کے کیریئر اور ترقی کے امکانات وابستہ ہوتے ہیں، تاہم سنیارٹی خودکار ترقی کی ضمانت نہیں، بلکہ ترقی کا تعین متعلقہ قانون اور قواعد کے مطابق ہونا چاہیے

بقیہ سحر 19

سے نامزد حفاظ و قرا شریک ہوں گے۔ حفظ اور قرآت میں بچے بچیوں اور نوجوانوں کی دس مختلف کیٹیگریوں میں مقابلہ ہوگا۔مقابلوں کا مقصد نوجوان نسل میں قرآنی تعلیمات اور حفظ وقرت کے شوق کا فروغ اور حوصلہ افزائی ہے۔نمایاں کارکردگی کے حامل حفاظ وقرا بین الاقوامی مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔قومی مقابلہ برائے حفظ وقرت دو روز تک جاری رہے گا، اختتام 15 اکتوبر کو ہوگا۔

بقیہ سحر 20

خلاف پاکستان کے اقدامات کو سراہا۔میگنس برنر نے کہا کہ پاکستان کے مؤثر اقدامات کے باعث یورپ کی جانب غیرقانونی مائیگریشن میں 64 فیصد کمی قابل ستائش ہے، ایف آئی اے نے کم وسائل کے باوجود پیشہ وارانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا جو قابل تحسین ہے، میگنس برنر نے کہا کہ غیرقانونی مائیگریشن میں کمی سے قانونی مائیگریشن کی راہیں کھلیں گی۔محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان میں غیرقانونی مائیگریشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے، غیرقانونی مائیگریشن میں 64 فیصد کمی کے بعد ہمارا اگلا ہدف اس کا 100 فیصد خاتمہ ہے۔ملاقات میں پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان قانونی مائیگریشن کے فروغ اور ہنرمند افرادی قوت کے لیے مواقع بڑھانے پر گفتگو کی گئی۔محسن نقوی نے کہا کہ غیر قانونی مائیگریشن کے مکمل خاتمے کے لیے پاکستان اور یورپی یونین کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ملاقات میں بارڈر سکیورٹی اور قانونی امیگریشن کو فروغ دینے کے لیے اشتراک کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

بقیہ سحر 21

پاکستان یحیی آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس ہوا جس دوران بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثنا اللہ نے بھی شرکت کی۔نجی ٹی وی کے مطابق اجلاس میں جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری کے اصلی ہونے کی تصدیق کردی ہے۔

بقیہ سحر 22

کردی۔منگل کو مقدمے سے متعلق فیصلہ جسٹس ہاشم خان کاکڑ نے تحریر کیا۔سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ شادی سے انکار عورت کا بنیادی حق ہے، اسے قتل کا جواز نہیں بنایا جاسکتا۔عدالت عظمٰی نے شادی سے انکار پر خاتون (میمونہ شاہین) کو قتل کرنے والے مجرم محمد کامران کی سزائے موت برقرار رکھتے ہوئے نظرثانی درخواست مسترد کردی۔عدالت نے قرار دیا کہ شادی سے انکار عورت کا بنیادی حق ہے اور اسے قتل کا جواز نہیں بنایا جاسکتا۔سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ نظرثانی درخواست میں سابقہ فیصلے کے اندر کوئی واضح قانونی غلطی ثابت نہیں کی جاسکی، اس لیے مجرم کو ریلیف دینے کی بنیاد موجود نہیں۔عدالت نے واضح کیا کہ شادی سے انکار پر عورت کو قتل کرنا سنگین جرم ہے اور ایسے فعل کو سزا میں تخفیف کی بنیاد نہیں بنایا جاسکتا۔عدالت نے آئین کے آرٹیکل 188 کے تحت دائر مجرم محمد کامران کی نظرثانی درخواست خارج کردی۔فیصلے میں سزائے موت کے قیدیوں کی سزا میں تبدیلی سے متعلق قانونی اصولوں کی بھی وضاحت کی گئی۔سپریم کورٹ کے مطابق محض 14 یا 15 سال قید گزار لینے سے سزائے موت کے مجرم کو سزا میں کمی یا تبدیلی کا خودکار حق حاصل نہیں ہوتا۔فیصلے کے مطابق اصول متوقع عمر کے تحت رعایت حاصل کرنے کیلئے کم از کم 25 سال قید مکمل کرنے کے ساتھ دیگر قانونی شرائط پوری کرنا بھی ضروری ہے

بقیہ سحر 23

میں وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی حکومت اور اپوزیشن کیلئے برابر ہیں، سردار ایاز صادق غیر جانبدار ہیں، ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں بیٹھنے کیلئے جگہ اہمیت نہیں رکھتی، قائد حزب اختلاف اسپیکر چیمبر ضرور آئیں اور بات کریں۔انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں بات کرنے کیلئے بھی اسپیکر سے اجازت لینا پڑتی ہے، اسپیکر کا رویہ ایسا ہے کہ اپوزیشن لیڈر کو ان کے چیمبر آنے پر کوئی شکایت نہیں ہوگی۔

بقیہ سحر 24

کے موقع پر سعودی فنڈ برائے ترقی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلطان عبدالرحمٰن المرشد سے ملاقات کی۔ وزیرِ خزانہ نے سعودی عرب میں حالیہ واقعات کے دوران قیمتی جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کیا اور پاکستان کیلئے سعودی عرب کی دیرینہ معاونت پر شکریہ ادا کیا۔انہوں نے پاکستان کی بہتر ہوتی ہوئی معاشی صورتِ حال اور بین الاقوامی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی کو اجاگر کیا۔ملاقات میں تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ، نجی شعبے کی شمولیت مضبوط بنانے، دوطرفہ سرمایہ کاری کے تحفظ کے معاہدے پر پیش رفت اور آئل ریفائنریوں کی بہتری کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔دونوں جانب سے سعودی فنڈ برائے ترقی کے تعاون سے جاری منصوبوں پر پیش رفت کو اطمینان بخش قرار دیا گیا اور نئے منصوبوں کی ایک جامع فہرست تیار کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔سعودی فنڈ برائے ترقی نے اپنے دائرکار کے اندر پاکستان کی مسلسل معاونت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ سحر 25

کے لیے مشترکہ پارلیمانی کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے اپنے خط میں کہا ہے کہ ملک اس وقت شدید معاشی دباؤ اور غیر یقینی سیاسی صورت حال سے دوچار ہے۔ایک طرف مہنگائی نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے تو دوسری جانب خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور بارہ اضلاع میں ہنگامی صورتحال کے نفاذ اور آئینی و جمہوری نظام کی معطلی کے حکومتی اعلانات نے غیر یقینی صورت حال پیدا کردی ہے

بقیہ سحر 26

چیئرمین سینیٹ نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومین کو جوارِ رحمت میں اعلی مقام عطا فرمائے، لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبرِ جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد صحت یابی نصیب فرمائے۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ٹرین حادثات کی روک تھام اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے موثر اور جامع حکمتِ عملی اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے حفاظتی اقدامات کو مزید مؤثر بنانے اور ریلوے کے نظام میں بہتری لانے پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔چیئرمین سینیٹ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ حادثے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے علاج معالجے میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔

بقیہ سحر 27

سائی میں صنفی خلیج 38 فیصد سے کم کرکے ریکارڈ 8 فیصد پر لا کھڑی کی ہے، ملک میں انٹرنیٹ ہاس پاسز 50 لاکھ سے تجاوز کرچکے ہیں جبکہ 5G کے دور میں آئندہ تین برسوں کے دوران 60 فیصد ٹیلی کام ٹاورز کو فائبرائز کرنے کا انقلابی ہدف مقرر کیا گیا ہے۔وہ منگل کو وزارتِ آئی ٹی اور یونیورسل سروس فنڈ (یو ایس ایف) پاکستان کے زیراہتمام ایشیا پیسیفک ٹیلی کمیونٹی (اے پی ٹی) کے اشتراک سے منعقدہ تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس اے پی ٹی سمپوزیم برائے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن اینڈ یو ایس ایف کے باضابطہ افتتاح کے موقع پر خطاب کررہی تھیں۔

بقیہ سحر 28

ہوئی، جس میں غیر قانونی مائیگریشن کی روک تھام، قانونی امیگریشن کے فروغ اور ہنرمند افرادی قوت کے لیے مواقع بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں وفود کی سطح پر بھی مذاکرات ہوئے، میگنس برنر نے غیر قانونی مائیگریشن کے خلاف پاکستان کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے مؤثر اقدامات کے باعث یورپ کی جانب غیر قانونی مائیگریشن میں 64 فیصد کمی قابل ستائش ہے، ایف آئی اے نے محدود وسائل کے باوجود پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جبکہ غیر قانونی مائیگریشن میں کمی سے قانونی مائیگریشن کی راہیں کھلیں گی۔

بقیہ سحر 29

نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ کچھ حقائق آپ کو پتہ ہونا چاہیے کچھ چھپنا نہیں چاہتا، یہ ساری باتیں ایک سال قبل میں آپ کو بتا چکا ہوں، میں علم کی بنیاد پر بات کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ جو پاکستان کا جھنڈا یا ترانہ نہیں گائے گا انکی ہم نسلیں تباہ کردیں گے، ایسی سوچ والے لوگوں کی بھی ہم نسلیں تباہ کردیں گے۔ پاکستانی تارِتخفیصل واوڈا نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں تیرہ سال میں تباہی دیکھی، یہ ملک یا صوبہ کسی کا باپ نہیں، پاک فوج کے شہدا کے خلاف بات کرنے والوں کی زبانیں کھینچ کر جوتوں کے سول بنائیں گے، پاکستان کے خلاف بات کرنے والوں کی نسلیں تباہ کردیں گے۔

بقیہ سحر 30

تھی، رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔آئی ایم ایف کے مطابق رواں برس پاکستان کی معاشی نمو 3.5 فیصد رہے گی جو گزشتہ مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی 3.6 فیصد تھی جبکہ مالی سال میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا ایک فیصد ہوگا، رواں مالی سال میں بے روزگاری کی شرح 6.5 فیصد رہے گی۔عالمی مالیاتی فنڈ نے کہا کہ عالمی شرح نمو 2025 میں 3.5 فیصد تھی، جو 2026 میں 3.1 فیصد رہنے کی توقع ہے، عالمی معاشی نمو 2027 میں 3.4 فیصد ہوگی۔آئی ایم ایف کے عالمی معاشی منظرنامے کے مطابق مشرق وسطی کی جنگ سے مہنگائی کی شرح 2026 میں 4.7 فیصد ہوگی، عالمی معیشت دو حصوں میں تقسیم ہے، اے آئی کے شعبے سے وابستہ یا توانائی برآمد کرنے والے ممالک بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں، توانائی درآمد کرنے والے اور ٹیکنالوجی کی دوڑ سے باہر ممالک کو مہنگائی، درآمدی بلوں اور مالیاتی دبا کا سامنا ہے

بقیہ سحر 31

کی اہم ضرورت ہے۔جامع معاشی ترقی، معاشی خودمختاری اور غربت سے خوشحالی کی جانب سفر کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ غربت محض آمدنی کی کمی نہیں بلکہ تعلیم، صحت، غذائیت اور باعزت روزگار تک محدود رسائی کا نام بھی ہے۔

بقیہ سحر 32

ہی سڑکوں پر وہ ہنگامہ آرائی نظر آئی جس کا تاثر دینے کی کوشش کی جارہی تھی، جبکہ اس کے برعکس لوگوں کو یومِ تشکر مناتے، مٹھائیاں تقسیم کرتے اور معمولاتِ زندگی جاری رکھتے دیکھا گیا۔منگل کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے سوشل میڈیا کو زمینی حقائق ہضم نہیں ہورہے، اس لیے جعلی ویڈیوز پھیلا کر عوام کو گمراہ کرنے اور حالات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ سحر 33

پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف ہائی کورٹ میں درخواست دائر کررہے ہیں۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اپنی آئینی و قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے، آزاد جمہوری نظام اور آزاد عدلیہ کے حامی ہیں۔انہوں نے کہا کہ جمہوری حکومت کو ختم کرکے ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ غیر قانونی ہے۔واضح رہے کہ دو روز قبل وزیر اعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر صدرِ مملکت ا?صف علی زرداری نے ایمرجنسی اور گورنر راج کی سمری پر دستخط کیے تھے۔

بقیہ سحر 34

سے اتر گئیں۔ذرائع کے مطابق ٹرین کی رفتار تیز تھی جس کی وجہ سے تمام بوگیاں الٹ گئیں۔ایک مسافر نے بتایا کہ رحمان بابا ایکسپریس کا حادثہ صبح سوا 5 بجے پیش آیا، روہڑی کے قریب بوگی نمبر 9 کے نٹ بولٹ درست کیے گئے تھے۔دوسری جانب ریسکیو حکام نے بتایا کہ متاثرہ بوگی سے ایک اور لاش نکال لی گئی ہے جس کے بعد ہلاکتوں کی تعداد 6 ہوگئی ہے

بقیہ سحر 35

کے مطابق منگل کو ایک تعزیتی بیان میں سپیکر نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے مسافروں کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔سپیکر نے زخمی ہونے والے مسافروں کی جلد صحتیابی اور جاں بحق ہونے والے مسافروں کی مغفرت اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ سحر 36

کالعدم ایس آر اے سے تعلق رکھنے والا ایک دہشت گرد گرفتار ہوا۔سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانا چاہتے تھے، ملزمان بلوچستان میں ایف سی اور کسٹمز کی موبائل گاڑیوں پر حملوں میں بھی ملوث رہے ہیں۔ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے جبکہ ان کے دیگر ساتھیوں اور معاونین کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ سحر 37

کانوٹس لیتے ہوئے واقعے پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے مسافروں کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وفاقی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ حادثے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جاں بحق افراد کے لواحقین اور زخمی ہونے والے مسافروں کو پاکستان ریلویز کی مروجہ انشورنس پالیسی کے تحت معاوضہ ادا کیا جائے گا۔وفاقی وزیر ریلوے حادثے کی جگہ کا معائنہ کرنے اور صورتحال کا خود جائزہ لینے کے لیے جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوچکے ہیں، جہاں وہ امدادی کارروائیوں کی ذاتی طور پر نگرانی کریں گے۔ وفاقی وزیر نے فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز کو واقعے کی فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کردی۔

بقیہ سحر 38

سروس کمیشن گریڈ 18 کے متعلقہ افسر کو ریکارڈ کے ہمراہ 20 اکتوبر کو نیب میں پیشی یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 39

کوئی ایسا بٹن نہیں کہ ہم دبائیں تو لاکھوں لوگ سڑکوں پر آجائیں، لیڈرشپ موجود تھی اور گرفتار بھی ہوگئی ہے۔بنگلا دیش میں بھی ایسی ہی صورتحال تھی تو اچانک بچے لیڈر بن گئے۔لوگوں نے جب آنا ہوتا تو وہ خودآجاتے ہیں۔وفاقی حکومت نے جوغیر قانونی عمل کیا اس کا معاشرے پر اثر پڑے گا۔سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ہمیں کہا جارہا تھا کہ اس آئینی شق پر دستخط کریں، دہشتگردی کے خلاف جو بھی فیصلہ ہوگا پی ٹی آئی تسلیم کرے گی۔ہمارا مطالبہ تھا کہ ایسے ڈرون حملے منظور نہیں جس میں معصوم جانیں ضائع ہوں، آپریشن کے دوران لوگوں کو بے گھر نہیں کیا جائے گا، موجودہ عدالتی نظام میں ایمرجنسی کو آگے کھینچ سکتے ہیں، لیکن اس سے عوام میں خلیج پیدا ہوگی۔

بقیہ سحر 40

کہ آلودگی پھیلانے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں جبکہ ہائی اے کیو آئی والے علاقوں میں سموگ گنز آپریشن اور پانی کا مسلسل چھڑکاؤ مزید بڑھا دیا گیا ہے

بقیہ سحر 41

سال قید کی سزا سنائی گئی جب کہ عدالت نے ملزم پر 10 سال تک ڈرائیونگ نہ کرنے کی پابندی بھی لگائی ہے۔آسٹریلوی میڈیا کے مطابق عدالت نے اچھا رویہ اپنانے کی ضمانت پر مجرم کی 2 سال قید کی سزا معطل کردی ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ سال ایڈیلیڈ میں 20 سال کی پاکستانی طالبہ گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق ہوگئی تھی، نوجوان ڈرائیور سڑک پر بیٹھی طالبہ کو گاڑی مارتا ہوا فرار ہوگیا تھا۔

بقیہ سحر 42

ٹولز، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا ذمہ دارانہ استعمال ناگزیر ہے، مصنوعی ذہانت کے ٹولز کو دھمکیوں، خوف و ہراس پھیلانے کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔

بقیہ سحر 43

استعمال کی غلطی تسلیم کرے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت سنگین اقدامات واپس لے کر اپوزیشن سے مذاکرات کا راستہ اختیار کرے، اپوزیشن لیڈرز محمود خان اچکزئی، راجہ ناصر عباس، بیرسٹر گوہر مذاکرات کیلئے تیار ہیں، اب مذاکرات سے حکومت کا صریحا انکار غیر جمہوری اور آمرانہ رویہ ہے۔

بقیہ سحر 44

کی تبدیلی کے منصوبوں پر بات چیت کی۔اس موقع پر مراد علی شاہ نے چینی کمپنی کو کراچی میں پانی کی فراہمی کے لیےکے فور پائپ لائن بچھانے کی دعوت دی تھی جس پر چینی کمپنی کی جانب سے آمادگی ظاہر کی گئی ہے۔وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ کراچی میں پانی کی فراہمی کے لیے 100 کلومیٹر طویل پائپ لائن بچھائی جائے گی اور یہ منصوبہ جلد مکمل کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ سحر 45

پر 12.7 فیصد اضافے کے ساتھ 3.6 ارب ڈالر رہیں، پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) میں ترسیلاتِ زر کا حجم 10.9 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 14 فیصد زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کو 9.5 ارب ڈالر کی ترسیلاتِ زر موصول ہوئی تھیں، رواں مالی سال کے آغاز پر ترسیلاتِ زر اور اشیا کی برآمدات، دونوں میں دوہرے ہندسے کی شرح سے اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، پہلی سہ ماہی کے دوران اشیا کی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 11 فیصد جبکہ ترسیلاتِ زر میں 14 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ سحر 46

کی گئی ہے۔کوئٹہ کے شہریوں نے بتایا کہ نانبائیوں نے آٹے کی قیمت کو جواز بنا کر 40 روپے والی روٹی کا وزن کم کردیا ہے، تندوروں پر 40 روپے والی روٹی کا وزن مقررہ 310 گرام سے کم کرکے 230 سے 270 گرام کردیا گیا ہے۔شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخوں پر آٹے اور روٹی کی فروخت یقینی بنائے۔

بقیہ سحر 47

مطابق تھرپارکر سے تعلق رکھنے والے نعمت اللہ کو ڈھائی ماہ قبل کتے نے کاٹا تھا۔جناح ہسپتال میں بھی ریبیز کا 12 سالہ مشتبہ مریض لایا گیا، لڑکے کا تعلق حیدرآباد سے ہے۔ہسپتال ذرائع کے مطابق مریض میں ریبیز کی علامات موجود ہیں، ریبیز سے بچاؤ کی ویکسین کا ایک ڈوز دے دیا گیا ہے، 12 سالہ لڑکے کو دو ماہ قبل کتے نے کاٹا تھا۔

بقیہ سحر 48

گریڈ 18 کے متعلقہ افسر کو ریکارڈ کے ہمراہ 20 اکتوبر کو نیب میں پیشی یقینی بنائیں

بقیہ سحر 49

گے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں آج بھی کہتا ہوں کہ وفاقی حکومت نے ایمرجنسی کا بڑا احمقانہ فیصلہ کیا ہے، یہ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں، پہلے کہتے دہشتگردی ہے، اس پر ہم نے بار بار کہا کہ ہم دہشتگردی کی جنگ کے خلاف نہیں ہیں بلکہ اپنے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں

بقیہ سحر 50

گزشتہ کئی ماہ کے دوران صوبے کو مفلوج رکھا گیا، حکمران طبقہ مارچوں اور اپنے ذاتی مفادات کے لیے عوام کا پیسہ استعمال کرتا رہا۔

بقیہ سحر 51

میں اہم بیگ نے حجرہ بی بی کے خلاف کامیابی حاصل کی مردوں کے مقابلوں میں فلائی ویٹ (56.7 کلوگرام) کیٹیگری میں محبّ اللہ نے مہیز ستی کو دھول چٹائی۔اسٹرا ویٹ میں محمد سیف نے اورنگزیب احمد جبکہ شایان مہدی نے طیب کو شکست دی۔ فیدر ویٹ (65.8 کلوگرام) میں راشد گجر نے محمد جبران کو مات دی، جبکہ بنٹم ویٹ (61.2 کلوگرام) میں شمس خان نے ذیشان اکبر کو شکست سے دوچار کیا۔

بقیہ سحر 52

حفاظتی اقدامات، عوامی آگاہی، موثر منصوبہ بندی اور ہنگامی طبی سہولیات کی دستیابی انتہائی اہمیت کی حامل ہے، قدرتی آفات کے دوران انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری، تربیت یافتہ عملے کی موجودگی اور فوری طبی امداد کی فراہمی ناگزیر ہے۔

بقیہ سحر 53

کیا۔جسٹس محمد اقبال کلہوڑو نے کہا کہ یعنی کہ ملزم عدالت کا نوٹس وصول ہی نہیں کررہا؟ افتخار شاہ ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ ملزمان نے دوسری بار عدالت کا نوٹس وصول نہیں کیا۔عدالت نے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان نوٹس بھی وصول نہیں کر رہے اور ٹرائل کورٹ بھی جج کی عدم تعیناتی پر خالی ہے۔

بقیہ سحر 54

''اچھی حکمرانی: شمولیت، تنوع اور ادارہ جاتی مؤثریت'' کے موضوع پر منعقدہ انٹرا ایکٹو سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔سپیکر کہا ہے کہ اچھی حکمرانی کا بنیادی تقاضا میرٹ، شفافیت، انصاف، قانون کی بالادستی اور مؤثر احتساب ہے۔

بقیہ سحر 55

حفاظتی اقدامات لازم قرار دیئے گئے ہیں ۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب افتخار علی سہو کی سربراہی میں قائم کمیٹی نے جامع حفاظتی ایس او پیز تیار کیے۔سیوریج صفائی کے دوران حادثات کی روک تھام کے لیے حفاظتی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد ہوگا،

بقیہ سحر 56

، عدالت نے پیرا فورس کے اہلکار کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے حکم کی خلاف درخواست خارج کر دی۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد اجمل زاہد نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ کسی اہلکار کا سرکاری عہدہ بذات خود اس بات کا تعین نہیں کرتا کہ اس کے خلاف کون سا قانون لاگو ہوگا، اگر کسی معاملے میں پیرا ایکٹ 2024 کے تحت جرم بنتا ہو تو متعلقہ خصوصی قانون کے طریقہ کار پر عمل کیا جائے

بقیہ سحر 57

گارڈین کورٹ نے رجب بٹ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 30 اکتوبر تک جواب طلب کرلیا۔درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ رجب بٹ نے شادی کے کچھ ماہ بعد انہیں گھر سے بے دخل کردیا

بقیہ سحر 58

گے۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور سرچ کمیٹی کے رکن مقرر، وائس چانسلر انفارمیشن ٹیکنالوجی یونیورسٹی لاہور سرچ کمیٹی کے رکن مقرر، ڈاکٹر محمد عمر مسعود، سیکرٹری محکمہ صنعت، تجارت و سرمایہ کاری سرچ کمیٹی کے رکن مقرر، ڈائریکٹر جنرل پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی سرچ کمیٹی کے رکن مقرر کیے گئے ہیں۔محکمہ داخلہ پنجاب کے نوٹیفکیشن میں سرچ کمیٹی کا دائرہ اختیار بھی وضع کیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 59

ارب 20 کروڑ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے ہیں۔ اسی طرح محکمہ انڈسٹری کے لئے 625 ملین روپے جاری کیے گئے ہیں۔

بقیہ سحر 60

ملزمان کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے گردونواح میں منشیات فروشی میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات کی آن لائن خرید وفروخت میں ملوث ملزمان کے خلاف بھی سخت کارروائی کی جائے۔

بقیہ سحر 61

کے فروغ کے لیے بھی اقدامات کیے گئے ہیں۔ادارے نے 2022 کے سیلاب سمیت مختلف ہنگامی حالات میں امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔چیئرپرسن حنا پرویز بٹ نے پاکستان کے محروم اور ضرورت مند طبقات کی مدد کے لیے ٹوڈشے اور ان کی تنظیم کی خدمات کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچیوں کو تحفظ اور معاونت فراہم کرنے کے لیے سرکاری اداروں اور انسانی خدمت کے لیے کام کرنے والی تنظیموں کے درمیان تعاون اہمیت رکھتا ہے۔ڈی جی پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی ڈاکٹر لبنٰی نذیر نے ٹوڈشے کو گھریلو تشدد اور دیگر اقسام کے تشدد کا سامنا کرنے والی خواتین کو اتھارٹی کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں آگاہ کیا

بقیہ سحر 62

امکانات کو نقصان پہنچا رہی ہیں، مقبوضہ شامی علاقہ گولان بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں، خصوصاً قرارداد 338 اور 497 کے تحت شام کا حصہ ہے

بقیہ سحر 63

ٹرانسفارمیشن پلان خطہ پوٹھوہار میں زراعت کی ترقی کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا، بارشی پانی محفوظ بنانے سے زرعی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے کی۔

بقیہ سحر 64

اور اضافہ ہوگا، عوام کے جمہوری مینڈیٹ کو پامال کرنے اور ان کے حقِ حکمرانی پر ڈاکہ ڈالنے کی کسی بھی کوشش کو جماعت اسلامی سختی سے مسترد اور اس کی بھرپور مذمت کرتی ہے، ملک کو مزید سیاسی انتشار اور محاذ آرائی کی طرف دھکیلنے کے بجائے عوام کے فیصلے کا احترام کیا جانا چاہیے۔منصورہ میں ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محمد جاوید قصوری نے کہا کہ جمہوریت کا بنیادی تقاضا یہی ہے کہ عوام جسے اپنا نمائندہ منتخب کریں، اسے آئینی مدت پوری کرنے کا حق دیا جائے۔

بقیہ سحر 65

اولاہور نے مال بردار گاڑیوں، ریت، مٹی اور بھوسا لے جانے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیتے ہوئے واضح کیا کہ کوئی بھی ٹریکٹر ٹرالی یا دیگر لوڈر وہیکل بغیر ترپال کے سڑک پر چلتی نظر نہیں آنی چاہیے۔سید عبدالرحیم شیرازی نے ٹریفک افسران کو تمام کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے ڈرائیونگ لائسنس خصوصی طور پر چیک کرنے کی ہدایت بھی کی۔انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر نگرانی اور بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔

بقیہ سحر 66

ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔پولیس ترجمان کے مطابق ملزمان نے شیخ عبدالقادر جیلانی روڈ پر شہری محمد فیصل سے 3 لاکھ 27 ہزار 600 روپے لوٹے اور موقع سے فرار ہوگئے۔ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ دکان مالک کے بھتیجے نے اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر ڈکیتی کی منصوبہ بندی کی تھی۔اسلام پورہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے ڈکیتی کی رقم اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کرلیا ہے۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ سحر 67

خوداس بات کا تعین نہیں کرتا کہ اس کے خلاف کون سا قانون لاگو ہوگا، اگر کسی معاملے میں پیرا ایکٹ 2024ء کے تحت جرم بنتا ہو تو متعلقہ خصوصی قانون کے طریقہ کار پر عمل کیا جائے تاہم اگر الزامات عام فوجداری قانون کے تحت جرم کے زمرے میں آتے ہوں تو پاکستان پینل کوڈ سمیت متعلقہ قوانین کے اطلاق کا بھی جائزہ لینا ضروری ہے۔

بقیہ سحر 68

1,650 روپے، سیالکوٹ میں 1,647 روپے، لاہور میں 1,630 روپے، فیصل آباد میں 1,610 روپے، سرگودھا میں 1,638 روپے، ملتان میں 1,653 روپے، بہاولپور میں 1,599 روپے، پشاور میں 1,600 روپے اور بنوں میں 1,550 روپے ریکارڈ کی گئی۔کراچی میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1,476 روپے، حیدرآباد میں 1,548 روپے، سکھر میں 1,650 روپے اور لاڑکانہ میں 1,523 روپے ریکارڈ کی گئی۔کوئٹہ میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط قیمت 1560 روپے جبکہ خضدار میں 1,650 روپے ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ سحر 69

2025ء کی دفعہ (1)7 کے تحت عمل میں لائی گئی ہے۔ترجمان نے بتایا کہ صوبائی کابینہ نے 11 اکتوبر 2026 کو سرچ کمیٹی کی تشکیل کی منظوری دی تھی۔محکمہ داخلہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ سرچ کمیٹی کے سربراہ ہوں گے جبکہ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور، وائس چانسلر انفارمیشن ٹیکنالوجی یونیورسٹی لاہور، سیکرٹری محکمہ صنعت، تجارت و سرمایہ کاری ڈاکٹر محمد عمر مسعود اور ڈائریکٹر جنرل پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی (پی اے ایف ڈی اے) سرچ کمیٹی کے اراکین مقرر کیے گئے ہیں۔محکمہ داخلہ پنجاب کے نوٹیفکیشن میں سرچ کمیٹی کا دائرہ اختیار بھی وضع کیا گیا ہے

بقیہ سحر 70

نذیر اور ڈائریکٹر فنانس چوہدری زبیر احمد سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران کانیکو ناہومی نے جاپان ڈویلپمنٹ اسکالرشپ 2026 کے بارے میں بریفنگ دی۔اس اسکالرشپ پروگرام کا مقصد حکومتِ پاکستان کی انتظامی صلاحیتوں کو بہتر بنانا اور اہل سرکاری افسران کو جاپانی جامعات سے ماسٹرز کی ڈگری حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ سحر 71

محمد عمر عبداللہ چوہدری سابق ایگزیکٹو کمیٹی ممبر چوہدری اورنگزیب جبکہ وفد میں نصیر، ساجد منہاس ،ملک، قیصر حسین، ظہیر بھٹہ، کامل محمود، میاں خورشید انور، بابر جہانگیر، فیصل امین اور حافظ عمران بھی موجود تھے۔لاہور چیمبر کے صدر علی حسام اصغر نے کہا کہ لاہور چیمبر فیروزپور روڈ کے صنعت کاروں کو درپیش مسائل کے حل، کاروباری سہولتوں میں اضافے اور غیر ضروری رکاوٹوں کے خاتمے کے لیے متعلقہ سرکاری اداروں سے رابطے کرے گا۔

بقیہ سحر 72

روانگی بھی منسوخ کردی گئی ہے۔پروازوں کی منسوخی کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، مسافروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ایئرپورٹ روانہ ہونے سے قبل متعلقہ ایئرلائن سے اپنی پرواز کی تازہ ترین صورتحال کی تصدیق کرلیں۔واضح رہے کہ پروازوں کی منسوخی کی وجوہات اور مزید تفصیلات سے متعلق ایئرپورٹ ذرائع کی فراہم کردہ معلومات کی باضابطہ تصدیق سامنے آنا باقی ہے۔

بقیہ سحر 73

اس خاتون سے دوبارہ مراسم قائم کرلیے تھے جس پر خاتون کے بیٹوں کو رنج تھا۔پولیس کے مطابق خاتون کے بیٹوں نے مبینہ طور پر روبن مسیح کو قتل کرکے لاش کھیتوں میں پھینک دی۔پولیس نے واقعے کے مقدمے کے اندراج کے بعد ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔

بقیہ سحر 74

مگر کچھ امیدواروں کی جانب سے شکایت سامنے آئی کہ ان کی درخواستیں پورٹل سے حذف کردی گئی ہیں، متعلقہ حکام نے حذف شدہ درخواستوں کی نشاندہی کی ہدایت بھی جاری کی تھی۔لگ بھگ 5 ماہ کے وقفے کے بعد ستمبر 2026 میں شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواروں کے انٹرویوز کیے گئے مگر تاحال کالجز بغیر پرنسپلز کے چلائے جارہے ہیں۔اس حوالے سے محکمہ تعلیم کا موقف ہے کہ خالی سیٹوں پر انٹرویوز مکمل ہوچکے ہیں اور جلد ہی تقرری کے آرڈرز جاری کردیئے جائیں گے، محکمے کا اپنا ایک طریقہ کار جس کے تحت مستقل تعیناتی میں وقت لگتا ہے، جلد کالجز میں مستقل بنیادوں پر پرنسپل تعینات کردیئے جائیں گے۔افسران نے بتایا کہ جن کالجز میں مستقل پرنسپل تعینات نہیں ہیں وہاں کئی طرح کی بدانتظامی دیکھنے میں آرہی ہے، سب سے اہم یہ ہے کہ طلبہ کی داخلوں کی تعداد کم ہونے کے ساتھ ساتھ تعلیمی معیار بھی گرتا جارہا ہے، محکمہ تعلیم کو متعدد بار اس کی نشاندہی بھی کی گئی ہے مگر اس میں تاخیر کا عمل جاری ہے۔صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر کے مطابق محکمہ ہائرایجوکیشن تقرری کے عمل کو شفاف اور میرٹ پر مکمل کررہا ہے۔خالی عہدوں پر انٹرویوز ہوچکے ہیں اور جلد ہی متعلقہ امیدواروں کی تقرری کے آرڈرز جاری کیے جائیں گے تاکہ کالجز کی انتظامی صورتحال بہتر ہو اور طلبہ کو مستحکم تعلیمی ماحول مل سکے۔صوبائی وزیر نے یقین دلایا کہ پنجاب حکومت تعلیمی اداروں میں مستقل پرنسپلز کی تعیناتی کو ترجیح دے رہی ہے

صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت اجلاس

سی ایم پنجاب یوتھ گیمز تاریخ کا سب سے بڑا کھیلوں کا ایونٹ ہوگا، صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر

لاہور (سپورٹس رپورٹر) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 کی تیاریوں اور رجسٹریشن کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں یوتھ گیمز کے انتظامی امور، رجسٹریشن کے عمل کو مؤثر بنانے اور متعلقہ محکموں کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سی ایم پنجاب یوتھ گیمز تاریخ کا سب سے بڑا کھیلوں کا ایونٹ ہوگا، جو دنیا بھر کے ریکارڈ توڑنے اور نئی تاریخ رقم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، ان گیمز کے لیے ایک کروڑ نوجوانوں کی رجسٹریشن جبکہ 50 لاکھ کھلاڑیوں کی عملی طور پر میدانوں میں شرکت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، گینز ورلڈ ریکارڈز کی ٹیم بھی اس تاریخی سپورٹس فیسٹیول میں شرکت کرے گی، سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی رجسٹریشن کی آخری تاریخ 5 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے اور اس میں توسیع نہیں کی جائے گی، تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ رجسٹریشن اور انتظامی تیاریوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، محکمہ اسکول ایجوکیشن رجسٹریشن کے عمل کے لیے مؤثر اقدامات کرے تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوان ان گیمز میں شرکت کرسکیں، پنجاب کا کوئی بھی بچہ کھیلوں کے اس بڑے موقع سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ سی ایم پنجاب یوتھ گیمز میں ہر طبقے کے نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں گے، مدارس، اسپیشل اسکولز، پرائمری اسکولوں سے لے کر کالجوں اور یونیورسٹیوں تک کے طلبہ کو کھیلوں میں شرکت کا موقع ملے گا، پنجاب کی یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم دیگر صوبوں کے نوجوان بھی سی ایم پنجاب یوتھ گیمز میں حصہ لے سکیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ یوتھ گیمز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں کو خصوصی انعامات دیئے جائیں گے، یوتھ گیمز کے مقابلے یونین کونسل سے صوبائی سطح تک منعقد ہوں گے، جبکہ انٹر ڈویژنل فائنل مقابلے جنوری 2027 میں لاہور میں ہوں گے۔صوبائی وزیر کھیل نے اعلان کیا کہ سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی تیاریوں اور رجسٹریشن کے عمل کا جائزہ لینے کے لیے ہر پیر کو باقاعدگی سے اجلاس منعقد ہوگا تاکہ پیش رفت کا جائزہ لے کر ضروری اقدامات کیے جا سکیں، اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ اب تک 10 لاکھ سے زائد نوجوانوں کی رجسٹریشن ہوچکی ہے۔محکمہ اسکول ایجوکیشن، ہائر ایجوکیشن، ہوم، ایگریکلچر، اسپیشل ایجوکیشن، لوکل گورنمنٹ، لیبر، سوشل ویلفیئر، نان فارمل، لٹریسی ڈیپارٹمنٹ اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ و دیگر اداروں کے نمائندگان بھی اجلاس میں شریک ہوئے، جبکہ پنجاب کے تمام ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ اسپورٹس افسران نے آن لائن شرکت کی۔

لاہور:صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز میں سری لنکا نے پاکستان کو چھ وکٹوں سے شکست دیدی

اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے آٹھ وکٹوں پر 105 رنز بنائے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز میں سری لنکا نے پاکستان کو چھ وکٹوں سے شکست دے دی۔اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے آٹھ وکٹوں پر 105 رنز بنائے۔ پاکستان کی جانب سے شہر بانو 24 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔سری لنکا کی لیمانسا تھلاکرتنے نے 14 رنز کے عوض تین وکٹیں حاصل کیں۔سری لنکا نے 106 رنز کا ہدف 13.3 اوورز میں چار وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔سری لنکا کی سجنا کوبندی نے 28 گیندوں پر 46 رنز کی اننگز کھیلی۔سری لنکا اور بنگلہ دیش کے درمیان فائنل 16 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔سری لنکا اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں 14 اکتوبر کو آخری لیگ میچ میں مدمقابل ہوں گی۔

اشتہاری مجرمان، عدالتی مفروروں اور عادی مجرموں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

گرفتار اشتہاری مجرمان میں اے کیٹیگری کے 31 ہزار 382 جبکہ بی کیٹیگری کے ایک لاکھ سے زائد ملزمان شامل ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس نے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری مجرمان، عدالتی مفروروں اور عادی مجرموں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر سے ایک لاکھ 34 ہزار سے زائد اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا۔ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق گرفتار اشتہاری مجرمان میں اے کیٹیگری کے 31 ہزار 382 جبکہ بی کیٹیگری کے ایک لاکھ سے زائد ملزمان شامل ہیں۔اسی طرح صوبہ بھر میں کارروائیوں کے دوران 43 ہزار سے زائد عدالتی مفروروں کو بھی گرفتار کیا گیا، جن میں اے کیٹیگری کے 5 ہزار 893 اور بی کیٹیگری کے 37 ہزار 132 ملزمان شامل ہیں۔ترجمان کے مطابق پنجاب پولیس نے رواں سال 18 ہزار 988 عادی مجرموں کو بھی گرفتار کیا۔ان میں اے کیٹیگری کے 6 ہزار 373 جبکہ بی کیٹیگری کے 12 ہزار 615 عادی مجرم شامل ہیں۔پنجاب پولیس کی کارروائیوں کے دوران صوبائی دارالحکومت لاہور میں 32 ہزار 527 اشتہاری مجرمان، 13 ہزار 247 عدالتی مفروروں اور 6 ہزار 77 عادی مجرموں کو گرفتار کیا گیا۔آئی جی پنجاب عبدالکریم نے اشتہاری مجرمان، عدالتی مفروروں اور عادی مجرموں کی گرفتاری کے لیے موثر کارروائیاں کرنے والی پولیس ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے کریک ڈاؤن مزید موثر انداز میں جاری رکھا جائے۔

ون ڈے انٹرنیشنل تین ملکی سیریز کے لاہور مرحلے کے ٹکٹوں کی آن لائن فروخت 3 بجے شروع ہوگی

پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کی ٹیمیں تین ملکی سیریز میں حصہ لیں گی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ون ڈے انٹرنیشنل تین ملکی سیریز کے لاہور مرحلے کے ٹکٹوں کی آن لائن فروخت آج دوپہر 3 بجے شروع ہوگی۔پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کی ٹیمیں تین ملکی سیریز میں حصہ لیں گی۔سیریز کا آغاز 18 اکتوبر کو راولپنڈی میں پاکستان اور سری لنکا کے میچ سے ہوگا۔قذافی سٹیڈیم میں 25 سے 31 اکتوبر تک پانچ میچز، بشمول فائنل، کھیلے جائیں گے۔راولپنڈی اور لاہور کے میچز کے فزیکل ٹکٹ 14 اکتوبر کو دوپہر 3 بجے سے ٹی سی ایس ایکسپریس سینٹرز پر دستیاب ہوں گے۔سیریز کے ٹکٹ 200 روپے سے دستیاب ہوں گے۔فائنل کے ٹکٹوں کی قیمت 400 روپے سے شروع ہوگی۔ایک شناختی کارڈ پر فی میچ زیادہ سے زیادہ پانچ ٹکٹ خریدے جاسکیں گے۔

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ کرکٹ پروگرام کے تحت جاری سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کے اب تک 91 میچز کامیابی سے مکمل

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیرنگرانی اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیراہتمام پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ کرکٹ پروگرام کے تحت جاری سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کے اب تک 91 میچز کامیابی سے مکمل ہوچکے ہیں۔ٹورنامنٹ میں لاہور ریجن کے 88 سکول حصہ لے رہے ہیں، جنہیں 22 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں مجموعی طور پر 138 میچز کھیلے جائیں گے، جس کے بعد ہر پول کی ٹاپ ٹیم ناک آؤٹ مرحلے کے لیے کوالیفائی کرے گی۔صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کے گراس روٹ کرکٹ ویژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ سکول کرکٹ نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور مستقبل کے باصلاحیت کرکٹرز کی نشاندہی کا اہم ذریعہ ہے۔انہوں نے کہا کہ سکولوں کی سطح پر منظم مقابلوں کا انعقاد کرکٹ کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔خواجہ ندیم احمد کے مطابق محسن نقوی کی گراس روٹ کرکٹ پر خصوصی توجہ پاکستان میں کرکٹ کے فروغ کے لیے اہم ہے، جبکہ متعلقہ ڈومیسٹک کرکٹ حکام، بالخصوص اسامہ شارون نیازی، اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن بھی سکول، کلب اور ڈومیسٹک کرکٹ کی بہتری کے لیے پی سی بی کی پالیسیوں پر عمل درآمد اور نوجوان ٹیلنٹ کو مناسب مواقع فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔انہوں نے ٹورنامنٹ کے انتظامی امور کو موثر انداز میں چلانے پر منیجر کرکٹ آپریشنز عابد حسین کی کاوشوں کو سراہا، جبکہ چیئرمین ٹورنامنٹ کمیٹی وقار المنیر، محمد اویس سرور، میچ آفیشلز اور گراؤنڈز انتظامیہ کے تعاون کو بھی اہم قرار دیا۔خواجہ ندیم احمد نے کہا کہ لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن سکول کرکٹ کے فروغ اور نئے ٹیلنٹ کی تلاش کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی، تاکہ نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور مستقبل میں اعلی سطح کی کرکٹ تک رسائی کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔

آر اے بازار ایگلٹس کرکٹ کلب نے کینٹ زون کرکٹ ایسوسی ایشن، لاہور کی ایسوسی ایٹ ممبر شپ حاصل کرلی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) آر اے بازار ایگلٹس کرکٹ کلب نے کینٹ زون کرکٹ ایسوسی ایشن، لاہور کی ایسوسی ایٹ ممبر شپ حاصل کرلی۔اس سلسلے میں کلب کے صدر پرویز ریحان نے ایسوسی ایٹ ممبرشپ کا باضابطہ نوٹیفکیشن صدر کینٹ زون کرکٹ ایسوسی ایشن مشہود حسین شیرازی سے وصول کیا۔اس موقع پر ہیڈ کوچ لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن اعزاز چیمہ، منیجر کرکٹ آپریشنز عابد حسین، منیجر فنانس میاں اسلم اور ایگزیکٹو کمیٹی ممبر کینٹ زون اویس سرور بھی موجود تھے۔صدر کینٹ زون کرکٹ ایسوسی ایشن مشہود حسین شیرازی نے آر اے بازار ایگلٹس کرکٹ کلب کی شمولیت کو کینٹ زون کے لیے ایک بیش قیمت اضافہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ نئے کلبوں کی شمولیت سے کرکٹ کے فروغ، کلب کرکٹ کے استحکام اور نوجوان کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔اس موقع پر آر اے بازار ایگلٹس کرکٹ کلب کے صدر پرویز ریحان نے ایسوسی ایٹ ممبر شپ ملنے پر تمام معزز عہدیداران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔انہوں نے اس اعتماد پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ کلب کرکٹ کے فروغ، نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور کھیل کی بہتری کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔آر اے بازار ایگلٹس کرکٹ کلب کی ایسوسی ایٹ ممبرشپ کلب کرکٹ کے دائرہ کار کو وسعت دینے اور کینٹ زون میں کرکٹ سرگرمیوں کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

اسلام آباد: وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف سے برازیل کے وزیر دفاع ملاقات کرتے ہوئے

ملتان رحمان بابا ایکسپریس کی 14 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں 6 مسافر جاں بحق 30 زخمی

کراچی سے پشاور جانے والی رحمن بابا کے پٹڑی سے اترنے کا واقعہ شیر شاہ اسٹیشن کے پاس آؤٹر سگنل کے قریب پیش آیا، ٹرین حادثے کا شکار ہوتے ہی مسافروں نے چیخ و پکار شروع کر دی، ریلوے کے اعلیٰ حکام، ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں

وزیراعظم نے نوٹس لے لیا، زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت، وزیر ریلوے حنیف عباسی نے تحقیقات کا حکم دیدیا، تمام بڑے اسٹیشنوں پر انفارمیشن/ہیلپ ڈیسک قائم

ملتان (بیورو رپورٹ) شیر شاہ پل کے قریب حادثے کے نتیجے میں چھ افراد جاں بحق اور 30 سے زائد زخمی ہوگئے، حادثے کا شکار ہونے والی رحمان بابا ایکسپریس پر ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا گیا جبکہ، صدر آصف علی زر داری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر ریلوے حنیف عباسی نے ملتان میں رحمان بابا ایکسپریس کی بوگیاں پٹڑی سے اترنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو امدادی کارروائیاں تیز کرنے اور زخمیوں کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔تفصیلات کے مطابق کراچی سے پشاور جانے والی رحمان بابا ایکسپریس کی ملتان میں شیر شاہ پل کے قریب تمام 15 بوگیاں پٹڑی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 34)

ملتان: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

کوئٹہ میں آٹے کی قیمت میں مسلسل اضافہ ریکارڈ

15 روپے مہنگا ہونے کے بعد آٹا 145 روپے سے 160 روپے کلو ہو گیا، مارکیٹ ذرائع

کوئٹہ میں سرکاری طور پر آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 2 ہزار 640 روپے مقرر کی گئی ہے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوئٹہ میں آٹے کی قیمت میں مسلسل اضافہ ریکارڈ ہونے لگا، 15 روپے مہنگا ہونے کے بعد آٹا 145 روپے سے 160 روپے کلو ہو گیا۔مارکیٹ ذرائع کے مطابق آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت میں 300 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔شہر میں آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 2 ہزار 900 روپے سے بڑھ کر 3 ہزار 200 روپے تک پہنچ گئی۔مارکیٹ ذرائع کے مطابق مارچ سے اب تک آٹے کی فی کلو قیمت میں 40 روپے جبکہ 20 کلو تھیلے کی قیمت میں 800 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔دوسری جانب کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 250 روپے تک فروخت کیا جانے لگا ہے۔کوئٹہ میں سرکاری طور پر آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 2 ہزار 640 روپے مقرر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات شروع

نیب کراچی کا سیکرٹری سندھ پی ایس سی کو خط، اسکریننگ ٹیسٹ اور تحریری امتحان پاس کرنیوالے امیدواروں کی تفصیلات الگ طلب

سیکرٹری سندھ پبلک سروس کمیشن گریڈ 18 کے متعلقہ افسر کو ریکارڈ کے ہمراہ 20 اکتوبر کو نیب میں پیشی یقینی بنائیں

کراچی (بیورو رپورٹ) نیب نے سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کی تحقیقات شروع کر دی۔نیب کے مطابق سندھ پبلک سروس کمیشن کے امتحان 2023 میں شکایت پر نوٹس لیا گیا۔نیب کراچی کا سیکرٹری سندھ پبلک سروس کمیشن کو خط، اسکریننگ ٹیسٹ اور تحریری امتحان پاس کرنے والے امیدواروں کی تفصیلات علیحدہ پیش کی جائے۔تمام امیدواروں کی تفصیلات اور نتائج کا ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔امتحانات کے اشتہار اور جوائننگ کی تفصیل بھی مانگ لیں۔نیب کے مطابق انٹرویو پینل کے ارکان کی تفصیلات بھی دی جائیں۔سیکرٹری سندھ پبلک سروس کمیشن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

کرنل (ر) دانیال نوید سے راشد گجر گولڈ میڈل حاصل کرتے ہوئے

برآمدات اور ترسیلاتِ زر میں اضافہ پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ اور عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بہتری کا ذریعہ بن سکتا ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ برآمدات اور ترسیلات زر میں اضافہ، مالیاتی نظم و ضبط اور معاشی اصلاحات کے تسلسل سے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ اور عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں مزید بہتری کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔منگل کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ ستمبر 2026 کے دوران ترسیلات زر سالانہ بنیادوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

انڈس ہسپتال کراچی میں 38 سالہ مریض میں ریبیز کی تصدیق

کراچی (بیورو رپورٹ) انڈس ہسپتال کراچی میں 38 سال کے مریض میں ریبیز کی تصدیق ہوئی ہے۔ہسپتال ترجمان کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

وفاق نے ایمرجنسی کا احمقانہ فیصلہ کیا استعفےٰ نہیں دیں گے، اسمبلیوں میں رہ کر اپنی آواز اٹھائیں گے، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (اے ایف پی) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت پی ٹی آئی کا دہشتگردوں سے رابطوں کا بیانیہ بنا رہی اب اس کو ثابت بھی کریں، گورنر ہاؤس کے گھیراؤ کی باتیں سیاسی نعرے تھے، اسمبلیوں سے استعفےٰ نہیں دیں گے بلکہ اسمبلیوں میں اپنی آواز اٹھائیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

خیبر پختونخوا کو کئی ماہ مفلوج رکھا گیا، حکمران طبقہ مارچوں اور ذاتی مفادات کے لیے عوام کا پیسہ استعمال کرتا رہا، انجینئر امیر مقام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

پاکستان اوپن ایم ایم اے کے ستاروں کا جارجیا ورلڈ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیتنے کا عزم

پاکستان ایم ایم اے فیڈریشن کے صدر عمر احمد کا ملک گیر ٹیلنٹ ہنٹ کے بعد عالمی سطح پر شاندار کامیابیوں کا ہدف

نیب میں انکوائری ختم کرانے کے لیے باقاعدہ عدالت سے اجازت لینا پڑتی ہے' چیف جسٹس عالیہ نیلم

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اوپن مکسڈ مارشل آرٹس (ایم ایم اے) چیمپئن شپ 2026 کے کامیاب اور فاتح کھلاڑیوں نے رواں سال نومبر میں جارجیا میں منعقد ہونے والی بین الاقوامی 'ورلڈ چیمپئن شپ' میں ملک و قوم کا نام روشن کرنے اور گولڈ میڈل جیتنے کے پختہ عزم کا اظہار کیا ہے پاکستان اوپن ایم ایم اے چیمپئن شپ کے فائنل معرکے سنسنی خیز مقابلوں کے بعد اختتام پذیر ہوگئے۔ خواتین کے مقابلے میں ایٹم ویٹ (47.7 کلوگرام) میں سمیہ خان (یا سارہ خان) نے مومنہ ارشاد کو جبکہ اسٹرا ویٹ (52.2 کلوگرام) میں بشریٰ اختر نے بانو کو شکست دی۔ فلائی ویٹ (56.7 کلوگرام) کے معرکے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 51)

منشیات فروشوں کے خلاف لاہور پولیس کا کریک ڈاؤن، رواں سال 6084 ملزمان گرفتار

منشیات فری لاہور ہمارا مشن ہے، کریک ڈاؤن جاری رہے گا' سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ منشیات فری لاہور ہمارا مشن ہے، کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن کے حوالے سے آج یہاں جاری اپنے بیان میں کیا۔سی سی پی او لاہور نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کی سپلائی چین میں ملوث (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 60)

PRESIDENT
CHIEF GUEST
VICE PRESIDENT

لاہور: چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر سے صنعتکاروں کے وفد سے خطاب کرتے ہوئے

پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے ایکسپورٹ لیڈ گروتھ ناگزیر ہے، علی حسام اصغر

صنعت کاروں کو سازگار کاروباری ماحول فراہم کر کے ہی برآمدات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے کہا ہے کہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے ایکسپورٹ لیڈ گروتھ ناگزیر ہے اور صنعت کاروں کو سازگار کاروباری ماحول فراہم کر کے ہی برآمدات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار فیروز پور روڈ کے صنعتکاروں کے وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی، نائب صدر چودھری خادم حسین اور وفد کے سربراہ ادیب اقبال شیخ نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔اجلاس میں لاہور چیمبر کے سابق نائب صدور فیصل اقبال شیخ اور میاں زاہد جاوید، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران علی رضا، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

خلیجی ممالک میں کشیدگی، لاہور ایئرپورٹ سے متعدد پروازیں منسوخ

لاہور سے ریاض نجی ایئرلائن کی پرواز ایکس وائے 318، ریاض جانے والی پرواز ایس وی 743 اور پرواز آر ایکس 676 منسوخ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سعودی عرب اور خلیجی ممالک کے درمیان کشیدگی کے باعث علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سے متعدد پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق لاہور سے ریاض جانے والی نجی ایئرلائن کی پرواز ایکس وائے 318، ریاض جانے والی پرواز ایس وی 743 اور پرواز آر ایکس 676 منسوخ کر دی گئی ہیں۔ذرائع کے مطابق لاہور سے دمام جانے والی پرواز پی کے 725 بھی منسوخ کر دی گئی جبکہ لاہور سے راس الخیمہ جانے والی پرواز جی نائن 855 کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 72)

پنجاب کے 3 محکموں کو اربوں روپے کے فنڈز جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ خزانہ نے پنجاب کے 3 محکموں کو بجٹ جاری کر دیا۔محکمہ خزانہ کی جانب سے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، محکمہ ایکسائز اور محکمہ انڈسٹری کے لئے فنڈز جاری کیے گئے ہیں۔رپورٹس کے مطابق محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کو 5 ارب 30 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں۔محکمہ ایکسائز کو ایک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

محکمہ داخلہ پنجاب نے ڈی جی پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کی تعیناتی کیلئے 5 رکنی سرچ کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے ڈائریکٹر جنرل پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کی تعیناتی کیلئے سرچ کمیٹی تشکیل دے دی۔ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق سرچ کمیٹی کی تشکیل پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی ایکٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

جاپان ڈویلپمنٹ اسکالرشپ 2026، خواتین سرکاری افسران کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مواقع

لاہور (سٹاف رپورٹر) جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن سینٹر (جے آئی سی ای) کے کنٹری آفیسر کانیکو ناہومی نے پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کے ہیڈ آفس لاہور میں ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر لبنیٰ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

مناواں میں ملنے والی سرکٹی لاش کی شناخت ہوگئی، مقتول روبن مسیح کو مبینہ غیرت کے نام پر قتل کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مناواں میں کھیتوں سے ملنے والی سرکٹی لاش کی شناخت روبن مسیح کے نام سے ہوگئی۔پولیس کے مطابق مقتول کو مبینہ طور پر غیرت کے نام پر قتل کیا گیا۔پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی میری پہچان ٹیم نے جدید بائیومیٹرک نظام کے ذریعے فنگر پرنٹس کی تصدیق کر کے مقتول کی شناخت مکمل کی۔پولیس کے مطابق روبن مسیح 16 سال قبل ایک خاتون کو بھگا کر لے گیا تھا اور بعد ازاں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

ہائر ایجوکیشن کے زیر انتظام 796 میں سے 180 کالجز مستقل سربراہان کے بغیر چلائے جانے کا انکشاف

متعدد کالجز 2019 سے مستقل پرنسپل کی عدم موجودگی میں کام کر رہے ہیں، انتظامی مسائل بڑھنے کیساتھ طلبہ کی تعداد میں کمی کا رجحان

ہائر ایجوکیشن تقرری کے عمل کو شفاف اور میرٹ پر مکمل کر رہا ہے، جلد امیدواروں کی تقرری کے آرڈرز کئے جائینگے' وزیر تعلیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں محکمہ ہائر ایجوکیشن کے زیر انتظام 796 میں سے 180 کالجز مستقل سربراہان کے بغیر چلائے جانے کا انکشاف ہوا ہے جبکہ متعدد کالجز 2019 سے مستقل پرنسپل کی عدم موجودگی میں کام کر رہے ہیں جس کی وجہ سے تعلیمی اداروں میں انتظامی مسائل بڑھنے کے ساتھ طلبہ کی تعداد میں بتدریج کمی ہو رہی ہے۔محکمہ ہائر ایجوکیشن نے اپریل 2026 میں تھرڈ راؤنڈ کے تحت پرنسپلز کی تقرری کے لیے ای پورٹل کھولا تھا، محکمہ تعلیم کی جانب سے 17 اپریل کو کھولے گئے اس پورٹل کو 24 اپریل کی شام 5 بجے بند کر دیا گیا۔اس سے قبل مارچ 2026 میں بھی درخواستیں طلب کی گئی تھیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 74)

لاہور: ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو سینیٹری ورکرز کے تحفظ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی، کالعدم تنظیموں کے 4 دہشت گرد گرفتار

سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 4 دستی بم اور ایک پستول برآمد ہوئی ہے

کراچی (این این آئی) کراچی میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) وفاقی اور سول حساس اداروں نے 2 مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا۔ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 4 دستی بم اور ایک پستول برآمد ہوئی ہے۔ترجمان کے مطابق ابوالحسن اصفہانی روڈ بلاک 4 کے قریب کارروائی کے دوران کالعدم بی ایل اے سے تعلق رکھنے والے 3 دہشت گردوں کو گرفتار کیا گیا، جبکہ کورنگی کازوے ندی کے قریب کارروائی میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 36)

سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات شروع

نیب کے مطابق انٹرویو پینل کے ارکان کی تفصیلات بھی دی جائیں

کراچی (بیورو رپورٹ) نیب نے سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کی تحقیقات شروع کر دی۔نیب کے مطابق سندھ پبلک سروس کمیشن کے امتحان 2023 میں شکایت پر نوٹس لیا گیا۔نیب کراچی کا سیکرٹری سندھ پبلک سروس کمیشن کو خط، اسکریننگ ٹیسٹ اور تحریری امتحان پاس کرنے والے امیدواروں کی تفصیلات علیحدہ پیش کی جائے۔تمام امیدواروں کی تفصیلات اور نتائج کا ریکارڈ فراہم کرنیکی ہدایت کی گئی ہے۔امتحانات کے اشتہار اور جوائننگ کی تفصیل بھی مانگ لیں۔نیب کے مطابق انٹرویو پینل کے ارکان کی تفصیلات بھی دی جائیں۔سیکرٹری سندھ پبلک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، خاتون کو قتل کی دھمکیاں دینے والا نوجوان گرفتار

مصنوعی ذہانت کے ٹولز کو دھمکیوں، خوف و ہراس پھیلانے کیلئے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، حکام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے خاتون کو قتل کی دھمکیاں دینے والے نوجوان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔این سی سی آئی اے حکام کے مطابق معاملے میں مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل کمیونیکیشن پلیٹ فارمز کے استعمال کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ایف آئی آر میں کہا گیا کہ ملزم نے مبینہ طور پر قتل کے طریقوں سے متعلق معلومات، خیالات حاصل کرنے کی کوشش کی۔حکام نے بتایا کہ مقدمے میں عائد الزامات کی تحقیقات کی جا رہی ہیں اور تعین قانونی کارروائی کے ذریعے کیا جائے گا۔این سی سی آئی اے نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

لیاقت بلوچ سے پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کا ٹیلیفونک رابطہ

گورنر راج ایمرجنسی کے بعد سیاسی قیادت کی گرفتاریاں قابل مذمت ہیں، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (اے ایف بی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے پی ٹی آئی رہنما سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خیبر پختونخوا کے میں گورنر راج ایمرجنسی نفاذ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جبکہ اپوزیشن جماعتوں کی اے پی سی بلانے پر بھی بات چیت کی گئی۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کرے گی، خیبر پختونخوا میں گورنر راج ایمرجنسی کے بعد سیاسی قیادت کی گرفتاریاں قابل مذمت ہیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی حکومت کے بدنیتی پر مبنی اقدام کو آئینی عدالت میں چیلنج کر سکتی ہے، حکومت آئین کے غلط (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کر رہے ہیں

ڈی جی پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کی تعیناتی کیلئے 5 رکنی سرچ کمیٹی تشکیل

چیئرمین پی اینڈ ڈی بورڈ کمیٹی کے سربراہ ہوں گے، امیدواروں کے انٹرویوز کے بعد موزوں ترین شخصیت کی سفارش کی جائیگی

قائم مقام ڈی جی پفسا (پی ایف ایس اے) سرچ کمیٹی کو ضروری انتظامی معاونت فراہم کریں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے ڈائریکٹر جنرل پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کی تعیناتی کے لئے 5 رکنی سرچ کمیٹی تشکیل دے دی۔ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب نے سرچ کمیٹی کی تشکیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔سرچ کمیٹی کی تشکیل پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی ایکٹ 2025 کی دفعہ (1)7 کے تحت عمل میں آئی م صوبائی کابینہ نے 11 اکتوبر 2026ء کو سرچ کمیٹی کی تشکیل کی منظوری دی۔چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ سرچ کمیٹی کے سربراہ ہوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

امریکی تنظیم سی ڈی آر ایس کے بانی ٹوڈ شے کی پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کے ہیڈ آفس آمد

سی ڈی آر ایس کے بانی کی چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ سے ملاقات کی

انسانی ہمدردی کی بنیاد پر خدمات، محروم طبقات کی معاونت، خواتین و بچیوں کے تحفظ کیلئے باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمپری ہینسو ڈیزاسٹر ریسپانس سروسز (سی ڈی آر ایس) کے بانی اور چیف ایگزیکٹو ٹوڈ شے نے پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کے ہیڈ آفس میں چیئرپرسن حنا پرویز بٹ اور ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر لبنیٰ نذیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر خدمات، محروم طبقات کی معاونت اور خواتین و بچیوں کے تحفظ کے لیے باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ٹوڈ شے نے موسیقی سے انسانی خدمت تک کے سفر پر مبنی اپنی زندگی کے تجربات بیان کیے۔وہ تقریباً دو دہائیوں سے پاکستان میں انسانی امداد اور ترقیاتی سرگرمیوں سے وابستہ ہیں۔انہوں نے 2005 کے زلزلے کے بعد پاکستان میں سی ڈی آر ایس کی بنیاد رکھی اور قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی امداد اور محروم طبقات کی معاونت کے لیے کام جاری رکھا۔ٹوڈ شے کی قائم کردہ سی ڈی آر ایس پاکستان میں پینے کے صاف پانی کے 789 سے زائد منصوبے مکمل کر چکی ہے، جبکہ گھروں اور اسکولوں کی تعمیر اور نوجوانوں میں قائدانہ صلاحیتوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 61)

ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت پوٹھوہار میں منی ڈیمز کی تعمیر جاری

گزشتہ مالی سال میں 111 منی ڈیمز کی تعمیر مکمل کر لی گئی، محکمہ زراعت

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب کے تین سالہ ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت پوٹھوہار میں منی ڈیمز کی تعمیر جاری ہے اور مالی سال 26-2025 کے دوران 111 منی ڈیمز کی تعمیر مکمل کر لی گئی۔محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پوٹھوہار میں منی ڈیمز کی تعمیر کے لیے کاشتکاروں کو 70 فیصد سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے، رواں مالی سال راولپنڈی ڈویژن میں مزید 150 منی ڈیمز تعمیر کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، ایک منی ڈیم پر 17 لاکھ 50 ہزار روپے سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔محکمہ زراعت کے مطابق منی ڈیمز کی تعمیر کا مقصد بارشی پانی کو محفوظ بنا کر زرعی مقاصد کے لیے استعمال کرنا ہے، منی ڈیمز کی تعمیر سے خطہ پوٹھوہار میں بارانی زراعت کو آبپاش زراعت میں تبدیل کرنے میں مدد ملے گی۔بارشی پانی کو ذخیرہ کر کے فصلوں کی آبپاشی کے لیے استعمال کیا جائے گا جس سے بارانی علاقوں میں پانی کی کمی پر قابو پانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔کاشتکاروں نے منی ڈیمز کی تعمیر کو اہم اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کا زرعی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

پیرا فورس کے اہلکار کیخلاف مقدمے کے اندراج سے متعلق درخواست خارج

پیرا فورس کے اہلکار ہونے کی بنیاد پر کسی شخص کو عام فوجداری قانون سے استثنیٰ حاصل نہیں' لاہور ہائیکورٹ

اختیارات کے غلط استعمال سے متعلق شکایت، عام فوجداری جرم کے درمیان قانونی فرق کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے' جسٹس محمد اجمل زاہد

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے شہری پر تشدد کرنے اور نقدی چھیننے کے الزام میں پیرا فورس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رکھنے کا حکم دے دیا، جسٹس محمد اجمل نے قرار دیا کہ پیرا فورس کے اہلکار ہونے کی بنیاد پر کسی شخص کو عام فوجداری قانون سے استثنیٰ حاصل نہیں، عدالت نے پیرا فورس کے اہلکار کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے حکم کی خلاف درخواست خارج کر دی۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد اجمل زاہد نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ کسی اہلکار کا سرکاری عہدہ بذات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 67)

سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتے کے دوران اضافہ ریکارڈ

شمالی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1,613 روپے ریکارڈ کی گئی

کوئٹہ میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط قیمت 1560 روپے جبکہ خضدار میں 1,650 روپے ریکارڈ کی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتے کے دوران اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 8 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران ملک کے شمالی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1,613 روپے ریکارڈ کی گئی، جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 1.66 فیصد زیادہ ہے۔گزشتہ ہفتے کے دوران ملک کے جنوبی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1568 روپے ریکارڈ کی گئی، جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 1.32 فیصد زیادہ ہے۔ پیوستہ ہفتے کے دوران جنوبی علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط قیمت 1,547 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1,611 روپے، راولپنڈی میں 1,552 روپے، گوجرانوالہ میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 68)

پی ٹی آئی کسی بھی اسمبلی سے استعفیٰ دینے کا ارادہ نہیں رکھتی، سلمان اکرم راجہ

یہ مفروضہ ہے کہ اسمبلیاں چھوڑ دیں گے تو نظام مفلوج ہو جائے گا، ہم کیوں 76 سیٹیں چھوڑ دیں

اپنی آواز اسمبلیوں سے بھی اٹھائی جا سکتی ہے، کوئی ایسا بٹن نہیں کہ ہم دبائیں تو لاکھوں لوگ سڑکوں پر آ جائیں

ہمیں کہا جا رہا تھا اس پالیسی پر دستخط کریں کہ دہشتگردی کے خلاف فیصلہ پی ٹی آئی تسلیم کرے گی

اسلام آباد (اے ایف بی) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کسی بھی اسمبلی سے استعفیٰ دینے کا ارادہ نہیں رکھتی، یہ مفروضہ ہے کہ اسمبلیاں چھوڑ دیں گے تو نظام مفلوج ہو جائے گا، ہمیں کہا جا رہا تھا اس پالیسی پر دستخط کریں کہ دہشتگردی کے خلاف فیصلہ پی ٹی آئی تسلیم کرے گی، ہمارا مطالبہ تھا کہ ڈرون حملوں میں معصوم جانیں ضائع ہوں، لوگوں کو بے گھر نہیں کیا جائے گا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کسی بھی اسمبلی سے استعفیٰ دینے کا ارادہ نہیں رکھتی، یہ مفروضہ ہے کہ اسمبلیاں چھوڑ دیں گے تو نظام مفلوج ہو جائے گا، پی ٹی آئی نے پہلے بھی استعفے دیئے لیکن تب بھی اسمبلی چلتی تھی، ہم کیوں 76 سیٹیں چھوڑ دیں اپنی آواز اسمبلیوں سے بھی اٹھائی جا سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

سپیکر قومی اسمبلی کا ملتان کے قریب ٹرین حادثے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ملتان کے قریب ٹرین حادثے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔قومی اسمبلی سیکرٹریٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

وزیر ریلوے کا ملتان ٹرین حادثے پر افسوس کا اظہار، زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ملتان میں شیر شاہ کے قریب پیش آنے والے ٹرین حادثے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

دھواں پھیلانے والی گاڑیوں سے گریز کریں انسدادِ سموگ مہم میں حکومت کا ساتھ دیں

مریم اورنگزیب

پنجاب بھر میں انسدادِ سموگ آپریشن، صنعتی یونٹس اور بھٹوں کے خلاف کارروائیاں جاری' 24 گھنٹوں میں 21 صنعتی یونٹس اور بھٹے سیل

پنجاب بھر میں دھان کی 63 لاکھ 32 ہزار ایکڑ سے زائد زیر کاشت رقبے میں سے 16 لاکھ 2 ہزار 746 ایکڑ پر کٹائی مکمل ہو چکی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں انسدادِ سموگ انفورسمنٹ مزید تیز کر دی گئی ہیں۔اس حوالے سے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا تھا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 40)

nni
باب الشیخ
بین الاقوامی ختمِ نبوّت کانفرنس

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان دربار گولڑہ شریف میں منعقدہ بین الاقوامی ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

آسٹریلیا، پاکستانی طالبہ کی ہلاکت میں ملوث مجرم کو پہلے سزا، اچھا رویہ اپنانے پر سزا معطل

سڈنی (مانیٹرنگ ڈیسک) آسٹریلیا میں پاکستانی طالبہ کی ہلاکت میں ملوث مجرم کو معطل سزا سنا دی گئی۔آسٹریلوی میڈیا کے مطابق جرم قبول کرنے پر 20 سال کے ڈرائیور کو 2 (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

چینی کمپنی نے کراچی میں پانی کی لائن کے فور پائپ بچھانے پر آمادگی ظاہر کر دی

کراچی (بیورو رپورٹ) چینی کمپنی نے کراچی میں پانی کی فراہمی کیلئے کے فور پائپ لائن بچھانے پر آمادگی ظاہر کر دی۔چینی شہر ووہان میں وزیر اعلی سندھ مراد علی شاہ نے سکھر بیراج کے گیٹس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے بروقت تیاری و عوامی آگاہی ناگزیر ہے، ایم ایس ڈاکٹر نوید احمد سڈل

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹلی لوہاراں ڈاکٹر نوید احمد سڈل نے کہا ہے کہ قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کم کرنے کیلئے بروقت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

سیوریج صفائی کے دوران حادثات کی روک تھام، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے جامع حفاظتی ایس او پیز کی منظوری دیدی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سیوریج صفائی کے دوران پیش آنے والے حادثات کا نوٹس لیتے ہوئے جامع ایس او پیز کی منظوری دے دی، وزیر اعلی مریم نواز شریف کی منظوری سے سینیٹری ورکرز کے تحفظ کے لیے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

ایمان فاطمہ نے رجب بٹ کے خلاف نان نفقے کا دعویٰ دائر کر دیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) یوٹیوبر رجب بٹ کی اہلیہ نے بچے کے ماہانہ خرچے اور جہیز کا سامان واپس لینے کے لیے دعویٰ دائر کر دیا۔(باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

مصطفیٰ عامر قتل کیس، ملزم ارمغان و شیراز کا عدالتی نوٹس وصول کرنے سے انکار

دورانِ سماعت سندھ ہائی کورٹ کا ملزمان کے نوٹس وصول نہ کرنے پر حیرت کا اظہار

کراچی (بیورو رپورٹ) مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان اور شیراز نے عدالتی نوٹس وصول کرنے سے انکار کر دیا۔سندھ ہائی کورٹ میں مصطفیٰ عامر قتل کیس کے اسپیڈی ٹرائل کی درخواست پر سماعت ہوئی۔دورانِ سماعت سندھ ہائی کورٹ نے ملزمان کے نوٹس وصول نہ کرنے پر حیرت کا اظہار (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

اچھی حکمرانی کیلئے میرٹ، شفافیت اور احتساب ناگزیر ہیں، سپیکر پنجاب اسمبلی

سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں، تعلیم، صحت اور امن و امان قومی ترجیحات ہونی چاہئیں

لاہور (پارلیمانی رپورٹر) اچھی حکمرانی کیلئے میرٹ، شفافیت اور احتساب ناگزیر ہیں، سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں، تعلیم، صحت اور امن و امان قومی ترجیحات ہونی چاہئیں ان خیالات کا اظہار سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں ہیں نے یونیورسٹی آف فیصل آباد میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

پیرا فورس کے اہلکار کیخلاف مقدمے کے اندراج سے متعلق درخواست خارج

شہری پر تشدد کرنے اور نقدی چھیننے کے الزام میں پیرا فورس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رکھنے کا حکم

درخواست گزار توقیر آصف نے ایڈیشنل سیشن جج کے حکم کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے شہری پر تشدد کرنے اور نقدی چھیننے کے الزام میں پیرا فورس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رکھنے کا حکم دے دیا جبکہ جسٹس محمد اجمل نے قرار دیا ہے کہ پیرا فورس کے اہلکار ہونے کی بنیاد پر کسی شخص کو عام فوجداری قانون سے استثنیٰ حاصل نہیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

پاکستان کی شام میں اسرائیلی جارحیت کی مذمت مقبوضہ علاقوں سے انخلا کا مطالبہ

اسرائیلی کارروائیاں خطے میں امن و استحکام کے امکانات کو نقصان پہنچا رہی ہیں، عثمان جدون مندوب اقوام متحدہ

مقبوضہ شامی علاقہ گولان بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں، خصوصاً قرارداد 338 اور 497 کے تحت شام کا حصہ ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے شام میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں کو بین الاقوامی قانون اور شام کی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اسرائیل سے تمام مقبوضہ شامی علاقوں کو خالی کرنے اور 1974 کے معاہدے کا مکمل احترام کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔اقوام متحدہ میں پاکستان کے مندوب سفیر عثمان جدون نے سلامتی کونسل کو شام کی انسانی اور سیاسی صورت حال پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی کارروائیاں خطے میں امن و استحکام کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان نجی یونیورسٹی میں ''اچھی حکمرانی، شمولیت، تنوع اور ادارہ جاتی موثریت'' کے موضوع پر منعقدہ انٹر ایکٹو سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

سی ٹی او لاہور کا حادثات کی روک تھام کیلئے ٹریفک افسران کو خصوصی اقدامات کا حکم

ناقص ہیلمٹ کے استعمال پر متعلقہ سیکٹر انچارج، ڈی ایس پی ذمہ دار ہوں گے' عبدالرحیم شیرازی

ریت، مٹی اور بھوسا لے جانے والی گاڑیوں کو ترپال کے بغیر چلنے کی اجازت نہ دینے کی ہدایت

لاہور (کرائم رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے شہر میں ٹریفک انتظامات بہتر بنانے اور حادثات کی روک تھام کے لیے ٹریفک افسران کو ہدایات جاری کر دیں۔انہوں نے شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر ٹریفک انتظامات کو مزید موثر بنانے اور حادثات کے ہاٹ اسپاٹ ایریاز میں خصوصی اقدامات کرنے کا حکم دیا ہے۔سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے ہدایت کی کہ محفوظ پنجاب کے وژن کے تحت حادثات کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اور موٹر سائیکل سواروں کو معیاری ہیلمٹ کے استعمال کا پابند بنایا جائے، ناقص ہیلمٹ کے خلاف موثر کارروائی نہ ہونے پر متعلقہ سیکٹر انچارج اور ڈی ایس پی ذمہ دار ہوں گے۔انہوں نے پیدل سڑک عبور کرنے والے شہریوں میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے خصوصی مہم چلانے اور مختلف مقامات پر انتباہی بورڈز نصب کرنے کی بھی ہدایت کی۔سی ٹی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

کراچی سے پشاور جاتے ہوئے حادثے کا شکار ہونے والی رحمان بابا ٹرین کی بوگیاں پٹڑی پر الٹی ہوئی ہیں

گورنر راج، عوام کے مینڈیٹ، آئینی حقوق اور جمہوری آزادی کو محدود کرنے کی کوشش ہے' جاوید قصوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کا نفاذ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے سیاہ کارناموں میں ایک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

لاہور، لاکھوں روپے کی ڈکیتی، ماسٹر مائنڈ دکان مالک کا بھتیجا نکلا

لاہور (کرائم رپورٹر) اسلام پورہ میں ڈکیتی کی واردات کا منصوبہ بے نقاب ہو گیا، دکان مالک کا اپنا بھتیجا ہی ڈکیتی کا ماسٹر مائنڈ نکلا۔پولیس نے واردات میں ملوث ملزمان شہریار اور سکندر کو گرفتار کر کے لوٹی گئی رقم اور واردات میں استعمال (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com